أحكام تجويد القرآن

الجزء الأول

إعداد: الأستاذة كريمة كارول سربنسكي

مترجمین: استاذہ تحسین افتخار واستاذہ ربیعہ شاد

ⓗ ربيعة تشاد و تحسين افتخار ؛ ١٤٢٨ هـ.

فهرسة مكتبة الملك فهد الوطنية أثناء النشر

سربنسكي ، كريمة .

تجويد القرآن ./ كريمة سربنسكي ؛ ربيعة تشاد ؛ تحسين
افتخار - جدة ، ١٤٢٨هـ.

١٢٨ ص ، ٢١ X ٢٩,٧ سم

ردمك : ٩ ـ ٧٧٤ ـ ٧٥ ـ ٩٩٦٠

(الكتاب باللغة الأردية)

١ ـ القرآن، القراءات والتجويد أ - شاد ، ربيعة (مترجم)
ب - إفتخار ، تحسين (مترجم) ج - العنوان
ديوي ٢٢٨,٩ ١٤٢٨/٣٠٥٤

رقم الإيداع : ١٤٢٨/٣٠٥٤
ردمك : ٩ ـ ٧٧٤ ـ ٧٥ ـ ٩٩٦٠

الطبعة الأولى
١٤٢٨هـ ـ ٢٠٠٧م

فوزیہ علوی الحامد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرستِ مضامین

تقديم الأستاذ عبدالعزيز بن عبدالله حنفي
رئيس الجمعية الخيرية لتحفيظ القرآن الكريم بمحافظة جدة

مقدمة

الحمد لله رب العالمين المتفضل بالنعم على خلقه القائل في محكم التنزيل {وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلاً} والصلاة والسلام على رسوله الكريم القائل (الماهر بالقرآن مع السفرة الكرام البررة ، والذي يقرأ القرآن ويتعتع فيه وهو عليه شاق: له أجران).

اهتمامنا بتعليم القرآن الكريم منطلقه أننا نعمل بأمر الله عز وجل ورسول الله صلى الله عليه وسلم (بلغوا عني ولو آية) وغايته سعينا للخيرية التي وعد أهل القرآن الكريم (خيركم من تعلم القرآن وعلمه) وبين الانطلاقة والغاية تشمّر السواعد وتستنفر الطاقات ويتسابق في ذلك المتسابقون ، فتكون النتائج إن شاء الله تعالى مبشرة بالخير مبهجة للنفوس في الدنيا قبل الآخرة فهذه الكوكبة من حفاظ وحافظات القرآن الكريم هم جيل المستقبل الذين سيحملون الأمانة التربوية والتعليمية والثقافية والعلمية لذلك كان الحرص على توسيع شريحة المستفيدين من حلق تحفيظ القرآن الكريم.

وحيث أن إتقان التلاوة والتجويد عنصر مهم في عملية تعليم القرآن الكريم كان الاهتمام بأحكام التجويد محل عناية من المسلمين لحرصنا جميعاً أن نقرأه غضاً طرياً كما أنزل على رسولنا صلى الله عليه وسلم ، وقد تنوعت قوالب وأساليب تعليم التلاوة وأحكام التجويد لتقريب الفهم للمتعلم ولم يقتصر ذلك على اللغة العربية لغة القرآن بل ترجمت إلى لغات شتى ليستفيد منها المسلمون على مختلف ألسنتهم وثقافاتهم فيقرأو القرآن باللغة العربية ويدركون أحكامه ومعانيه بلغتهم الأم حتى يكونوا على دراية وعلم بعلوم وتفسير وأحكام القرآن الكريم.

وهذا الكتاب بين أيديكم (أحكام تجويد القرآن الكريم) الجزء الأول أعدته الأستاذة الفاضلة/ كريمة سرينسكي باللغة الإنجليزية وهي المسؤولة عن قسم الناطقات بغير اللغة العربية في مدرسة دار الهدى لتحفيظ القرآن الكريم بالجمعية الخيرية لتحفيظ القرآن الكريم بمحافظة جدة ، وقد بذلت فيه من الجهد الشيء الكثير نسأل الله أن ينفع بها وبعلمها ، ومن ثَمّ ترجمته إلى اللغة الأوردية الأستاذة/ ربيعة شاد والأستاذة/ تحسين افتخار وهما معلمتان بقسم الناطقات بغير اللغة العربية في مدرسة دار الهدى لتحفيظ القرآن الكريم شكر الله لهما ، ولا شك أن هناك مؤلفات بلغة الأوردو تطرقت لعلوم وأحكام التجويد ، ولكن كما قلت سابقا: المنهج واحد والقوالب والأساليب متنوعة ، نسأل الله عز وجل أن ينفع بهذا الكتاب وأن يجزي مؤلفته الأستاذة التي أعدته أولاً وكذلك الأستاذتين اللتين ترجمتاه إلى الأوردية خيراً على الجهد الذي بذلنه جميعاً ، كما أشكر الأستاذة الفاضلة رابعة أبو السمح لنشاطها الملحوظ وحرصها على الرقي بمستوى تحفيظ القرآن الكريم والبحث عن الوسائل والكوادر التي تحقق ذلك.

والحمد لله أولاً وآخراً

عبدالعزيز بن عبدالله حنفي

رئيس الجمعية الخيرية لتحفيظ

القرآن الكريم بمحافظة جدة

مقدمہ

تمام تر تعریفیں رب العالمین ہی کے لئے ہیں جس نے اپنی خلقت کو بھر پور نعمتوں سے نوازا ہے۔اور جو اپنے نازل کردہ احکاماتِ قرآن کریم میں فرماتے ہیں ﴿وَرَتِّلِ ٱلْقُرْءَانَ تَرْتِيلًا﴾ 'اور قرآن کو ترتیل کے ساتھ پڑھو۔' اور درود وسلام اسکے رسول کریم پر جن کا فرمان ہے (الماهر بالقرآن مع السفرة الكرام البررة، والذي يقرأ القرآن ويتعتع فيه وهو عليه شاق، له أجران) 'جو شخص قرآن پڑھنے میں ماہر، تو وہ بزرگ، نیکوکار فرشتوں کے ساتھ ہوگا۔اور جو قرآن اٹک اٹک کر پڑھتا ہے اور اس کے پڑھنے میں اسے مشقت ہوتی ہے، اس کے لئے دگنا اجر ہے۔'

قرآن کریم کی تعلیم کے لئے ضروری ہے کہ ہم اللہ عزوجل اور رسول اللہ ﷺ کے احکامات پر عمل پیرا ہوتے ہوئے آگے بڑھیں (بلغوا عني ولو آية) 'پہنچاؤ میری طرف سے خواہ وہ ایک آیت ہی کیوں نہ ہو۔' اور اسکا مقصد یہ ہے کہ ہماری کوشش خیر وبھلائی کے لئے ہو۔اور اہل قرآن کے لئے جسکا وعدہ کیا گیا ہے (خيركم من تعلم القرآن وعلمه) 'تم میں سے سب سے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور اسکی تعلیم دے۔' اس راہ پر گامزن ہونے اور کامیابی حاصل کرنے کے لیئے کوششیں کی جاتی ہیں اور صلاحیتیں ابھاری جاتی۔اور آپس میں ایک دوسرے سے بہتر ہونے کے لئے مقابلہ کیا جاتا ہے۔اور ان شاءاللہ اس کے نتائج آخرت سے پہلے اس دنیا میں بھلائی کے ساتھ خوشی اور راحت کا باعث ہونگے۔اور یہ حفاظ وحافظات القرآن الکریم آنے والی نسل کے درخشاں ستارے ہیں۔جنہوں نے تربیتی، تعلیمی، تقاضی اور علمی ذمہ داریوں کا بوجھ اٹھانا ہے۔چنانچہ یہ خواہش ہوئی کہ لوگ تحفیظ القرآن کے دائرے سے وسیع پیمانے پر مستفید ہوں۔

جیسا کہ قرآن کی عملی تعلیم میں تلاوت اور تجوید میں مہارت کا حصول انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔اس موقع پر تمام مسلمانوں کی یہ کوشش ہونی چاہیے کہ وہ احکام تجوید القرآن پر توجہ دیں۔اور ہم قرآن اسی طرح پڑھیں جس طرح یہ ہمارے رسول ﷺ پر نازل ہوا۔اور اسی لئے تلاوت کی تعلیم اور احکام تجوید کے لیئے مختلف انداز اختیار کئے گئے تا کہ اسکا فہم حاصل ہو سکے۔اور اسکی تعلیم کو صرف عربی زبان تک ہی محدود نہیں کیا گیا جو کہ قرآن کی زبان ہے بلکہ اسکا مختلف زبانوں میں ترجمہ کیا گیا تا کہ مختلف ثقافتوں اور زبانوں سے تعلق رکھنے والے مسلمان اس سے استفادہ حاصل کر سکیں۔پس وہ قرآن کو عربی زبان میں پڑھیں اور اسکے احکام ومعنی اپنی مادری زبان میں سمجھیں یہاں تک کہ وہ علوم التفسیر اور احکام القرآن سے بھی آشنا ہوں۔

یہ کتاب جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے (أحكام تجويد القرآن الكريم) الجزء الاوّل جسکی مؤلفہ الاستاذہ الفاضلہ کریمہ سرپنسکی صاحبہ ہیں۔جنہوں نے اسے انگریزی زبان میں تحریر کیا ہے اور وہ مدرسہ دار الھدیٰ لتحفیظ القرآن الکریم بمحافظۃ جدۃ کے عربی نہ بولنے والوں کے شعبہ میں نگراں کی حیثیت سے اپنے فرائض سرانجام دے رہی ہیں۔اور یقیناً اس میں ان کی بے انتہا محنت شامل ہے۔

ہم اللہ تعالی سے دعا گو ہیں کہ وہ انہیں اہوا نکے علم کو نفع بخش بنائے۔ بعدازاں الاستاذہ تحسین افتخار اور الاستاذہ ربیعہ شاد نے اس کتاب کا اردو ترجمہ کیا۔ یہ دونوں مدرسہ دارالھدی کے عربی نہ بولنے والوں کے شعبہ کی معلمات ہیں۔ اللہ تعالی ان دونوں کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ اور بے شک اردو زبان میں علوم اور احکام تجوید پر مختلف کتابیں موجود ہیں لیکن جیسا کہ میں نے پہلے کہا کہ ان کے اصول وقواعد ایک ہی ہیں۔ بس طرز بیان مختلف ہے۔ ہم اللہ عزوجل سے دعا گو ہیں کہ وہ اس کتاب کو نافع بنائے اور اس کی مؤلفہ جس نے پہلے اس کتاب کی تالیف کی اور اس طرح ان دونوں اساتذہ کو جنہوں نے اس کا اردو ترجمہ کیا کو اجر خیر عطا فرمائے۔ اسی طرح میں الاستاذہ الفاضلہ رابعہ ابو السمح کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جنکی خواہش وکوشش ہے کہ تحفیظ القرآن سے متعلقہ امور اعلی پیمانے پر انجام پائیں اور اس کے لیئے وہ وسائل اور صلاحیتیں تلاش کی جائیں جو اس مقصد کو پورا کرسکیں۔

عبد العزيز بن عبد الله حنفي
رئيس الجمعية الخيرية لتحفيظ
القرآن الكريم بمحافظة جدة

بسم الله الرحمن الرحيم

All praises to Allah the owner of the worlds and Creator of all things, who revealed the Glorious Qur'an to His final Messenger, Muhammed ﷺ as a guidance to mankind, and may the praises and blessings of Allah be upon our Prophet Muhammed, ﷺ and his family, his companions, and those who follow him in the best ways.

Through reading the Qur'an and pondering its meaning man can be taken from darkness to light and from ignorance to awareness. It is then of course vital that Muslims read the Qur'an as it was revealed, with proper pronunciation of the letters and application of their characteristics better known as the science of tajweed. Every Muslim should strive to learn this science so he or she can read the Words of Allah the Exalted correctly, and give the letters their rights and dues.

There has been an awakening in the Non-Arab Muslim world to the science of tajweed, and al-hamdu lillah many Muslims are now trying to learn how to read the Qur'an correctly and fix some embedded mistakes found in some geographical areas in letter mispronunciation and other tajweed rules. There is with this awakening though a great need for proper detailed tajweed books in the native languages of the different Muslim groups studying the Qur'an with proper recitation.

I can only be happy then that these two wonderful teachers of the Qur'an have decided to translate Tajweed Rules of the Qur'an part one, and insha' Allah later parts two and three into the Urdu language. The Urdu speaking Muslims are many in this world and a great number of them are very keen to learn proper tajweed and fix misconceptions and errors they may have picked up in the past. Certainly Ustadhah Rabee'ah Shad and Ustadhah Tehseen Iftikhar are capable and worthy of writing tajweed books on their own, but since they are used to first learning, then teaching tajweed with the Tajweed Rules of the Qur'an book, they thought it beneficial to translate it into Urdu. Ustadhah Tehseen has excelled in her studies of tajweed and has become an outstanding teacher after completing three years in the English program at Dar Al-Huda School for Qur'an, then went on to take the final year in Arabic, being a model student and achieving very high marks. She currently teaches and has taught tajweed with explanations in Urdu at Dar Al-Huda for the last four years. Ustadhah Rabee'ah, studied and completed the tajweed course in English, went on to take the final year in Arabic, excelling in both, then went on to complete her memorization of the Qur'an and has an ijaazah in the Qur'an for the recitation of Hafs 'an 'Aasim min tareeq Ash-Shaatibiyyah and in Hafs 'an 'Aasim min tareeq Tayyibati-n-Nashr. She has sought and achieved further studies in the Qur'an and has studied and memorized the Shatibiyyah poem in the seven qira'aat and Ad-Durrah in the three qira'aat. She is currently practicing recitation of the ten qira'aat and insha' Allah soon will start an ijaazah in the ten qira'aat. Ustadhah Rabee'ah has taught tajweed at Dar Al-Huda for almost seven years. These two noble teachers have worked hard on this translation and have put in many hours in the subject details and in perfecting the language translation into Urdu.

I pray that Allah accept this work and ask Allah that this book will be in their righteous deeds on the Day of Resurrection and a continuous charity for both me and them. Ameen.

Servant of the Glorious Qur'an,

Kareema Henry Czerepinski

Sha'baan 28, 1427
September 21, 2006

بسم الله الرحمٰن الرحيم الحمد لله والصلاة والسلام على رسول الله، أما بعد:

تمام تعریفیں صرف اللہ تبارک وتعالیٰ ہی کے لیے ہیں جس نے اپنے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن نازل کیا جو حق کے متلاشی لوگوں کے لیے سرچشمۂ ہدایت ہے۔ بلاشبہ یہ اللہ کا کلام ہے اور اس کے ایک ایک حرف پڑھنے پر دس نیکیوں کا ثواب حدیث سے ثابت ہے۔ لہٰذا اس کو پڑھنا، اس کا فہم حاصل کرنا اور اس پر عمل کرنا ہر مسلمان کے لیے بے حد ضروری ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ہم پر بہت بڑا احسان ہے کہ اس نے اپنی رحمت سے ہمیں تجوید کی اہمیت وافادیت سے آگاہی بخشی اور اس کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد اسے دوسروں تک منتقل کرنے کے مواقع فراہم کیے۔ اردو زبان میں تجوید سے متعلق کتابیں پہلے سے موجود ہیں لیکن ایک احساسِ تشنگی ہمیشہ سے دل میں رہا اور تین سالہ تجوید کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد یہ احساس اور بڑھ گیا کہ اردو زبان میں تجوید کی ایک ایسی جامع کتاب ہونا چاہیے، جو قرآن پڑھنے کے تمام بنیادی قواعد کا احاطہ کیے ہوئے ہو۔ الحمد للہ، اللہ تعالیٰ نے اس نیت کو پورا کرنے میں ہماری مدد فرمائی اور اپنی عظیم معلّمہ محترمہ کریمہ سرپنسکی صاحبہ کی کتاب 'اَحکامُ تجویدِ القرآن' کا ترجمہ کرنے کی راہ سجھائی، جو کہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔ اس میں امام حفص عن عاصم من طریق الشاطبیہ کے تمام اصول بیان کیے گئے ہیں۔ یہ انتہائی مستند کتاب سعودی عرب کے بعض مدارس میں بطور نصاب پڑھائی جاتی ہے۔ یقیناً ہماری یہ کوشش اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق ہی کا نتیجہ ہے۔ ہم تہہ دل سے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کو اپنے لیے خالص کر لے اور قبول فرما لے۔ اس کتاب کو شرف قبولیت بخشے۔ اردو جاننے والوں کی کثیر تعداد اس سے مستفید ہو سکے اور یہ ہمارے اور ہمارے ماں باپ کے لیے صدقۂ جاریہ بن جائے (آمین)۔

ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس کتاب کو آسان بنا کر پیش کیا جائے، تاکہ طالب علم کو اصول وقواعد سمجھنے میں کوئی دقّت نہ ہو۔ لیکن اس چیز کو ذہن میں رکھا جائے کہ استاد کی ضرورت بہر حال رہے گی، کیونکہ درست تلفظ کے لیے ضروری ہے کہ کسی ماہرِ قرآن استاد کی قراءت سنی جائے اور پھر اسکے سامنے خود پڑھ کر سنایا جائے، تاکہ غلطیوں کی تصحیح ہو سکے۔

یہ کتاب (حصۂ اول) نو ابواب پر مشتمل ہے، جس میں تجوید کے کچھ بنیادی اصول شامل کیے گئے ہیں اور یہ تمام اصول امام حفص عن عاصم، (جو کہ ایک عظیم قاری مانے جاتے ہیں) کے طریقۂ شاطبیہ کے مطابق ہیں۔ اس میں تجوید کے تعارف سے لیکر مخارج، أَحْكَام النُّون السَّاكِنَةِ وَالتَّنْوِين ، الْمِيمُ السَّاكِنَة ، اللامُ السَّاكِنَة ،غُنَّة،مدَّات، حروف کی بناوٹ اور قَلْقَلَة تک کے تمام قواعد کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ اس کتاب کا بیشتر حصہ محترمہ کریمہ سرپنسکی کی کتاب کا ترجمہ ہے اور اسے اسی طرح ترتیب دیا گیا ہے، لیکن اس میں کچھ اضافہ بھی کیا گیا ہے، مثلاً اُصول وقواعد سے متعلق شواہد تحریر کیے گئے ہیں جو کہ منظومه المقدمة فيما يجب على قاريء القرآن أن يعلمه سے لیے گئے ہیں اور ساتھ ہی اس کا ترجمہ بھی کیا گیا

ہے تاکہ طالبِ علم کو اس کا مطلب بھی سمجھ آسکے۔قواعد کی تعریفات عربی زبان میں دی گئی ہیں، تاکہ طالب علم اگر بعد میں کسی عربی کتاب سے مستفید ہونا چاہے تو وہ عربی اصطلاحات سے مانوس ہوجائے۔تمام تعریفات کا اردو ترجمہ بھی دیا گیا ہے، تاکہ مطلب سمجھنے میں دقّت نہ ہو اور احکام اچھی طرح ذہن نشین ہو جائیں۔تمام قواعد کو قرآنی مثالوں سے واضح کیا گیا ہے۔بعض قواعد میں موجود استثناءات کا ذکر سورت اور آیات کے ساتھ کیا گیا ہے۔

اس موقع پر ہم خصوصی طور پر اپنی معلّمہ محترمہ کریمہ سرپنسکی صاحبہ کے شاکر ہیں، جنہوں نے ہمارے ارادے کا پر جوش خیر مقدم کیا اور بغیر کسی تأمل کے کھلے دل سے اپنی کتاب کے ترجمے کی اجازت دی معلّمہ کریمہ صاحبہ امریکی نژاد سعودی ہیں اور سالہا سال سے قرآن کی خدمت میں مصروف ہیں۔انہوں نے پورا قرآن مع تجوید حفظ کیا ہے۔انہوں نے قرآن پڑھنے کی دو اسناد حاصل کی ہیں، ایک امام حفصؒ عن عاصمؒ من طريق الشاطبية ہے اور دوسری امام حفصؒ عن عاصمؒ من طريق الطيبة ۔انہوں نے صرف اسی پر اکتفا نہیں کیا، بلکہ وہ اس دوران میں مختلف قراءات کا علم بھی حاصل کر رہی ہیں۔یہ اللہ تعالی کا فضل ہے وہ جس کو چاہے عطا کرتا ہے۔ اللہ تعالی انہیں ان کی کوششوں کا بہترین اجر عطا فرمائے اور انہیں ان کے لیے صدقۂ جاریہ بنادے (آمین)۔

ہم محترمہ ثمیرہ صدیقی صاحبہ کا بھی خلوص دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں، جنہوں نے اپنے قیمتی وقت کا کچھ حصہ ہمارے ساتھ گزارا اور ہمیں مفید مشورے دیے۔

ہم محترم خلیل الرحمٰن چشتی صاحب کا بھی تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں، جنہوں نے اس کتاب کی editing اور نظر ثانی کے لیے اپنا قیمتی وقت صرف کیا اور، ہمیں مفید معلومات فراہم کیں۔اللہ تعالی انہیں بہترین اجر عطا فرمائے (آمین)۔

اس کتاب کا انتہائی احتیاط سے اور اس نیّت کے ساتھ ترجمہ کیا گیا ہے کہ سیکھنے والوں تک آسان اور صحیح طریقے سے بات پہنچے، لیکن بشری کمزوریوں کے باعث غلطی کا احتمال بہر حال باقی رہتا ہے۔اہلِ علم سے گزارش ہے کہ اگر کسی قسم کی کوئی غلطی پائیں تو اس سے آگاہ کر کے اجرِ خیر حاصل کریں۔ان شاء اللہ اصلاح کر لی جائے گی۔

طالبان دعائے خیر

تحسین افتخار، ربیعہ شاد

بسم الله الرحمٰن الرحيم الحمد لله و الصلاة و السلام على رسول الله، أما بعد:

الحمد للہ بیشک تمام تر حمد وثنا اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہی کے لیے ہے جس نے اپنی رحمت سے مجھے یہ نیک کام کرنے کی توفیق بخشی اور اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔ یقیناً اُس کی مدد کے بغیر کوئی کام بھی ممکن نہیں۔ جو کچھ میں نے کیا اور جن لوگوں نے اس کام میں میری مدد کی وہ بھی دراصل اللہ کی مدد اور رحمت ہی کا نتیجہ ہے۔ اس کتاب کی تکمیل کے موقع پر اللہ تعالیٰ کے بعد میں ان سب لوگوں کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں جن کا تعاون اور دعائیں میرے ساتھ رہیں۔ ان میں خصوصی طور پر میری اساتذہ کرام شامل ہیں جن سے میں نے یہ علم سیکھا، اور جن کی محبت، رہنمائی اور دعائیں ہمیشہ میرے ساتھ رہیں۔ ان میں میری بہت پیاری اور شفیق معلّمہ محترمہ پینار سیوکل صاحبہ، عظیم معلّمہ محترمہ کریمہ سرپنسکی صاحبہ اور معلّمہ محترمہ نرجس قطرنجی صاحبہ شامل ہیں۔

اس کتاب کی تیاری میں مجھے اپنی عزیز ساتھی ربیعہ شاد صاحبہ کا بھرپور تعاون حاصل رہا۔ انہوں نے اپنی ذمہ داری کو ہمیشہ خلوص دل سے ادا کیا جس کے لیے میں ان کی خصوصی طور پر شکرگزار ہوں۔

میں دارالھدیٰ میں اپنی ان طالبات کی بھی تہہ دل سے شکرگزار ہوں جنھوں نے ابتدائی دو سال میرے ساتھ بغیر کسی شکایت کے انتہائی محنت اور لگن سے گزارے جب کہ ان کے سامنے اردو میں کتاب موجود نہ تھی۔

آخر میں اپنے پیارے شوہر اور بچوں کی بے حد شکرگزار ہوں، جن کا تعاون اور حوصلہ افزائی ہمیشہ میرے ساتھ رہی۔ میرے شوہر نے اپنی تمام تر مصروفیات کے باوجود ہمیشہ اس کام میں میری ہمت بندھائی اور ہر طرح کی سہولت فراہم کی۔ حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے ہی مجھے اس کتاب کی ترغیب دلائی اور میرے محترم وشفیق بھائی محترم خواجہ راحت اقبال صاحب جنھوں نے اپنی بے انتہا مصروفیات کے باوجود بوقت ضرورت اپنا تعاون فراہم کیا۔ میں ان تمام لوگوں کے لیے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان سب کو اپنی رحمت سے بہترین اجر سے نوازے اور جنتُ الفردوس عطا فرمائے (آمین)۔

﴿ وَءَاخِرُ دَعْوَىٰهُمْ أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿١٠﴾ ﴾ [يونس: ١٠]

تحسین افتخار

بسم الله الرحمٰن الرحیم الحمد لله و الصلاة و السلام علی رسول الله، أما بعد:

الحمد للہ، اللہ تعالیٰ کا بڑا احسان ہے کہ اس نے ہمیں پیدا کیا اور ہمیں قلم فراہم کیا، جس کے ذریعہ سے ہم علم حاصل کرتے ہیں اور اسے دوسروں تک منتقل کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل واحسان ہے، جس نے مجھے یہ کام کرنے کی توفیق عطا فرمائی اور اس کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں میری مدد فرمائی۔ بلاشبہ یہ کام اللہ کی مدد کے بغیر نہیں ہوسکتا تھا۔ ﴿وَمَا تَوْفِيقِيٓ إِلَّا بِٱللَّهِ﴾

اس موقعہ پر میں ان سب لوگوں کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں جنہوں نے اس کتاب کو لکھنے میں کسی طرح کی بھی مدد یا تجاویز دی ہوں۔ میں خصوصی طور پر سب سے پہلے میں اپنی اساتذہ کرام کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں جنہوں نے مجھے یہ عظیم اور مفید علم سکھایا اور ہر طرح سے میری مدد کی اور مجھے مزید علم سیکھنے اور سکھانے میں حوصلہ افزائی کی۔ ان میں سب سے پہلے میری عزیز اور سب سے قریب معلّمہ محترمہ کریمہ سرپنسکی صاحبہ ہیں، معلّمہ نرجس قطرنجی صاحبہ اور معلّمہ ومحترمہ شیخة رحاب شققی صاحبہ شامل ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں بہترین اجر عطا فرمائے اور ان کو بہترین داعیات بنائے (آمین)۔

اس کتاب کی تالیف میں میری عزیز ساتھی اور دوست محترمہ تحسین افتخار صاحبہ شامل ہیں۔ انہوں نے خلوصِ دل سے میرے ساتھ مل کر یہ کام سرانجام دیا۔ گھر اور بچوں کی مصروفیات کے باوجود انہوں نے اس کام میں اپنا بھرپور وقت صرف کیا۔ اللہ تعالیٰ انہیں دنیا وآخرت میں خوشیاں اور کامیابیاں نصیب فرمائے اور انہیں جنت الفردوس عطا فرمائے (آمین)۔

میں محترم شیخ محمد آدم صاحب کی بھی بہت شکر گزار ہوں، جنہوں نے مجھے typing and editing میں بہت مفید معلومات فراہم کیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے بہت سے قیمتی مشورے بھی دیے۔ اللہ تعالیٰ انہیں بہترین اجر عطا فرمائے (آمین)۔

آخر میں میں اپنے والدین کی خلوصِ دل سے شکر گزار جنہوں نے نہ صرف مجھے دین کا علم سکھایا، بلکہ مزید حصول کے لیے شوق ورغبت بھی دلائی۔ میرے والد نے کتاب کے سلسلے میں ہمیشہ میری حوصلہ افزائی کی اور میرے ساتھ بھرپور تعاون کیا۔ اللہ تعالیٰ انہیں بہترین اجر سے نوازے اور انہیں جنت الفردوس عطا فرمائے اور ہمیں ان کے لیے صدقۂ جاریہ بنادے (آمین)۔

﴿وَءَاخِرُ دَعْوَىٰهُمْ أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ۝١٠﴾ [یونس: ١٠]

ربیعہ شاد

﴿ثُمَّ أَوْرَثْنَا ٱلْكِتَـٰبَ ٱلَّذِينَ ٱصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا﴾ [سورة فاطر : ٣٢]

إسناد الإمام حفص إلى رسول الله ﷺ

رَبُّ العِزَّةِ تبارَكَ وَتَعالى

↑

جِبْرِيل عَلَيهِ السَّلام

↑

رَسُولِ الله ﷺ (ت ١١ هـ)

↑

عَبْدُ الله بنْ مَسْعُودالْهُذَلِيّ رض (ت ٣٢ هـ)	أُبَيّ بِنْ كَعب الأَنْصارِيّ رض (ت ٣٥ هـ)	زَيدْ بن ثَابت الأَنْصارِيّ رض (ت ٤٥ هـ)	عُثْمَان بن عَفَّان الْقُرَشِيّ رض (ت ٣٥ هـ)	عَلِيّ بن أَبي طَالِب الْهَاشِمِيّ رض (ت ٤٠ هـ)	عُثْمَان بن عَفَّان الْقُرَشِيّ رض (ت ٣٥ هـ)	عَبْدُ الله بنْ مَسْعُودالْهُذَلِيّ رض (ت ٣٢ هـ)

↑

أَبُو عَبْدَ الرَّحمن السُّلَمِيّ عَبْدُ الله بن حَبِيبٌ رح (ت ٧٤ هـ)	زِرُّ بن حُبَيش أَبُو مَرْيَمَ الأَسَدِيّ رح (ت ٨٢ هـ)	سَعْد بن إِيَاس أَبُو عَمْرو الشَّيْبَانِيّ رح (ت ٩٦ هـ)

↑

امام عاصم

ابن أبي النَّجود، أَبُو بَكر الْكُوفِيّ رح

(ت ١٢٧ هـ)

↑

امام حفص

ابن سُلَيمَان بن الْمُغِيرَة الأَسَدِيّ الْكُوفِيّ رح

(ت ٩٠-١٨٠ هـ)

إِسْنَاد الْمُؤَلِّفَة بِرِوَايَة حَفص مِنْ طَرِيق الشَّاطِبِيَّة

رَبُّ العِزَّةِ جَلَّ جَلالُه

جِبْرِيل عَلَيهِ السَّلام

رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّم (ت١١ هـ)

١. أُبَيّ بِنْ كَعْبٍ (ت٣٥ هـ)

٢. عَبدُ اللهِ بن حَبِيب السُّلَمِيّ (ت٧٤ هـ)

٣. عاصم ابن أبي النَّجودْ (ت١٢٧هـ)

٤. حفص ابن سُليمان الْبَزَّار (ت١٨٠هـ)

٥. عُبيد بن الصَّبَاح النَّهْشَلِيّ (ت٢١٩هـ)

٦. أَحْمَد بن سَهل الأُشْنَانِي (ت٣٠٧هـ)

٧. عَلِيُّ بن مُحَمَّد الْهَاشِمِيّ (ت٣٦٨هـ)

٨. طَاهِر بن غَلْبُونْ (ت٣٩٩هـ)

٩. أَبُو عَمْرو عُثْمَان بن سَعِيد الدَّانِيّ (ت٤٤٤ هـ)

١٠. سُلَيمَان بن النَّجَاحْ (ت٤٩٦ هـ)

١١. عَلِيّ بن هُذَيلْ (ت٥٦٤ هـ)

١٢. الْقَاسِم بن فِيرُّهْ الشَّاطِبِيّ (ت٥٩٠ هـ)

١٣. عَلِيّ بن شُجَاعْ (ت٦٦١ هـ)

١٤. مُحَمَّد بن أَحْمَد الصَّائغ (ت٧٢٥هـ)

١٥. عَبْدُ الرَّحْمَن بن أَحْمَد الْبَغْدَادِيّ (ت٧٨١هـ)

١٦. مُحَمَّد بن الْجَزَرِيّ (ت٨٣٣هـ)

١٧. أَحْمَد بن الأَسَد الأُمْيُوطِيّ (ت٨٧٢هـ)

١٨. مُحَمَّد بن إِبْرَاهِيم السَّمْدِيسِيّ (ت٩٣٢هـ)

١٩. عَلِيّ بن مُحَمَّد بن الْمَقْدِسِيّ (ت١٠٠٤هـ)

٢٠. عَبْدَ الرَّحْمَن بن شَحَاذَة اليَمَنِيّ (ت١٠٥٠ هـ)

٢١. مُحَمَّد بن قَاسِم الْبَقَرِيّ (ت١١١١ هـ)

٢٢. أَحْمَد بن رَجَب الْبَقَرِيّ (ت١١٨٩ هـ)

٢٣. عَبْدَ الرَّحْمَن بن حَسَن الأُجْهُورِيّ (ت١١٩٧ هـ)

٢٤. إِبْرَاهِيم بن بَدْوِيّ بن أَحْمَدالْعَبِيدِيّ

٢٥. أَحْمَد بن رَمَضَان الْمَرْزُوقِي الْحَسَنِيّ (ت١٢٦٢ هـ)

٢٦. أَحْمَد الرِّفَاعِيّ الْحَلوانِيّ (ت١٣٠٧ هـ)

٢٧. مُحَمَّد سَلِيم الرِّفَاعِيّ الْحَلوانِيّ (ت١٣٦٣ هـ)

٢٨. عَبْد الْعَزِيز عُيُون السُّودْ (ت١٣٩٩ هـ)

٢٩. محترم أيْمَنْ رُشْدِي سُوَيد

٣٠. محترمه رِحَاب مُحَمَّد مُفِيد شَقَقِي

١٣. محترمه كَرِيمَة كَارُول سِربنسِكِي

قرآن کریم میں کتابت کی کچھ خاص علامات موجود ہیں، جن سے واقفیت ہر طالب علم کے لیے ضروری ہے۔

(۠)	پہلی علامت: **اَلصِّفْرُ الْمُسْتَدِیرُ** (گول زیرو) کہلاتی ہے۔ یہ علامت بعض اوقات ان تین حروف یعنی: الف، واو اور یاء کے اوپر پائی جاتی ہے۔ اگر ان حروف میں سے کسی ایک پر یہ علامت پائی جائے تو اس کا مطلب ہے کہ یہ حرف نہیں پڑھا جائے گا یعنی یہ حرف وقفاً یا وصلاً، دونوں صورتوں میں ساقط ہی رہے گا۔ اس کی مثالیں آپ ان کلمات میں ملاحظہ کرسکتے ہیں: ﴿أُوْلَـٰٓئِكَ﴾۱، ﴿بِأَيْـيْدٍ﴾۲، ﴿مِن نَّبَإِيْ ٱلْمُرْسَلِينَ﴾۳
(۠)	دوسری علامت: **اَلصِّفْرُ الْمُسْتَطِیلُ الْقَائِم** ہے۔ یہ بیضوی شکل کا کھڑا صفر ہے، جو کچھ الفات کے اوپر پایا جاتا ہے، جو لفظ کے آخر میں ہوتے ہیں۔ اس کے بعد آنے والے لفظ کا پہلا حرف متحرک ہوتا ہے۔ یہ علامت نشاندہی کرتی ہے کہ یہ الف صرف اس لفظ پر <u>وقف کی صورت</u> میں پڑھا جائیگا، جبکہ <u>تسلسل سے پڑھنے کی صورت</u> میں یہ الف ساقط ہو جائیگا۔ اس کی مثالیں درج ذیل ہیں: ﴿قَالَ أَنَا۠ خَيْرٌ مِّنْهُ﴾۴، ﴿لَّـٰكِنَّا۠ هُوَ ٱللَّهُ رَبِّى﴾۵
(ۡ)	تیسری اہم علامت جسکا جاننا ضروری ہے، وہ **سُکُون** ہے۔ یہ علامت حرف خاء کے سر کی سی ہے، مگر نقطے کے بغیر۔ یہ اصل میں لفظ خفیف سے ہے، جس کے معنی ہلکے کے ہیں اور اس لفظ کا پہلا حرف خا ہے۔ جب کسی حرف پر کوئی حرکت نہیں ہوتی تب یہ علامت پائی جاتی ہے یعنی یہ حرف <u>ساکن</u> ہوتا ہے اور اسے واضح پڑھا جاتا ہے۔ مثلاً: ﴿مِّنْ خَوْفٍۭ﴾۶، ﴿قَدْ سَمِعَ﴾۷، ﴿وَخُضْتُمْ﴾۸

---

۱ سورة ص آية ۱۳، ۲ سورة الذاريات آية ۴۷، ۳ سورة الأنعام آية ۳۴، ۴ سورة الأعراف آية ۱۲،
۵ سورة الكهف آية ۳۸، ۶ سورة قريش آية ۴، ۷ سورة المجادلة آية ۱، ۸ سورة التوبة آية ۶۹

ایک اور علامت وہ چھوٹے حروف ہیں جو قرآن کے کچھ کلمات میں پائے جاتے ہیں۔ یہ چار حروف ہیں (الألف، اليـاء، الواو اور النون) جو قرآن میں بعض جگہوں پر چھوٹے لکھے جاتے ہیں۔ ان حروف کو اسی طرح ادا کیا جاتا ہے جیسے دیگر بڑے لکھے گئے حروف ادا کیے جاتے ہیں۔

﴿ ٱلرَّحْمَٰنُ ﴾[1]

قرآن میں کئی الفاظ ایسے ہیں جن میں چھوٹا سا 'الف' پایا جاتا ہے جیسا کہ اوپر دی گئی مثال (ٱلرَّحْمَٰن) میں حرف 'حاء' اور 'میم' کے درمیان نظر آتا ہے۔ اس کو عربی میں *الألِفُ الْخَنْجَرِيَّة* کہتے ہیں۔ اس الف پر کوئی حرکت نہیں ہوتی۔

۱. ﴿ يُخَوِّفُ ٱللَّهُ بِهِۦ عِبَادَهُۥ ﴾[2]، ۲. ﴿ يُحْـِۧىَ ﴾[3]

قرآن میں کئی جگہوں پر چھوٹی سی 'یـاء' پائی جاتی ہے۔ اوپر جو مثالیں دی گئی ہیں اس میں ہم اس کا مشاہدہ کر سکتے ہیں۔ پہلی مثال میں ہمیں یہ (بِهِۦ) کے بعد نظر آتی ہے۔ یہ صرف ملا کر پڑھنے کی صورت میں ادا ہوتی ہے اور اس لفظ پر وقف کی صورت میں 'یاء' ساقط ہو جاتی ہے اور ھاء کو ساکن کر دیا جاتا ہے۔

دوسری مثال (يُحْـِۧىَ) میں ہمیں یہ 'حاء' اور 'یاء' کے درمیان میں نظر آتی ہے جس پر کسرۃ موجود ہے۔ یہ 'یـاء' وصل اور وقف دونوں حالتوں میں پڑھی جاتی ہے۔

۱. ﴿ كِتَـٰبَهُۥ بِيَمِينِهِۦ ﴾[4]، ۲. ﴿ دَاوُۥدُ ﴾[5]

ان دو مثالوں میں ہمیں چھوٹا سا 'واو' نظر آتا ہے۔ پہلی مثال (كِتَـٰبَهُۥ) میں 'واو' کو صرف اُس وقت پڑھتے ہیں جب اس کو اگلے لفظ سے ملاتے ہیں اور اس لفظ پر رکنے کی صورت میں 'واو' ساقط ہو جاتا ہے اور ھاء کو ساکن کر کے اس پر وقف کیا جاتا ہے۔

دوسری مثال (دَاوُۥدُ) میں ہم 'واؤ' کو ہر حالت میں پڑھتے ہیں۔

﴿ نُـۨجِى ﴾

اس مثال (نُـۨجِى) میں ایک چھوٹا سا 'نـون' ہے، پہلے 'نـون' (جو بڑا ہے) اور 'جیـم' کے درمیان نظر آتا ہے۔ یہ نون، قرآن میں صرف ایک ہی جگہ پایا جاتا ہے اور یہ سورة الأنبياء آیت نمبر ۸۸ میں ہے۔

[1] سورة الرحمن آية ۱، [2] سورة الزمر آية۱٦، [3] سورة القيامة آية ٤٠، [4] سورة الحاقة آية۱۹، [5] سورة ص آية۲٤

پہلا باب

مُقَدِّمَةٌ لِتَجْوِيدِ الْقُرْآن

تجوِیدِ قرآن کا مقدمہ

قرآن کے آداب

قرآن کے کچھ باطنی آداب ہیں اور کچھ ظاہری۔

باطنی آداب	ظاہری آداب
ا) لفظوں کی اصل کا سمجھنا یہ قرآن کے الفاظ کی عظمت اور اللہ تعالی کی فیاضی کی دلیل ہے، جب وہ اپنی مخلوق سے اس کلام کے ذریعہ خطاب فرماتا ہے۔	ا) بدن، کپڑوں اور جگہ کا صاف ہونا۔ مسواک کا استعمال کرنا اور قبلہ رخ ہونا۔
ب) عظمت دل میں قرآن کی عظمت اور اس بات کا احساس ہو کہ یہ کلام کسی مخلوق کا نہیں ہے۔ اس احساس کے ساتھ خالق اللہ عز وجل کی صفات پر غور کرنا۔	ب) اسْتِعَاذَة اور بَسمَلَة کہنا۔ یعنی أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيم اور بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيم کا پڑھنا۔ سستی کی حالت میں نہ پڑھنا، یعنی جب جمائیاں آرہی ہوں۔
ج) دل کا حاضر ہونا۔ قرآن پڑھتے وقت تمام دوسرے خیالات کو دل سے نکال کر پوری توجہ کے ساتھ قرآن پڑھنا۔ اس سے دل میں اس کلام کی عظمت مزید بڑھتی ہے۔	ج) تلاوت کلام مجید کو منقطع کر کے لوگوں سے گفتگو کرنے سے بچنا
د) قرآن کے معانی پر تدبر کرنا۔ (غور فکر کرنا) کسی عبادت کو سمجھے بغیر کرنے، یا قرآن کے معانی پر تدبر کیے بغیر پڑھنے سے نیکی کا اصل مقصد حاصل نہیں ہوتا۔	د) جب کسی آیتِ وعید پر رکیں تو اللہ تعالی سے استعانت طلب کرنا اور جب کسی آیتِ رحمت پر رکیں تو اللہ تعالی سے اس کی رحمت اور فضل طلب کرنا۔
ھ) قرآن کے معانی کو سمجھنا مراد یہ کہ آدمی ہر آیت کو صحیح طور پر سمجھے۔ آدمی کا عمل اور ردِّ عمل خلوص دل کے ساتھ اس کے مطابق ہو۔	ھ) خشوع وخضوع کے ساتھ قرآن کو پڑھنا اور اس پر رونا۔
ز) تخصیص قرآن پڑھتے وقت آدمی محسوس کرے کہ ہر پیغام صرف خاص اسی کے لیے نازل ہوا ہے۔	

امام النووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: قرآن پڑھتے وقت رونا ان لوگوں کی صفت ہے، جو اللہ تعالی کو جانتے ہیں (یعنی وہ اللہ تعالی کو اس کے نام اور صفات سے جانتے ہیں) اور یہی صالح لوگوں کا شعار ہے۔

قرآن کی تلاوت یا تو بلند آواز سے کی جاتی ہے، جس سے اَحکام تجوید صاف ظاہر ہوتے ہوں یا پھر آہستہ کی جاتی ہے جس سے پڑھنے والے کو کم ازکم اپنی آواز سنائی دے۔ قرآن پر صرف نظریں جما دینا، یا اس کے الفاظ کو ان حصوں کو حرکت دیے بغیر دیکھنا، جو اس کے تلفظ میں کام آتے ہیں، یعنی حروف کو ان کے مخارج اور صفات کے ساتھ ادا نہ کرنا تلاوت یا قراءت نہیں کہلاتا، بلکہ اسے 'اطّلاع' یعنی دیکھنا کہا جا سکتا ہے۔

سُجُودُ التِّلاوَة سجدۂ تلاوت

سجدۂ تلاوت کرنا سنت ہے۔ سجدۂ تلاوت کرنے سے انسان اللہ کی اطاعت کرتا ہے اور شیطان کی مخالفت۔ رسول اللہ ﷺ نے ایک حدیث میں فرمایا: ''جب آدم کا بیٹا سجدے کی آیت پڑھتا ہے اور پھر سجدہ کرتا ہے تو شیطان روتا ہوا ایک طرف ہو کر کہتا ہے: ہائے میری ہلاکت، تباہی اور بربادی! آدم کے بیٹے کو سجدہ کا حکم دیا گیا۔ اس نے سجدہ کیا۔ اس کے لیے جنت ہے اور مجھے سجدہ کا حکم دیا گیا، میں نے نافرمانی کی میرے لیے آگ ہے۔'' (صحیح مسلم)

قرآن مجید میں پندرہ (۱۵) مقامات ہیں جہاں ہمیں سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

1- سُورَةُ الأَعْرَاف آية ٢٠٦
2- سُورَةُ الرَّعْد آية ١٥
3- سُورَةُ النَّحْل آية ٥٠
4- سُورَةُ الإِسْرَاء آية ١٠٩
5- سُورَةُ مَرْيَم آية ٥٨
6- سُورَةُ الحَجّ آية ١٨
7- سُورَةُ الحَجّ آية ٧٧
8- سُورَةُ الفُرْقَان آية ٦٠
9- سُورَةُ النَّمْل آية ٢٦
10- سُورَةُ السَّجْدَة آية ١٥
11- سُورَةُ ص آية ٢٤
12- سُورَةُ فُصِّلَت آية ٣٨
13- سُورَةُ النَّجْم آية ٦٢
14- سُورَةُ الإِنْشِقَاق آية ٢١
15- سُورَةُ العَلَق آية ١٩

زیادہ تر مصاحف میں سجدۂ تلاوت کی علامت اس طرح پائی جاتی ہے: ۩

اِسْتِعَاذَۃ کے احکام

اسْتِعَاذَۃ کے معنیٰ پناہ طلب کرنے کے ہیں اور جب قاری "أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيم" کہتا ہے تو آدمی شیطان مردود سے اللہ تعالیٰ کی پناہ اور حفاظت طلب کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں ارشاد فرمایا ہے:

﴿فَإِذَا قَرَأْتَ ٱلْقُرْءَانَ فَٱسْتَعِذْ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيْطَٰنِ ٱلرَّجِيمِ ﴿٩٨﴾﴾ [1]

"اور جب تم قرآن پڑھو تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ طلب کرو!"

۱. اگر قاری آہستہ آواز میں یا اکیلا قرآن پڑھ رہا ہو تو وہ اسْتِعَاذَہ بھی آہستہ آواز میں پڑھے گا۔

۲. حالتِ نماز میں بھی اسْتِعَاذَہ آہستہ آواز میں پڑھا جاتا ہے۔

۳. اگر کوئی شخص لوگوں کی موجودگی میں، بلند آواز سے تلاوت کر رہا ہو تو اسْتِعَاذَۃ بھی بلند آواز سے پڑھنا چاہیے۔

۴. اگر قراءَت باری باری کی جائے (جیسے کلاس میں) تو صرف پہلا شخص اسْتِعَاذَہ بلند آواز سے پڑھے گا اور باقی لوگ خاموشی سے دل میں پڑھیں گے۔

۵. اگر قراءَت میں کھانسی یا چھینک کی وجہ سے وقفہ آجائے، یا پڑھنے کے دوران آیات کے معانی و تفسیر سے متعلق بات کی جائے تو قراءت دوبارہ شروع کرنے پر اسْتِعَاذَۃ کہنا ضروری نہیں۔

۶. اگر قراءَت کسی عام بات یا کسی کام یا کھانے کی وجہ سے روک دی جائے اور اس کے بعد اگر قرآن دوبارہ پڑھنا مطلوب ہو تو اسْتِعَاذَۃ بھی دوبارہ پڑھنا چاہیے۔

---

[1] سورة النحل آية ۹۸

بَسْمَلَة کے اَحکام

جس نے بسم الله کہا تو اس نے بَسْمَلَه کہہ دیا۔ بَسْمَلَه کہنے کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ انسان کہے:

﴿بِسْمِ ٱللهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ﴾

بَسْمَلَه ہر سورت کے شروع میں پڑھنا ضروری ہے، سوائے سورۃ التوبۃ کے، جسے سورۃ براءۃ بھی کہا جاتا ہے۔ اس سورت کے شروع میں بَسْمَلَـه نہ پڑھنے کی وجہ اس سورت کا موضوع ہے، جس میں مسلمانوں کو کافروں کے خلاف جنگ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اگر قاری اس سورت کو درمیان میں سے کسی جگہ سے پڑھے تب اُسے کے لیے اختیاری ہے کہ تعوذ پڑھنے کے بعد بَسْمَلَه پڑھے یا نہ پڑھے۔

حَالَاتُ الِاسْتِعَاذَةِ مَعَ الْبَسْمَلَةِ مَعَ السُّورَةِ استعاذة کو بسملة اور سورت کے ساتھ ملانے کے طریقے

اگر کوئی قاری تلاوت کا آغاز سورت کے شروع سے کرنا چاہتا ہے تو پھر اس کو پہلے اسْتِعَاذَه اور بَسْمَلَـه پڑھنا چاہیے اور پھر وہ سورت شروع کرے۔ اس کے چار جائز طریقے ہیں:

1- قَطْعُ الجَمِيع (تینوں کو ایک دوسرے سے الگ کرنا) یعنی پہلے اسْتِعَاذَه پڑھنا، پھر رکنا، پھر بَسْمَلَه پڑھنا، پھر رکنا اور پھر سورت شروع کرنا۔ مثلاً:

﴿أَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيْطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ ۝ بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ ۝١ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ ۝٢﴾[1]

2- وَصْلُ الجَمِيع (تینوں کو آپس میں ملانا) یعنی اسْتِعَاذَه، بَسْمَلَه اور سورت کو اکٹھا ایک ہی سانس میں پڑھنا۔ مثلاً:

﴿أَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيْطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ ۝١ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ ۝٢﴾[2]

3- وَصْلُ البَسْمَلَةِ بِالسُّورَةِ (بسملة کو سورت کے ساتھ ملانا) یعنی پہلے اسْتِعَاذَه پڑھنا، پھر رکنا اور پھر بَسْمَلَه اور سورت کا آغاز ایک ہی سانس میں کرنا۔ مثلاً:

﴿أَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيْطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ ۝ بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ ۝١ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ ۝٢﴾[3]

4- وَصْلُ الاسْتِعَاذَةِ بِالبَسْمَلَةِ (اسْتِعَاذَه اور بسملة کو ملانا) یعنی اسْتِعَاذَه اور بَسْمَلَه کو ایک ہی سانس میں پڑھنا پھر رکنا اور پھر سورت شروع کرنا۔ مثلاً:

﴿أَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيْطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ ۝ بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ ۝١ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ ۝٢﴾[4]

[1]، [2]، [3]، [4] سورة الفاتحة آية ١-٢

وَصْل کا مطلب ملا کر پڑھنا

البَسْمَلَة بَيْنَ السُّورَتَين دوسورتوں کے درمیان بسملة پڑھنا

أَثْبتَ حَفْصُ البَسْمَلَةَ بينَ السُّورَتَين امام حفصؒ (وہ عظیم قاری جن کے طریقے سے ہم قرآن پڑھنا سیکھ رہے ہیں) دو سورتوں کے درمیان ہمیشہ بَسْمَلَه پڑھتے تھے، سوائے سورة الانفال اور سورة التوبہ کے۔ ایک سورت کو ختم کرنے کے بعد دوسری سورت کو اس کے ساتھ ملانے کے چار طریقے ہیں۔ ان میں تین جائز ہیں اور ایک غیر جائز ہے۔

1- قَطْعُ الكُلّ (تینوں کو الگ الگ پڑھنا) قاری پہلی سورت کو ختم کرتا ہے، پھر رک کر سانس لیتا ہے، پھر بَسْمَلَه پڑھ کر رکتا ہے اور پھر دوسری سورت پڑھتا ہے۔ اس کی مثال نیچے دی گئی ہے:

﴿وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۝٥﴾ ۞ بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ ﴿قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ ٱلنَّاسِ ۝١﴾ ۞[۱]

2- وَصْلُ الكُلّ (تینوں کو ملانا) قاری پہلی سورت کی آخری آیت بَسْمَلَه اور پھر اگلی سورت کی ابتداء ایک ہی سانس میں کرتا ہے۔ مثلاً:

﴿وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۝٥﴾ ۞ بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ ﴿قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ ٱلنَّاسِ ۝١﴾ ۞[۲]

3- وَصْلُ البَسْمَلةِ بِأَوَّلِ السُّورَة (بَسْمَلَه کو اگلی سورت کے ساتھ ملانا) قاری پہلی سورت کو ختم کرتا ہے، پھر رک کر سانس لیتا ہے، پھر بَسْمَلَه کو اگلی سورت کے ساتھ ملا کر ایک ہی سانس میں پڑھتا ہے۔ جیسے:

﴿وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۝٥﴾ ۞ بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ ﴿قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ ٱلنَّاسِ ۝١﴾ ۞[۳]

الوَجْهُ الَّذِي لا يَجُوز: وَصْلُ البَسْمَلَةِ بِآخِرِ السُّورَةِ وَالْوَقف، ثمّ الْبَدْءُ بِالسُّورَةِ الثَّانِيَة

وہ صورت جو جائز نہیں: بَسْمَلَه کو پہلی سورت کے آخری حصہ سے ملانا اور وقف کرنا اور پھر اگلی سورت شروع کرنا۔ یہ طریقہ سننے والے کو اس غلط فہمی میں مبتلا کرتا ہے کہ بَسْمَلَه پہلی سورت کی آخری آیت ہے۔

۱، ۲، ۳، سورة الفلق آية ٥ + سورة الناس آية ١

مَراتِبُ القِراءَةِ — قراءت کے مراتب

مَراتِبُ القِراءَةِ ثلاثةٌ هي: قرآن پڑھنے کے تین مراتب ہیں:

1- ***التَّحْقِيق:*** *هُوَ الْقِراءَةُ بِتَودَّة واطْمِئْنان مَع تَدَبُّر الْمَعاني وَمُراعاة أحْكام التَّجْويد مِنْ أعْطاءِ الْحُرُوفِ حَقَّهَا مِنَ الصِّفات والْمَخارِج وَمَدَّ الْمَمْدُودِ وَقصر الْمَقْصُورِ وَتَرْقِيق الْمُرَقَّقِ وَتَفْخِيم الْمُفَخَّمِ مِمَّا يَتَّفِقُ وَّقَواعِد التَّجْويد وَهُو أفْضَل مَراتِبُ الْقِراءَة.*

قرآن کو آہستہ اور اطمینان سے پڑھنا 'تحقیق' کہلاتا ہے۔ تحقیق میں تجوید کے اَحکام کو نافذ کرنے کے ساتھ ساتھ آیات کے معانی پر تدبر کیا جائے، صفات اور مخارج سمیت ہر حرف کو اسکا حق دیا جائے۔ اسی طرح حروفِ مدّ یہ (جن کو کھینچنا ضروری ہے) ان کو کھینچا اور جو حروف لمبے نہیں کرنے چاہیئں ان کو لمبا نہ کرنا۔ تفخیم اور ترقیق کا پاس ولحاظ یعنی موٹے حروف کو موٹا اور باریک حروف کو باریک پڑھنا بھی علمِ تجوید کا لازمی حصہ ہے۔ یہ قراءت کا سب سے افضل مرتبہ ہے۔

2- ***الْحَدْر:*** *هُوَالإسْراءُ فِي الْقِراءَةِ مَعَ الْمُحافَظَةِ عَلَى قَواعِد التَّجْوِيد وَمُراعَاتِهَا بِدِقَّة وَلْيَحْذَر الْقَارِيء حِينَئِذ مِن بَتْر حُرُوف الْمَدِّ وَذَهاب صَوتُ الْغُنَّةِ وَاخْتِلاس أَكْثَرِ الْحَرَكَات وَمِنَ التَّفْرِيط إِلَى غَايَةٍ لَا تُصِحُّ بِهَا الْقِرائَة وَلَا تُوصَف بِهَا التِّلاوَة.*

تجوید کے احکام کا خیال رکھتے ہوئے تیز رفتار سے پڑھنا 'حذر' کہلاتا ہے۔ حذر میں قاری اس بات کا خیال رکھے کہ حروفِ مدہ کی مقدار کو نہ کاٹے، جہاں پر غُنّہ ہو وہاں مناسب وقت دے اور حرکات کی مقدار کو اس حد تک کم نہ کرے کہ قراءت بھی صحیح نہ رہے۔

3- ***التَّدوِير:*** *هُوَ الْقِراءَةُ بِحالَةٍ مُتَوَسِّطَةٍ بَينَ مَرْتَبَتِي التَّرْتِيلِ والْحَدْرِ*

تجوید کے احکام کو مدِنظر رکھتے ہوئے مندرجہ بالا دونوں مراتب (تحقیق وحدر) کی درمیانی حالت میں تلاوت کرنا 'تدویر' کہلاتا ہے۔

مَبَادِئُ عِلْم التَّجْوِید تجوید کے دس (۱۰) بنیادی اصول

اگر کوئی شخص کسی بھی علم کو سیکھنا چاہتا ہو تو اسے کو پہلے اس علم کے اصول جاننے ہوں گے تا کہ وہ اس علم میں بصیرت حاصل کر سکے۔ اسی طرح تجوید کے علم میں بھی کئی اصول ہیں جن کا سمجھنا ضروری ہے۔ کسی نے ان علوم کے عنوانات کو ایک نظم میں اکٹھا کر دیا ہے:

إِنَّ مَبادِئَ كُلِّ فَنٍّ عَشَرَةْ الْحَدُّ، وَالْمَوضُوعُ، ثُمَّ الثَّمرَةْ

وَفَضْلُهُ، وَنِسْبَهُ، وَالْوَاضِعْ والاِسْمُ، الاِسْتِمْدَادُ، حُكْمُ الشَّارِعْ

مَسَائِلٌ، وَالْبَعْضُ بِالْبَعْضِ اكْتَفَى وَمَنْ دَرَى الْجَمِيعَ حَازَ الشَّرَفَا

ہر فن کے دس بنیادی اصول ہوتے ہیں: (۱) تعریف (۲) موضوع (۳) نتائج (۴) فضائل (۵) نسبت (۶) بانی اور موجد (۷) نام (۸) غرض وغایت (۹) شریعت میں اس کا حکم اور (۱۰) اس کے مسائل۔ بعض افراد کے لیے تو کچھ اصول ہی کافی ہوتے ہیں، البتہ جس نے تمام کی معرفت حاصل کر لی تو گویا اس نے ایک شرف حاصل کر لیا۔

علمِ تجوید کے بھی دس (۱۰) بنیادی اُصول ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

1- __تعْرِيفُهُ فِي اللُّغَة__: هو التَّحسِين

__فِي الاِصْطِلَاح__: هُو إخراجُ كُلِّ حَرْفٍ مِن مَخْرَجِهِ وإعطاؤه حَقَّهُ وَمُسْتَحَقَّهُ مِنَ الصِّفَات

__۱۔ لغت میں تجوید کی تعریف__: تحسین جس کے معنیٰ ہیں سنوارنا، حسن پیدا کرنا، نکھارنا، خوبصورتی میں اِضافہ کرنا۔

__اصطلاح میں تجوید کی تعریف__: ہر حرف کو اس کے صحیح مخرج سے ادا کرنا اور اس حرف کی صفات میں سے اسے اس کا حق اور مستحق دینا۔

__حَقُّ الْحَرْف__: حق الحرف سے مراد وہ صفات ہیں، جو حرف کے ساتھ ہمیشہ رہتی ہیں اور اس سے کبھی جدا نہیں ہوتیں۔ جیسے: همس، شدہ، جہر وغیرہ۔

__مُسْتَحَقُّ الْحَرْف__: مستحق الحرف سے مراد وہ عارضی صفات ہیں، جو حرف کے ساتھ ہمیشہ نہیں ہوتیں۔ جیسے: اِدغام، اِقلاب، غُنّہ وغیرہ۔

شَیخ الجزري[1] (المتوفی ۸۳۳ھ) نے ایک نظم میں جو جزرية کے نام سے معروف ہے اور جس کا پورا نام:

"مَنظُومَةُ الْمُقَدِّمَةُ فِيمَا يَجِبُ عَلَى قَارِئِ الْقُرْآنِ أَن يَعْلَمَه" ہے

اس میں وہ لکھتے ہیں:

> وَهُوَ أَيْضاً حِلْيَةُ التِّلَاوَةِ وَزِينَةُ الْأَدَاءِ وَالْقِرَاءَةِ
>
> وَهُوَ: إِعْطَاءُ الْحُرُوفِ حَقَّهَا مِنْ كُلِّ صِفَةٍ وَمُسْتَحَقَّهَا
>
> یہ (عمل تجوید) تلاوت کا زیور بھی ہے، اور ادائے قراءت کی زینت بھی ہے۔
>
> اور (تجوید) یہ بھی ہے کہ ہر حرف کو اس کی صفات میں سے اس کا ہر حق اور اس کا مستحق دیا جائے۔

2- مَوْضُوعَة: كَلِمَاتُ القُرآنِ الكَرِيمِ وَزَادَ البَعْضُ: الْحَدِيثُ الشَّرِيفُ أيضًا.

۲۔ علم تجوید کا موضوع: قرآن کریم کے الفاظ اور آیات ہیں۔ جب کہ بعض علماء نے اس میں معتبر احادیث بھی شامل کی ہیں۔

3- ثَمَرَتُهُ: صَوْنُ اللِّسَانِ عَنِ اللَّحْنِ فِي لَفظِ القُرآنِ الكَرِيمِ حالَ الأَدَاءِ.

۳۔ علم تجوید کے فوائد وثمرات: اس علم سے تلاوتِ قرآن کے موقع پر زبان غلطیوں سے محفوظ رہتی ہے۔

4- فَضْلُه: هُوَ مِنْ أَشْرَفِ الْعُلُومِ وَأَفْضَلِهَا لِتَعَلُّقِهِ بِكَلَامِ اللهِ تَعَالَى.

۴۔ علم تجوید کی فضیلت: یہ علم دیگر علوم میں اشرف ہے، کیونکہ اس کا تعلق اللہ تعالی کے کلام سے ہے۔

---

[1] الامام محمد ابن محمد ابن علی ابن یوسف ابن الجزري، جو 'ابو الخیر' سے بھی معروف ہیں، مختلف قراءات کے عظیم علماء اور قراء میں سے ایک ہیں۔ علامہ ستائیس رمضان المبارک ۷۵۱ ہجری دمشق میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے تیرا سال کی عمر میں قرآنِ مجید حفظ کیا اور چودہ سال کی عمر میں وہ مسجد کی امامت کے لیے مقرر کیے گئے۔ انہوں نے قراءات کا علم پندرہ سال کی عمر میں مکمل کیا۔ انہوں نے حج کے لیے مکہ کی طرف سفر کیا اور مصر بھی گئے، جہاں انہوں نے کثیر التعداد علماء سے استفادہ کیا اور ان کو قرآن سنایا۔ انہوں نے نہ صرف قران کا علم حاصل کیا، بلکہ حدیث اور فقہ کی تعلیم بھی حاصل کی۔ ایک مستند عالم بن جانے کے بعد بہت سے شاگردان سے اپنی قراءات کی سند حاصل کرنے کے لیے انہیں قرآن پڑھ کر سناتے۔ انہوں نے علم التجوید اور مختلف فنون میں کثیر التعداد نظمیں لکھیں۔ امت کا اتفاق ہے کے علم القراءات میں آپ جیسا عظیم شخص آپ کے بعد اب تک پیدا نہیں ہوا۔ ان کا انتقال ۸۳۳ ہجری میں ہو، اجب ان کی عمر ۸۲ سال تھی رحمہ اللہ تعالی۔

5- نِسْبَتُهُ مِنَ الْعُلُومِ: هُوَ أَحدُ العُلُومِ الشَّرعِيَّةِ المُتعلِّقَةِ بِالقرآنِ الكريم.

6- وَاضِعُهُ: الواضِعُ لَهُ مِن النَّاحيَةِ العَمليَّةِ (يَعْنِي الرِّوَايَة) هُوَ رَسُولُ الله صَلَّى الله عَلَيهِ وَسَلَّم، لأَنَّ القُرآنَ أُنزلَ عَلَيهِ مِنْ عِند الله مُجوَّدًا وَتَلَقَّاهُ صَلوَاتُ اللّه وَسَلامُهُ عَلَيهِ مِنَ الأَمين جِبْرِيل عَليهِ السَّلام كَذَلِك وَتَلَقَّتْهُ عَنْهُ الصَّحَابَة وَتَلَقَّاهُ مِنَ الصَّحَابَة التَّابعُون وَهكَذاحَتَّى وَصَلَ إِلَيْنَا بِالتَّواتر. وَأَمَّا أَولُ مَا ظَهَرمِن قَوَاعِد عِلْم التَّجْوِيد فَقَدْ كَانَ من وَضع عُلَماء الْعَرَبِيَّة كَالْخَلِيل وَتِلْمِيذه سِيبَوَيه.

7- الاِسْم: اسْمُهُ عِلْمُ التَّجْوِيد

8- أَسْبَابُ وَضْعِهِ: الْحِرص عَلَى الْقُرآن الْكَرِيم وَحِفْظهُ مِنَ التَّحْرِيف. فَقَدْ اخْتلَطَ الْعَرَب بِالْعَجَم بَعْدَ انْتِشَار الإِسْلام، وَخَشِيَ الْمُسْلِمُون أَنْ يُفْسِدَ اللِّسَان الْعَرَبِي بِهَذَا الاخْتِلاط فَصَارَ مِنَ الْوَاجِب وَضْع قَوَاعِد تَصُون التِّلاوَة مِنَ اللَّحْن وَتَضَمَّن لِلْقَارِيء سَلامَةَ النُّطْق.

۵۔ علوم میں تجوید کی نسبت: شریعت کے علوم میں سے ایک علم ہے جس کا تعلق اللہ کے کلام قرآن مجید سے ہے۔

۶۔ علم تجوید کے بانی اور موجد: اس کی بنیاد رکھنے والے عملی طور پر رسول اللہ ﷺ ہیں، کیونکہ قرآن اللہ تعالی کی طرف سے بہترین تجوید کے ساتھ حضرت جبرئیل کے ذریعہ آپ ﷺ پر نازل ہوا۔ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو سکھایا۔ ان سے پھر تابعین نے سیکھا اور یوں یہ علم سلسلہ وار ہم تک پہنچا۔ تحقیق کے ذریعہ قواعد کو تشکیل دینے والوں میں شیخ خلیل بن اُحمد بصری (المتوفی ۱۷۰ ھ) اوران کے شاگرد شیخ عمر بن عثمان سیبویہ (المتوفی ۱۹۶ ھ) ہیں۔ (اسی طرح شیخ ابوعبید القاسم بن سلام بھی ہیں۔)

۷۔ اس علم کا نام: اس علم کا نام علم التجوید ہے۔

۸۔ علم تجوید کو مرتب کیے جانے کے اسباب: علم تجوید کی تشکیل کی غرض وغایت قرآن کی حفاظت اوراس کو کسی بھی تحریف سے محفوظ رکھنا تھا۔ اسلام پھیلنے کے بعد عرب غیر عربوں کے ساتھ مل گئے تھے۔ اس اختلاط کی وجہ سے مسلمانوں میں یہ خوف پیدا ہوا کہ شاید عربی زبان میں بگاڑ پیدا ہو جائے۔ چنانچہ ضروری خیال کیا گیا کہ قرآن کی حفاظت کے لیے قواعد مرتب کیے جائیں، جن سے قرآن کی تلاوت غلطیوں سے محفوظ رہ سکے اور قاری کو قرآن کی پختگی اور درست تلفظ کی ضمانت دی جا سکے۔

9- حُكْمُهُ: العِلمُ بِهِ فَرْضُ كِفَايَة، وَالْعَمَلُ بِهِ فَرْضُ عَينٍ عَلَى كُلِّ مُسْلِم وَمُسْلِمَة يَحْفَظَانِ القُرآنَ كُلَّهُ أَو بَعْضَهُ وَلَو سُورَةً وَاحِدَة.

۹۔ علم تجوید کا شرعی حکم: تجوید کا علم حاصل کرنا فرض کفایہ ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ کچھ مسلمانوں کا اس علم کو حاصل کرنا ضروری ہے اور اصول تجوید کے مطابق پڑھنا ہر مسلمان (مرد اور عورت) پر فرض عین ہے جنھوں نے قرآن کو پورا یا اس کا کچھ حصہ حفظ کیا ہو چاہے وہ ایک سورت ہی کیوں نہ ہو۔

ابن الجزري نے اس کے بارے میں کہا:

وَالأَخْذُ بِالتَّجْوِيدِ حَتْمٌ لازِمٌ مَنْ لَمْ يُصَحِّحِ الْقُرانَ آثِمُ

لأَنَّهُ بِهِ الإِلَه أَنْزَلا وَهَكَذَا مِنْهُ إِلَينَا وَصَلا

تجوید کا علم حاصل کرنا واجب اور ضروری ہے، جو تجوید کے ساتھ قرآن نہ پڑھے وہ گنہگار ہے۔

کیونکہ یہ قرآن اس (تجوید) کے ساتھ ہی اللہ تعالی نے نازل کیا اور اور اسی طرح (تجوید کے ساتھ) ہم تک پہنچا ہے۔

10- مَسَائِلُ: هِيَ قَوَاعِدُهُ العَامَّة: يَتَوَقَّف عِلمُ التَّجوِيدِ عَلىٰ أَرْبَعَةِ أُمُور:

١. مَعْرِفَة مَخَارِجُ الْحُرُوف
٢. مَعْرِفَة صِفَاتِهَا
٣. مَعْرِفَة مَا يَتَجَدَّدُ لَهَا مِنْ أَحْكَام بِسَبَبِ التَّرِكِيب
٤. رِيَاضَةَ اللِّسَان وَكَثْرَةُ التَّكْرَار

۱۰۔ تجوید کے مسائل: مسائل سے مراد تجوید کے عام قواعد ہیں: تجوید کا علم چار امور پر موقوف ہے:

1. مخارج الحروف کا علم ہونا۔
2. حروف کی صفات کا علم ہونا۔
3. حروف کی ترکیب کی وجہ سے تبدیل ہونے والے احکامِ تجوید کا علم۔
4. زبان کی مشق وریاضت اور کثرتِ تکرار۔

ابن الجزري نے اس کہ بارے میں کہا:

وَلَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ تَرْكِهِ إِلَّا رِيَاضَةُ امْرِئٍ بِفَكِّهِ

منہ سے تکرار اور مشق وریاضت کے بغیر تجوید کا سیکھنا اور نہ سیکھنا برابر ہے۔

اللَّحن

اللَّحن: هو الخطأ والميل عن الصواب عند القراءة

لحن کا مطلب: دوران قراءت تلفُّظ کی غلطیاں کرنا اور حرف کو درست ادا کرنے سے انحراف کرنا۔

أقسامه: ينقسم اللَّحن إلى قسمين هما

اس کی اقسام: لحن کی دو قسمیں ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

1- لَحنٌ جلي ظاهرٌ (صاف اور ظاہر غلطیاں)

یہ تلفظ کی غلطی ہے، جو تلاوت کی درستگی کو متاثر کرتی ہے گو معنوی لحاظ سے یہ غلطی اثر انداز ہوتی ہو یا نہیں۔ یہ غلطی الفاظ یا حروف کی بناوٹ میں ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر قاری حرف ث کو س کی طرح یا ح کو ھ کی طرح پڑھے۔ یہ غلطی حرکات میں بھی ہوسکتی ہے، جیسے (يُبْدِلُ الضَّمَّةَ فتحةً أو كَسْرَةً، أو يُبْدِلَ الفتحةَ كَسْرَةً، أو يُبْدِلَ الكَسْرَةَ فتحةً) یعنی فتحة (زبر) کی بجائے کسرة (زیر) پڑھنا، یا ضمة (پیش) کو فتحة یا کسرة پڑھنا، یا کسرة کو فتحة پڑھنا۔ یہ بھی ہو سکتا ہے متحرک یعنی حرکت والے حرف کو ساکن یعنی بغیر حرکت کے پڑھا جائے۔ مشدد حروف کو ایک حرف کی طرح پڑھنا، مد طبیعی کی مقدار کو کم کرنا یعنی دو حرکت کو ایک کرنا۔ یا ایک حرکت کو دو کے برابر لمبا کرنا۔ اس غلطی کا نام 'جلی اور ظاہر' اس لیے رکھا گیا ہے کیونکہ یہ غلطی بالکل واضح ہوتی ہے اور اس کی نشاندہی کرنا قارئین اور علماء دونوں کے لیے آسان ہے۔

2- لَحنٌ خفيٌ مُستترٌ (مخفی اور چھپی ہوئی غلطیاں)

یہ وہ غلطی ہے جو لفظ یا حرف میں واقع ہوتی ہے اور جس کی وجہ سے قراءت میں خامی پیدا ہو جاتی ہے، جو صرف ایک ہنر مند قاری ہی جان سکتا ہے۔ یہ غلطی نہ تو الفاظ کے معنوں میں ہوتی ہے اور نہ ہی لغت یا اعراب میں ہوتی ہے۔ یہ غلطی قرآن کی قراءت کا علم رکھنے والے ہی پہچان سکتے ہیں۔

<u>یَنقَسِم هذا النوع إلى قِسمَينِ: لحن خفی مشترک کی دوقسمیں ہیں:</u>

<u>اوّل:</u> تجوید کا بنیادی علم رکھنے والے ان غلطیوں سے بخوبی آگاہ ہوتے ہیں۔ جیسے: ادغام، اخفا کا چھوڑنا، غنہ نہ کرنا یا مد کو نہ کھینچنا وغیرہ۔

<u>دوم:</u> وہ غلطیاں جو صرف ماہر قرآن (تجوید وقراءت کے عالم) ہی جان سکتے ہیں۔ جیسے: حرف راء میں زیادہ تکرار کرنا وغیرہ۔
لحن خفی میں یہ غلطی بھی شامل ہے کہ 'ضمة' کو ضمة اور فتحة کے درمیان پڑھا جائے۔ یہ اس وقت ہوتا ہے جب دونوں ہونٹوں کو پوری طرح گول نہ کیا جائے۔ یہ غلطی چند الفاظ میں زیادہ واضح ہوتی ہے۔ جیسے: "عَلَيكُم"، "أنتُم"، "قُل"۔
اسی طرح 'کسرة' کو کسرة اور فتحة کے درمیان پڑھنا۔ جیسے: "عَلَيهِم"، "بِهِ"۔
ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ ہم ان غلطیوں سے حتی الامکان اجتناب کریں اور قصداً ان کا ارتکاب نہ کریں۔

دوسرا باب

مَخَارِجُ الْحُرُوف

وہ مقامات، جہاں سے ہر حرف
کی مخصوص آواز نکلتی ہے

24/12/2012
H.W

عام تعریفات:

تَعْرِيفُ الْمَخَارِجُ: جَمْعُ مَخْرَج

مَخَارِج کا مفرد، عربی میں: مَخْرَج ہے۔ یہ مَفْعَل کے وزن پر مقام ظرفِ مکان ہے۔ یعنی خارج ہونے یا نکلنے کی جگہ۔

الْمَخْرَج: هُوَ مَحَلُّ خُرُوجِ الْحَرفِ عِندَ النُّطْقِ بِهِ تَمْيِيزِهِ عَنْ غَيرِهِ.

مخرج: مخرج وہ مقام ہے جہاں سے کسی مخصوص حرف کی مخصوص آواز نکالی جائے تا کہ اس حرف کو دوسرے حروف سے الگ کیا جاسکے۔

الْحَرْف: هُوَصَوتٌ اعْتَمَدَ عَلَى مَخْرَجٍ مُحَقَّقٍ أَو مُقَدَّرٍ.

حرف: حرف اس آواز کا نام ہے جو ایک معین یا غیر معین مخرج پر انحصار کرتی ہے۔

مخارج دو قسم کے ہوتے ہیں:

1- الْمَخْرَجُ الْمُحَقَّق: هُوَ الَّذِي يَعْتَمِدُ عَلَى جُزْءٍ مُعَيَّنٍ مِنْ أَجْزَاءِ الْحَلْقِ أَوِ اللِّسَانِ أَوِ الشَّفَتَينِ.

معین مخرج: مخرج محقق وہ مخرج ہے جس کا انحصار کسی خاص جگہ یعنی حلق یا زبان یا دونوں ہونٹوں سے ہو۔

2- الْمَخْرَجُ الْمُقَدَّر: هُوَ الَّذِي لا يَعْتَمِدُ عَلَى جُزْءٍ مُعَيَّنٍ مِنْ أَجْزَاءِ الْحَلْقِ أَوِ اللِّسَانِ أَوِ الشَّفَتَينِ.

مخرج مقدّر (غیر معین): مخرج مقدر وہ مخرج ہے جس کا انحصار کسی خاص جگہ یعنی حلق یا زبان یا دونوں ہونٹوں سے نہ ہو۔

يَنطَبِقُ ذَلِكَ عَلَى الْجَوفِ الَّذِي تَخْرُجُ مِنْهُ حُرُوفُ الْمَدِّ الثَّلَاثَة

غیر معین یا مخرج مقدر کا اطلاق منہ اور حلق کے اُس خالی حصّے پر ہوتا ہے جہاں سے تین حروف مدّہ کی آوازیں نکلتی ہے۔

حرف کے مخرج کا تعین کرنے کے کئی طریقے ہیں:

ا۔ حرف کو ساکن کر کے یا اس پر تشدید لگا کر پڑھیں۔ تشدید زیادہ بہتر ہے بنسبت صرف ساکن کے، کیونکہ اس میں دو حروف آجاتے ہیں پہلا ساکن اور دوسرا متحرک یعنی حرکت کے ساتھ۔ تشدید کی علامت یہ ہے: " ّ "

۲۔ اگر ساکن حرف سے پہلے همزة لگالیں اور اس همزة کو کوئی سی بھی حرکت دے دیں۔

۳۔ حرف ادا کرتے وقت اس کی آواز سنیں۔ جب آواز رک جائے تو وہی اس حرف کا مخرج ہے۔ جیسے اَجْ - اَقّ - اُطْ وغیرہ۔

تنبیہ: الف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے۔ اگر وہ متحرک (یعنی زیر، زبر یا پیش کے ساتھ) ہو تو اس کا مطلب ہے کہ وہ همزة ہے۔

علمائے کرام نے عربی کے کل انتیس ۲۹ حروف کے لیے پانچ اہم مقامات کی نشان دہی کی ہے، جن سے سترہ ۱۷ ذیلی مخارج نکلتے ہیں۔

1- **الْجوفُ:** وَفِيهِ مَخْرَجٌ وَاحِدٌ لِحُرُوفِ الْمَدِّ الثَّلاثَةِ.

جوف یعنی منہ اور حلق کے اندر کا خالی حصہ: ایک مخرج ہے، جس سے تین 'حروفِ مدّہ' ادا ہوتے ہیں۔

2- **الْحَلْق:** وَفِيهِ ثَلاثَةُ مَخارِجَ لِسِتَّةِ حُرُوف مُوَزَّعَةٍ عَلَى أَقْصَى وَوَسطِ وَأَدْنى الحلقِ.

حلق یا گلا: اس کے تین مخارج ہیں، جن سے چھ مختلف حروف ادا کیے جاتے ہیں۔ یعنی آخر حلق سے، حلق کے درمیانی حصے سے اور حلق کے ابتدائی حصے سے۔

3- **اللِّسان:** وَفِيهِ عَشْرَةُ مَخارِجَ لِثَمانِيَةَ عَشَرَ حَرْفًا.

زبان: زبان کے دس مخارج ہیں، جن سے اٹھارہ حروف ادا کیے جاتے ہیں۔

4- **الشَّفَتَان:** وَفِيهِمَا مَخْرَجانِ لأَرْبَعَةِ حُرُوفٍ.

دونوں ہونٹ: ان کے دو مخارج ہیں، جن سے چار حروف ادا کیے جاتے ہیں۔

5- **الْخَيْشُوم:** وَهُوَ خَرْقُ الأَنفِ الْمُنجَذِبِ إِلَى دَاخِلِ الْفَمِ. وَفِيهِ مَخْرَجٌ وَاحِدٌ لِلْغُنَّةِ.

خیشوم یعنی ناک: ناک کے سوراخ سے لے کر منہ کے اندر کی جانب کا حصہ۔ اس کا ایک ہی مخرج ہے اور وہ غنة کے لیے مخصوص ہے۔


ان سارے حروف کے مخارج کا جاننا بہت ضروری ہے۔ علاّمہ ابن الجزري نے اس بارے میں کیا خوب کہا ہے:

إِذْ وَاجِبٌ عَلَيْهِمُ مُحَتَّمُ قَبْلَ الشُّرُوعِ أَوَّلاً أَنْ يَعْلَمُوا

مَخَارِجَ الْحُرُوفِ وَالصِّفَاتِ لِيَلْفِظُوا بِأَفْصَحِ اللُّغَاتِ

اسی لیے قرآن پڑھنے والوں کے لیئے قطعاً ضروری ہے کہ وہ ابتدا ہی میں فصیح ترین زبان حاصل کرلیں، تا کہ (عربی) کے الفاظ کو ٹھیک ٹھیک ادا کرسکیں۔

وہ مقامات جہاں سے ہر حرف کی مخصوص آواز نکلتی ہے



الْجَوفُ

الألف ، الْواو والْياء الْمَدِّيّة

الْجَوف: هُوَ الْخَلاءُ الدَّاخِلُ فِي الْحَلْقِ وَالْفَمِ.

الجوف: جوف منہ اور حلق کے اندر کا خالی حصہ ہے۔ جوف سے حسب ذیل تین (۳) حروف مدّہ ادا کیے جاتے ہیں:

حُرُوف الْمَدّ الثَّلاثَة :

١ - الألِفُ السَّاكِنَةُ الْمَفْتُوحُ مَا قَبْلَهَا. الف ساکنہ، جس سے پہلے فتحة ہو۔ جیسے: بَ+ا = بَا

٢ - الْوَاوُ السَّاكِنَةُ الْمَضْمُومُ مَا قَبْلَهَا. واو ساکنہ، جس سے پہلے ضمة ہو۔ جیسے: ثُ +و = ثُو

٣ - الْيَاءُ السَّاكِنَةُ الْمَكْسُورُ مَا قَبْلَهَا. یاء ساکنہ، جس سے پہلے کسرہ ہو۔ جیسے: جِ +ي = جِي

ان تینوں حروفِ مدّہ کے لیے کوئی جگہ مخصوص نہیں ہے، جیسا کہ دوسرے حروف کے لیے ہے۔ انہیں ادا کرنے کے لیے ہم یقینی طور پر کسی جگہ کا تعین نہیں کر سکتے، بلکہ ان کی تکمیل، آواز ختم ہونے پر ہو جاتی ہے۔

شیخ الجزري نے حروفِ مدّہ کے بارے میں فرمایا ہے:

مَخَارِجُ الْحُرُوفِ سَبْعَةَ عَشَرْ   عَلَى الَّذِي يَخْتَارُهُ مَنِ اخْتَبَرْ

لِلْجَوفِ : أَلِفٌ وَأُخْتَاهَا ، وَهِي   حُرُوفُ مَدٍّ لِلْهَوَاءِ تَنْتَهِي

علمِ تجوید کا باخبر عالم عربی زبان کے حروف کو صحیح ادا کرنے کے لیے (۱۷) سترہ مخارج اختیار کرتا ہے۔

جَوف سے اَلِف اور اُس کی بہنیں ('واوْ اور 'یاءْ) یعنی تین حروف مدّہ ادا کیے جاتے ہیں۔

یہ تینوں ہوا پر ختم ہوتے ہیں۔

ان تین حروفِ مدّہ کو 'الْحُرُوف الْهَوَائِيَّة' بھی کہا جاتا ہے، کیونکہ ان حروف کی انتہا ہوا پر ہوتی ہے، جیسا کہ اوپر جزریہ میں بیان کیا گیا ہے۔

اَلْحَلْقُ

اَلْهَمْزَة ، اَلْهَاء، اَلْعَيْن، اَلْحَاء، اَلْغَيْن، اَلْخَاء

ثَلاثَةُ مَخَارِجُ لِسِتَّةِ حُرُوفٍ هِيَ:

حلق کے تین مخارج ہیں جن سے چھ(٦) حروف حلقی ادا کیے جاتے ہیں۔ وہ تین مخارج درج ذیل ہیں:

1- أَقْصَى الْحَلْق (حلق کا نچلا حصہ) یعنی وہ حصہ جو منہ سے دور اور سینے سے قریب ہوتا ہے۔اس جگہ سے دو حروف ادا ہوتے ہیں: ا لهمزة والهاء (ء، ه)۔

2- وَسَطُ الْحَلْق (حلق کا درمیانی حصہ) اس سے دو حروف ادا ہوتے ہیں: العين والحاء (ع ، ح)۔

3- أَدْنَى الْحَلْق (حلق کا ابتدائی حصہ) یعنی منہ سے سب سے زیادہ قریب۔اس جگہ سے دو حروف: الغين والخاء (غ ، خ) نکلتے ہیں۔

شیخ الجزري نے اپنی کتاب 'مَنظُومَةُ الْمُقَدِّمَةُ فِيمَا يَجِبُ عَلَى قَارِئِ الْقُرْآنِ أَن يَعْلَمَه' میں الحروف الحلقية کو اس طرح بیان کیا ہے:

ثُمَّ لأَقْصَى الْحَلْقِ : هَمْزٌ هَاءُ وَمِنْ وَسَطِهِ : فَعَيْنُ حَاءُ


أَدْنَاهُ : غَيْنٌ خَاءُ هَا ....

پھر حلق کے آخری حصے سے 'همزة اور هاء'، اور اس کے درمیانی حصے سے 'عين اور حاءْ ادا ہوتے ہیں۔
قریب والے حصہ (یعنی منہ کے قریب) سے غین اور اس کا ساتھی خاء، یہ دو حروف ادا ہوتے ہیں۔

اللِّسان زبان

وَفِيهِ عَشْرَةُ مَخارِجُ لِثَمانِيَةَ عَشَرَ حَرْفاً مُوَزَّعَةٍ عَلَى أَرْبَعَةِ أَجْزاءٍ هِي:

زبان کے دس مخارج ہیں، جو اٹھارہ حروف کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ان دس مخارج کو زبان کے چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔وہ حصے ہیں:



1- أَقْصَى اللِّسان
آخر زبان یا زبان کی جڑ

2- وَسَطُ اللِّسان
زبان کا درمیانی حصہ

3- حافَةُ اللِّسان
زبان کے کنارے

4- طَرَفُ اللِّسان
زبان کی نوک

أَقْصَى اللِّسان آخر زبان یا زبان کی جڑ

القاف حَرْف قاف کا مَخْرَج:

تَخْرُجُ مِنْ أَقْصَى اللِّسانِ مَعَ ما يُحاذِيهِ مِنَ الْحَنَكِ الأَعْلَى مِنَ الْمَنْطِقَةِ الرِّخْوَة.

حرفِ قاف، زبان کی جڑ (أَقْصَى اللِّسان = زبان کے دور کا حصہ) اور اس کے مقابل تالو کے نرم حصّے سے ادا ہوتا ہے۔

الكاف حَرْف کاف کا مَخْرَج:

تَخْرُجُ مِنْ أَقْصَى اللِّسانِ مَعَ ما يُحاذِيهِ مِنَ الْحَنَكِ الأَعْلَى مِنَ الْمَنْطِقَةِ الْقاسِيَةِ. تَحتَ مَخْرَجِ القاف قَلِيلًا وَهِيَ أَقْرَبُ إِلَى مُقَدَّمِ الْفَمِ وَأَبْعَدُ عَنِ الْحَلْقِ مِنَ الْقافِ.

حرفِ کاف، زبان کی جڑ اور اس کے مقابل تالو کے سخت حصّے سے ادا ہوتا ہے۔کاف کا مخرج، قاف سے تھوڑا نیچے ہے۔
یعنی کاف کا مخرج، قاف کی نسبت منہ سے قریب اور گلے سے دور ہے۔

شیخ ابن الجزري نے ان دو حروف یعنی قاف اور کاف کے مخرج کے بارے میں کہا ہے:

وَالْقَافُ: أَقْصَى اللِّسَانِ فَوْقُ، ثُمَّ الْكَافُ ....

أَسْفَلُ..............................

اور قاف کا مخرج زبان کی جڑ کے بالائی حصہ (زبان کے دور کا حصہ) سے ادا ہوتا ہے۔

اس کے بعد کاف ہے، جو ذرا نیچے (منہ کی طرف) والے حصّے سے ادا ہوتا ہے۔

اِن دونوں حروف یعنی قاف اور کاف کو 'الْحُرُوف اللَّهَوِيَّة' کہتے ہیں، کیونکہ ان کا مخرج، لُہات سے قریب ہے۔ لُہات (کوّا) عربی زبان میں گوشت کے اس ٹکڑے کو کہتے ہیں، جو گلے میں لٹکتا ہے۔

وَسَط اللِّسَان زبان کا درمیانی حصہ

الجيم ، الشين ، الياء غير المدية <u>حروف جیم، شین اور یاء غیر مدّیہ کا مخرج:</u>

وَفِيهِ مَخرِجٌ وَاحِدٌ لِثَلاثَةِ حُرُوفٍ هِيَ: مندرجہ ذیل تینوں حروف کے لیے ایک ہی مخرج استعمال ہوتا ہے:

الجِيمُ والشِّينُ والْيَاءُ غَيْرُ الْمَدِّيَّة

تَخْرُجُ مِنْ وَسَطِ اللِّسَانِ مَعَ مَا يُحَاذِيهِ مِنَ الْحَنَكِ الأَعْلَى.

یہ تینوں حروف، زبان کے وسط (یعنی درمیانی حصّے) اور اس کے مقابل تالو سے ادا ہوتے ہیں۔


یہ حروف یعنی جیم، شین اور یاء 'الْحُرُوف الشَّجَرِيَّة' کہلاتے ہیں، کیونکہ یہ حروف منہ کے درمیانی حصے سے ادا ہوتے ہیں۔

شیخ الجزري نے ان حروف کے بارے میں کہا ہے:

.... وَالْوَسْطُ : فَجِيمُ الشِّينُ يَا..................

اور زبان کا درمیانی حصہ، اس سے تو جیم، شین اور یاء نکلتے ہیں۔

زبان کے بقیہ مخارج بیان کرنے سے پہلے دانتوں کے نام بیان کیے جائیں گے۔ ان کو جاننا بہت اہم ہے کیونکہ ان سے ہم حرف کے مخرج کو زیادہ بہتر طور پر سمجھ سکتے ہیں۔ عموماً ہر بالغ انسان کے پاس بتیس ۳۲ دانت ہوتے ہیں۔ کچھ لوگوں کے اس سے کم بھی ہوتے ہیں۔ نیچے تصویر میں دانتوں کی وضاحت اُن کے ناموں سے کی گئی ہے۔



1- سامنے والے چار دانت ہیں جن میں دو اوپر کے اور دو نیچے کے شامل ہیں۔ یہ 'الثَّنَايَا' کہلاتے ہیں جو کہ 'ثَنِيَّة' کی جمع ہے۔ دو دانتوں کو 'ثَنِيَّتَين' کہتے ہیں۔ 'عُلْيَا' عربی زبان میں اوپر کے لیے بولا جاتا ہے۔ 'عُلْوِيَّتَين' سے مراد اوپر کے دو دانت ہیں۔

2- اس کے بعد والے دانت 'الرُّبَاعِيَات' ہیں جو کہ 'الثَّنَايَا' کے ساتھ والے دانتوں کو کہتے ہیں۔ یہ بھی تعداد میں چار ہی ہیں، دو اوپر اور دو نیچے۔

3- 'الرُّبَاعِيَات' کے بعد اگلے کونے والے چار دانتوں کو عربی میں 'الأَنْيَاب' ('نَاب' کی جمع) کہا جاتا ہے۔ یہ بھی دو اوپر اور دو نیچے ہوتے ہیں۔

4- ان سے اگلے دانت 'ضَوَاحِک' دو اوپر اور دو نیچے ہوتے ہیں۔

5- ضاحک کے بعد والے دانت عربی میں 'الطَّوَاحِين' کہلاتے ہیں، جو کہ تعداد میں بارہ ہیں، چھ اوپر اور چھ نیچے۔

6- سب سے آخر میں 'النَّوَاجِذ' ہیں اور یہ چار ہوتے ہیں۔

حَافَةَ اللِّسَان زبان کے کنارے

زبان کے کنارے کے دو مخرج ہیں دو حروف کے لیے۔

الضَّاد حَرْف ضَاد کا مَخْرَج:

تَخْرُجُ مِنْ إِحْدَى حَافَتَيِ اللِّسَان أَو الْحَافَتَيْنِ مَعًا مَعَ مَايَلِيهَا أَو يُحَاذِيهَا مِنَ الأَضْرَاسِ الْعُلْيَا يَمِينًا أَو شِمَالاً .

حرف ضاد، زبان کے ایک یا دونوں کناروں سے اور اس کے مقابل اوپر کی داڑھوں کے دائیں یا بائیں جانب سے ادا ہوتا ہے۔

اس حرف کی ادائیگی اہلِ عرب وغیرِ عرب، دونوں کے لیے مشکل ہے۔

شیخ الجزري نے اس مخرج کے بارے میں کہاں ہے:

وَالضَّادُ : مِنْ حَافَتِهِ إِذْ وَلِيَا...............................

الاَضْرَاسَ مِنْ أَيْسَرَ أَوْ يُمْنَاهَا..................

اور ضاد، زبان کے کناروں سے ادا ہوتا ہے، جبکہ وہ کنارے لگے، داڑھوں سے دائیں یا بائیں کی طرف سے۔

اللَّام حَرْف لَام کا مَخْرَج:

تَخْرُجُ مِنْ أَدْنَى حَافَتَيِ اللِّسَان إِلَى مُنْتَهَى الطَّرَف وَمَا يُحَاذِيهَا مِن لِثَةِ الضَّاحِكَين وَالنَّابَين وَالرَّبَاعِيَتَينِ وَالثَّنِيَّتَين الْعُلْوِيَّتَين.

حرف لام، زبان کے کناروں کے اگلے حصّے سے (جو منہ کے قریب ہے) زبان کی نوک تک اور اس کے مقابل اوپر کے ضاحکین، نابین، رباعیتین اور ثنیتین کے مسوڑھوں سے ادا ہوتا ہے۔

حرفِ 'لام' کا مخرج، زبان کے اگلے کناروں سے ہے، جبکہ 'ضاد' کا مخرج پچھلے کناروں سے ہے۔

شیخ الجزري نے لام کے مخرج کے بارے میں کہا ہے:

وَاللَّامُ : أَدْنَاهَا لِمُنْتَهَاهَا.................................

اور لام ادنائے حافہ سے منتھائے زبان تک سے ادا ہوتا ہے۔

طَرَفُ اللِّسَان زبان کی نوک

وَفِيهِ خَمْسَةُ مَخَارِجَ لأَحَدَ عَشَرَ حَرْفًا. طرف اللسان یعنی زبان کی نوک کے، گیارہ حروف کے لیے، پانچ مخارج ہیں۔

(النُّون) حَرْف نُون کا مَخْرَج:

تَخْرُجُ مِنْ طَرَفِ اللِّسَانِ مَعَ مَا يُحَاذِيهِ مِن لِثَةِ الثَّنِيَّتَيْنِ الْعُلْوِيَّتَيْن تَحْتَ مَخْرَجِ اللَّامِ قَلِيلاً.

حرف نون، زبان کی نوک اور اسکے مقابل سامنے کے اوپر کے دو دانتوں کے مسوڑھوں سے ادا ہوتا ہے۔

لام کے مخرج سے تھوڑا نیچے نون کا مخرج ہے جب وہ ظاہر ہو۔ جب نون چھپا ہوا ہو تو مخرج زبان کی نوک سے تبدیل ہو کر نون ساکنہ کے بعد آنے والے حرف کے قریب چلا جاتا ہے جو اخفاء یعنی نون کو چھپانے کا باعث بنتا ہے۔ 'النُّونُ الْمُدْغَمَة (یعنی نون ساکنہ جو اپنے سے فوراً بعد آنے والے حرف میں داخل ہو جائے) کا مخرج زبان کی نوک سے تبدیل ہو کر اس حرف کے مخرج میں داخل ہو جاتا ہے جو اس کے بعد آتا ہے۔ نونِ ساکنہ کے مخرج کے بارے میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے وہی حکم تنوین پر بھی نافذ ہوتا ہے۔

(الرَّاء) حرف راء کا مخرج:

تَخْرُجُ مِنْ طَرَفِ اللِّسَانِ مَعَ ظَهْرِهِ بِالْقُرْبِ مِنْ مَخْرَجِ النُّونِ مَعَ مَا يُحَاذِيهِ مِن لِثَةِ الثَّنِيَّتَيْنِ الْعُلْوِيَّتَيْن.

حرف راء، زبان کی نوک اور اس (نوک) کے اوپر والے حصّے اور اسکے مقابل سامنے کے اوپر کے دو دانتوں کے مسوڑھوں سے ادا ہوتا ہے۔ اس کا مخرج، نون کے مخرج کے قریب ہے (زبان کی نوک اور اس کا اوپری حصہ، اوپر کے مسوڑھوں کے اُبھار سے لگتا ہے تو راء ادا ہوتا ہے)۔ نون اور راء کا مخرج جاننے کے بعد ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ان دونوں حروف کا مخرج زبان کی نوک ہے۔ فرق یہ ہے کہ نون صرف زبان کی نوک سے ادا ہوتا ہے، جبکہ راء کو ادا کرنے کے لیے نوک کا اوپری حصہ بھی شامل ہوتا ہے۔ حروف لام، نون اور راء کو 'الْحُرُوفُ الذَّلَقِيَّة' کہا جاتا ہے، کیونکہ ان تینوں حروف کی ادائیگی ذَلْقُ اللِّسَانِ (یعنی زبان کی نوک) سے ہوتی ہے۔ شیخ الجزري نے نون اور راء کے مخرج کے بارے میں کہا ہے:

وَالنُّونُ: مِنْ طَرَفِهِ تَحْتُ اجْعَلُوا وَالرَّا: يُدَانِيهِ لِظَهْرٍ أَدْخَلُ

اور نون، زبان کی نوک سے ادا ہوتا ہے، لام کے مخرج سے ذرا نیچے،

اور راء کا مخرج نون ہی کے قریب ہے، البتہ اوپر کا (یعنی نوک کے اوپر کا) حصہ اس میں داخل ہے۔

الْحُرُوفُ النَّطعِيَة (ط-د-ت) حروفِ نَطَعِيَّہ ط، د اور ت کا مَخْرَج:

تَخْرُجُ مِنْ طَرَفِ اللِّسَانِ مِنْ جِهَةِ ظَهْرِهِ مَعَ أُصُولِ الثَّنَايَا الْعُلْيَا .

یہ تین حروف (ط، د اور ت) زبان کی نوک (اوپر کی جانب سے) اور اوپر کے سامنے کے دو دانتوں کی جڑ سے ادا ہوتے ہیں۔

یہ 'الْحُرُوفُ النَّطعِيَّة' کہلاتے ہیں کیونکہ ان کا مخرج اوپر کے مسوڑھوں کے بلند حصّے کے قریب ہے۔

جزرية میں اس کا بیان اس طرح ہوا ہے:

وَالطَّاءُ وَالدَّالُ وَتَا : مِنْهُ وَمِنْ　　عُلْيَا الثَّنَايَا..................

اور طاء، دال اور تاء، طرف لسان اور ثنایا علیا کی جڑ سے ادا ہوتے ہیں۔

حُرُوفُ الصَّفِير (ص-ز-س) ' الحروف الأسلِيَّة ' حروف اسلیہ ص، ز اور س کا مخرج:

تَخْرُجُ مَا بَيْنَ طَرَفِ اللِّسَانِ وَبَيْنَ صَفْحَتَيِ الثَّنِيَّتَيْنِ السُّفْلَيَيْن ، مَعَ إِبْقَاء فُرْجَةٍ قَلِيلَةٍ بَيْنَ طَرَفِ اللِّسَانِ وَالثَّنَايَا عِنْدَ النُّطْقِ .

یہ حروف (ص، س اور ز) زبان کی نوک اور اس کے مقابل نیچے کے دو دانتوں کے اندرونی حصے سے ادا ہوتے ہیں (یعنی جب زبان کی نوک نیچے اور اوپر کے دو دانتوں کے متوازی ہو)۔ ان کو اداء کرتے وقت، زبان اور ثنایا کے درمیان تھوڑی سی جگہ چھوڑی جاتی ہے۔ ان حروف کو 'الحروف الأسلِيَّة' کہتے ہیں، کیونکہ یہ حروف زبان کی نوک سے ادا ہوتے ہیں۔

جزرية میں اس کا بیان اس طرح ہوا ہے:

وَالصَّفِيرُ : مُسْتَكِنْ..............................

مِنْهُ وَمِنْ فَوْقِ الثَّنَايَا السُّفْلَى..........................

اور حروف صفیر (یعنی صاد، زای اور سین ہیں) قرار پکڑنے والے ہیں (یعنی ادا ہونے والے) ہیں۔

اس سے (یعنی طرف لسان سے) اور ثنایا سُفلیٰ کے دانتوں کے اوپر سے ادا ہوتے ہیں۔

الْحُرُوفُ اللَّثَوِيَة (ظ-ذ-ث) حروف لَثَوِيَّه ظ، ذ اور ث کا مَخْرَج:

تَخْرُجُ مِنْ طَرَفِ اللِّسَانِ مِنْ جِهَةِ ظَهْرِهِ مَعَ أَطْرَافِ الثَّنَايَا الْعُلْيَا أَىْ رُءُوسِهَا .

ظ، ذ اور ث کا مخرج زبان کی نوک کا اوپر والا حصہ ہے اور اس کے مقابل ثنایا علیا کے کنارے ہوتے ہیں۔ ان حروف کو 'الْحُروفُ اللَّثَوِيَّة' کہا جاتا ہے، کیونکہ ان کا مخرج کسی قدر مسوڑھوں کے قریب ہے۔

شیخ الجزري نے اپنی کتاب الجزرية میں لکھا ہے:

وَالظَّاءُ والذَّالُ وَثَا : لِلْعُلْيَا ....

مِنْ طَرَفَيْهِمَا ....

اور ظاء، ذال اور ثاء، ثنایا علیا کے لیے ہیں۔ ان دونوں (یعنی زبان اور ثنایا علیا) کے کناروں سے ادا ہوتے ہیں۔

الشَّفَتَان دونوں ہونٹ

دونوں ہونٹوں کے دو مخارج ہیں، جن سے چار حروف ادا کیے جاتے ہیں.

الْفَاء حَرْف فَاء کا مَخْرَج:

مَا بَيْنَ بَاطِنِ الشَّفَةِ السُّفْلَى وَ أَطْرَافِ الثَّنَايَا الْعُلْيَا .

جب سامنے کے اوپر کے دو دانتوں کے کنارے نچلے ہونٹ کے اندرونی حصہ سے لگتے ہیں تو حرف فاء ادا ہوتا ہے۔

شیخ الجزري نے پنی کتاب الجزرية میں لکھا ہے:

وَمِنْ بَطْنِ الشَّفَهْ: فَالْفَا مَعَ اطْرَافِ الثَّنَايَا الْمُشْرِفَهْ ....

نچلے ہونٹ کے اندرونی حصّے، ثنایا علیا کے کناروں کے ساتھ لگیں تو فاء کی آواز نکلتی ہے۔

الْوَاوُ غَيْرُ الْمَدِّيَّة - الْمِيم - الْبَاءُ حروف واو غیر مدّیہ، میم اور باء کے مخارج:

الْوَاوُ غَيْرُ الْمَدِّيَّة : مِنْ بَيْنِ الشَّفَتَيْنِ مَعًا بِانْضِمَامِهِمَا .

حرف واو، دونوں ہونٹوں کو گول کرنے سے ادا ہوتا ہے۔

الْمِيم : مِنْ بَيْنِ الشَّفَتَيْنِ مَعًا بِانْطِبَاقِهِمَا .

حرف میم دونوں ہونٹوں کو آپس میں بند کرنے یا ملانے سے ادا ہوتا ہے۔

الْبَاءُ : مِنْ بَيْنِ الشَّفَتَيْنِ مَعًا بِانْطِبَاقِهِمَا انْطِبَاقًا أَقْوَى مِنَ الْمِيمِ .

حرف باء بھی دونوں ہونٹوں کو آپس میں بند کرنے سے ادا ہوتا ہے، لیکن ان کا بند کرنا میم کی نسبت زیادہ قوی ہوتا ہے۔ یہ چار حروف (فاء، واو، میم، اور باء) کو 'الْحُرُوفُ الشَّفَوِيَّة' کہتے ہیں، کیونکہ یہ ہونٹوں سے ادا ہوتے ہیں۔

شیخ الجزري نے ان حروف کے بارے میں کہا ہے:

لِلشَّفَتَيْنِ : الْوَاوُ بَاءٌ مِيمُ ....

دونوں ہونٹوں سے تو واو، باء اور میم ادا ہوتے ہیں۔

الْخَيْشُوم

هُوَ خَرْقُ الْأَنْفِ الْمُنْجَذِبِ إِلَى دَاخِلِ الْفَمِ. أَوْ يُقَال : هُوَ أَقْصَى الْأَنْفِ .

خیشوم، ناک کے سوراخ سے لے کر منہ کے اندر کی جانب کا حصہ ہے۔ اس کا ایک ہی مخرج ہے، جہاں سے غُنَّة ادا ہوتا ہے۔ یہ آواز صرف ناک سے نکلتی ہے اور اس میں زبان کا کوئی عمل نہیں ہوتا۔ اگر ناک کو بند کریں تو یہ آواز پیدا نہیں ہوتی، بلکہ بند ہو جاتی ہے کیونکہ یہ آواز ناک سے نکلتی ہے۔ لیکن وہ حروف، جن میں غُنَّة پایا جاتا ہے، وہ بذاتِ خود ناک سے ادا نہیں ہوتے، بلکہ ان حروف کے اپنے مخارج ہیں۔ یاد رہے کہ غُنَّة ایک صفت ہے نہ کہ حرف۔ یہ نون اور میم کی صفت ہے اور یہ صفت خصوصاً اُس وقت بہت واضح ہوتی ہے، جب یہ دونوں حروف مشدّد ہوں۔ نونِ ساکنہ اور تنوین اور میم پر اِخفاء کی صورت میں بھی اس آواز کو نمایاں طور پر محسوس کیا جا سکتا ہے۔ شیخ الجزري نے کہا ہے:

..................................وَغُنَّةٌ مَخْرَجُهَا الْخَيْشُومُ

اور غنہ اُس کا مخرج خیشوم ہے (یعنی ناک کی بانس)۔

تیسرا باب

أَحْكَامُ النُّونِ السَّاكِنَةِ وَالتَّنْوِين

نونِ ساکنہ اور تنوین کے اَحکام

تَعْرِيف النُّون السَّاكِنَة — نونِ ساکنہ کی تعریف

النُّون السَّاكِنَة هِيَ النُّونُ الْخَالِيَةُ مِنَ الْحَرَكَةِ وَهِيَ الَّتِي تَثْبُتُ خَطًّا وَلَفْظً وَوَصْلاً وَوَقْفًا. وَتَقَع فِي الأَسْمَاءِ وَالأَفْعَالِ مُتَوَسِّطَةً وَمُتَطَرِّفَةً وَفِي الْحُرُوفِ مُتَطَرِّفَةً فَقَط.

نونِ ساکنہ سے مراد وہ نون ہے جو کسی بھی حرکت سے خالی ہو۔ یہ نون لکھنے اور بولنے دونوں میں قائم رہتا ہے خواہ ہم اس کو اگلے لفظ سے ملا کر پڑھ رہے ہوں یا اس پر رک رہے ہوں۔ اَسماء اور افعال میں نونِ ساکنہ لفظ کے درمیان اور آخر میں پایا جاتا ہے اور حروف میں صرف لفظ کے آخر میں آتا ہے۔

نونِ ساکنہ پر بعض جگہ سکون کی علامت پائی جاتی ہے جیسے: 'مِنْهَا' اور یہ بعض جگہ یہ اس علامت کے بغیر بھی پایا جاتا ہے جیسے: 'عَن'

تَعْرِيفُ التَّنْوِين — تنوین کی تعریف

هُوَ عِبَارَةٌ عَنْ نُونٍ سَاكِنَةٍ زَائِدَةٍ لِغَيْرِ تَوْكِيدٍ، تَلْحَقُ آخِرَ الاسْمِ وَصْلاً وَتُفَارِقُهُ خَطًّا وَوَقْفًا.

تنوین، دو فَتْحَة دو ضَمَّة اور دو كَسْرَة کو کہتے ہیں۔ تنوین ایک اصطلاح کی علامت ہے، جو زائد نونِ ساکنہ کے لیے استعمال ہوتی ہے اور یہ تاکید کے لیے استعمال نہیں ہوتی۔ یہ اسم کے آخر میں پائی جاتی ہے، (تنوین کا نون پڑھنے میں آتا ہے، لیکن لکھنے میں نہیں آتا) لفظ پر وقف کرنے کی صورت میں بھی اسے ادا نہیں کیا جاتا۔

اگر فعل کے آخر میں دو فَتْحَة پائے جائیں تو اس سے مراد کسی چیز کی تاکید ہوتی ہے۔ اسے نونُ التوکید کہتے ہیں۔ قرآن مجید میں صرف دو (۲) مقامات پر نونِ التوکید کی مثالیں ملتی ہیں:

۱۔ ﴿لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُونًا مِّنَ ٱلصَّٰغِرِينَ﴾ [سورة يوسف: 32]

۲۔ ﴿كَلَّا لَئِن لَّمْ يَنتَهِ لَنَسْفَعًا بِٱلنَّاصِيَةِ﴾ [سورة العلق: 18]

نونِ ساکنہ اور تنوین کے چار (۴) قاعدے ہیں۔

۱. الإِظْهَار ۲. الإِدْغَام ۳. القَلْب ۴. الإِخْفَاء

شیخ الجزري نے نونِ ساکنہ اور تنوین کے قاعدوں کے بارے میں کہا ہے:

وَحُكْمُ تَنْوِينٍ وَنُونٍ يُلْفَى — إِظْهَارٌ، ادْغَامٌ، وَقَلْبٌ، إِخْفَا

اَحکامِ تنوین اور اَحکامِ نونِ ساکنہ: اِظہار، اِدغام، اور قلب، اور اِخفاء ہیں۔

الإِظْهَار الْحَلْقِي

تَعرِيفُهُ فِي اللُّغَة: البَيَان   لغت میں اظہار کی تعریف: کسی چیز کو ظاہر یا واضح کرنا ہے۔

تَعرِيفُهُ فِي الاِصْطِلاح: إِخْرَاجُ كُلِّ حَرْفٍ مِن مَخْرَجِهِ مِنْ غَيرِ غُنَّةٍ زِيَادَة فِي الْحَرْفِ الْمُظْهَر.

علمِ تجوید کی اصطلاح میں اِظہار کی تعریف: ہر حرف کو اس کے مخرج سے، حرف المظہر پر زیادۃ غنہ کیے بغیر ادا کرنا اظہار ہے۔

حُرُوفُهُ: سِتَّة أَحْرُف هِيَ: الهمزة والهاء، والعين والحاء، والغين والخاء

اِظہار کے حروف: کل چھ حروف ہیں (الھمزة والھاء، والعين والحاء، والغين والخاء) جو نونِ ساکنہ یا تنوین کے فوراً بعد آنے کی صورت میں، نون کو صاف اور واضح پڑھنے کا باعث بنتے ہیں۔

ان حروف کو 'الْحُرُوفُ الْحَلْقِيَّة' کہتے ہیں کیونکہ یہ حروف حلق سے ادا ہوتے ہیں۔ اگر ان چھ (٦) حروف میں سے کوئی حرف، نونِ ساکنہ یا تنوین کے فوراً بعد آئے، خواہ وہ ایک لفظ میں ہو، یا دو لفظوں میں تو پھر نون کو واضح کر کے پڑھا جاتا ہے۔ جب نونِ ساکنہ یا تنوین لفظ کے آخر میں ہو (اور ظاہر ہے تنوین تو صرف لفظ کے آخر میں ہی ہوتی ہے) اور اسکے بعد آنے والے لفظ کا پہلا حرف ان چھ حروف میں سے کوئی ہو تب ہم 'اِظہار' کا قاعدہ اپناتے ہوئے نون کو بالکل واضح پڑھتے ہیں۔

اِظْہَار حَلْقِي کی مثالیں:

تنوین میں:

١۔ تنوین کے بعد، حرف ھمزہ	﴿ وَلَمْ يَكُن لَّهُۥ كُفُوًا أَحَدٌۢ ﴿٤﴾ ﴾[١]
٢۔ تنوین کے بعد، حرف ھاء	﴿ سَلَـٰمٌ هِىَ حَتَّىٰ مَطْلَعِ ٱلْفَجْرِ ﴿٥﴾ ﴾[٢]
٣۔ تنوین کے بعد، حرف عین	﴿ وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ ﴿٤﴾ ﴾[٣]
٤۔ تنوین کے بعد، حرف حاء	﴿ أَنِّى مُلَـٰقٍ حِسَابِيَهْ ﴾[٤]
٥۔ تنوین کے بعد، حرف غین	﴿ لَا تَتَوَلَّوْا۟ قَوْمًا غَضِبَ ٱللَّهُ عَلَيْهِمْ ﴾[٥]
٦۔ تنوین کے بعد، حرف خاء	﴿ مِنْ أَىِّ شَىْءٍ خَلَقَهُۥ ﴿١٨﴾ ﴾[٦]

---

١ سورة الإخلاص آية ٤، ٢ سورة القدر آية ٥، ٣ سورة القلم آية ٤، ٤ سورة الحاقة آية ٢٠

٥ سورة الممتحنة آية ١٣، ٦ سورة عبس آية ١٨

نون ساکنہ کی مثالیں:

ایک لفظ میں:

۱۔ نونِ ساکنہ کے بعد، حرف همزہ ﴿وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ﴾ ۱

۲۔ نونِ ساکنہ کے بعد، حرف هاء ﴿وَيَنْـَٔوْنَ عَنْهُ﴾ ۲

۳۔ نونِ ساکنہ کے بعد، حرف عین ﴿صِرَاطَ ٱلَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ﴾ ۳

۴۔ نونِ ساکنہ کے بعد، حرف حاء ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَٱنْحَرْ ۝٢﴾ ۴

۵۔ نونِ ساکنہ کے بعد، حرف غین ﴿فَسَيُنْغِضُونَ إِلَيْكَ رُءُوسَهُمْ﴾ ۵

۶۔ نونِ ساکنہ کے بعد، حرف خاء ﴿وَٱلْمُنْخَنِقَةُ وَٱلْمَوْقُوذَةُ وَٱلْمُتَرَدِّيَةُ﴾ ۶

دو لفظوں میں:

۱۔ نونِ ساکنہ کے بعد، حرف همزہ ﴿فَمَنْ أَسْلَمَ فَأُوْلَـٰٓئِكَ تَحَرَّوْاْ رَشَدًا﴾ ۷

۲۔ نونِ ساکنہ کے بعد، حرف هاء ﴿إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَىٰ ۝٤﴾ ۸

۳۔ نونِ ساکنہ کے بعد، حرف عین ﴿خَلَقَ ٱلْإِنسَـٰنَ مِنْ عَلَقٍ ۝٢﴾ ۹

۴۔ نونِ ساکنہ کے بعد، حرف حاء ﴿سَنَسْتَدْرِجُهُم مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ﴾ ۱۰

۵۔ نونِ ساکنہ کے بعد، حرف غین ﴿أَمْ خُلِقُواْ مِنْ غَيْرِ شَىْءٍ﴾ ۱۱

۶۔ نونِ ساکنہ کے بعد، حرف خاء ﴿أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ ٱللَّطِيفُ ٱلْخَبِيرُ﴾ ۱۲

جزرية میں اظہار کا بیان اس طرح کیا گیا ہے:

فَعِنْدَ حَرْفِ الْحَلْقِ أَظْهِرْ ....

حرف حلقی کے پاس (جب وہ تنوین یا نون ساکنہ کے بعد آئے) اظہار کیجیے۔

۱، ۲ سورة الأنعام آية ۲٦   ۳ سورة الفاتحة آية ۷،   ۴ سورة الكوثر آية ۲،   ۵ سورة الإسراء آية ۵۱

٦ سورة المائدة آية ۳،   ۷ سورة الجن آية ۱٤   ۸ سورة النجم آية ٤،   ۹ سورة العلق آية ۳   ۱۰ سورة القلم آية ٤٤

۱۱ سورة الطور آية ۳۵   ۱۲ سورة الملك آية ۱٤

الإِدْغَام

تَعْرِيفُه فِي اللُّغَة : الإِدْخَال　　　**لغت میں اِدغام کی تعریف:** داخل کرنا یا ملانا ہے۔

تَعْرِيفُهُ فِي الاصطلاح: اَلْتِقَاءُ حَرْفٍ سَاكِنٍ بِحَرْفٍ مُتَحَرِّكٍ بِحَيْثُ يَصِيرُ الْحَرْفَانِ حَرْفاً وَاحِداً مُشَدَّداً مِنْ جِنْسِ الثَّانِي.

علم تجوید کی اصطلاح میں اِدغام کی تعریف: حرفِ ساکن کا حرفِ متحرک سے اس طرح ملنا کہ یہ دونوں حروف دوسری قسم سے ایک حرفِ مُشَدَّد بن جائیں (یعنی پہلا حرف دوسرے حرف کی قسم میں تبدیل ہو جاتا ہے)۔ مثال: مِنْ رَبِّ = مِ رَّبِّ

اس مثال میں نون دوسرے حرف (راء) کے اندر مدغم ہو گیا ہے۔

حُرُوفُهُ: مَجْمُوعَة فِي كَلِمَة 'يَرْمَلُون'

اِدغام کے حروف: اِدغام کے چھ (۶) حروف ہیں اور ان کا مجموعہ لفظ 'يَرْمَلُون' ہے۔

مندرجہ بالا چھ (۶) حروف میں سے کوئی ایک حرف، نونِ ساکنہ یا تنوین کے فوراً بعد آئے تو نون دوسرے حرف میں مل جاتا ہے۔

اِدغام کا قاعدہ ہمیشہ دو لفظوں میں ہوتا ہے اور یہ کبھی بھی ایک لفظ میں نہیں ہوتا۔

اِدغام کی دو قسمیں ہیں: ۱. اِدغام بِغُنَّة　۲. اِدغام بِغير غُنة. ان دونوں قسموں کو ان شاءاللہ آگے تفصیل کے ساتھ بیان کیا جائے گا۔

اِدغَام بِغُنَّة　غنّہ کے ساتھ اِدغام

ادغام کا مطلب داخل کرنا یا ملانا

یہ کل چار (۴) حروف ہیں، جن کا مجموعہ لفظ 'يَنْمُو' (ی،ن،م،و) ہے۔ جب نونِ ساکنہ یا تنوین ایک لفظ کے آخر میں آئے اور اس کے بعد آنے والے لفظ کا پہلا حرف ان چار حروف میں سے کوئی ایک ہو تو ایسے میں 'اِدْغَام بِغُنَّة' کا قاعدہ عمل میں لایا جاتا ہے۔ مطلب یہ کہ نون کی آواز واضح نہیں ہوتی، بلکہ اسے اگلے حرف سے ملا کر غُنّہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔

اِدغَام بِغُنَّة کی مثالیں:

۱۔ یاء کے ساتھ:　﴿يَوْمَئِذٍ يُوَفِّيهِمُ ٱللَّهُ دِينَهُمُ ٱلْحَقَّ﴾۱

۲۔ نون کے ساتھ:　﴿إِن نَّقُولُ إِلَّا ٱعْتَرَىٰكَ بَعْضُ ءَالِهَتِنَا بِسُوٓءٍ﴾۲

۳۔ میم کے ساتھ:　﴿أَلَمْ نَخْلُقكُّم مِّن مَّآءٍ مَّهِينٍ ﴿٢٠﴾﴾۳

۴۔ واو کے ساتھ:　﴿مَا لَكَ مِنَ ٱللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا وَاقٍ﴾۴

---

۱ سورة النور آية ۲۵،　۲ سورة هود آية ۵۴،　۳ سورة المرسلات آية ۲۰،　۴ سورة الرعد آية ۳۷

استثناءات: چند مستثنیٰ صورتیں جہاں ادغام نہیں کیا جاتا:

اگر نونِ ساکنة کے فوراً بعد اسی ایک لفظ میں اِدغام کا کوئی ایک حرف آئے تو پھر ادغام نہیں ہوتا بلکہ اس نون کو ظاہر کر کے پڑھا جاتا ہے۔ اس صورت کو 'اِظْهَارِ مُطْلَق' کہا جاتا ہے کیونکہ یہ اِظْهَارِ حلقی کی قسم میں سے نہیں ہے جسکا پہلے بیان ہو چکا ہے اور نہ ہی یہ اظہار کی کوئی اور قسم ہے جن کا بیان ان شاء اللہ بعد میں کیا جائے گا۔ قرآن میں صرف چار (۴) الفاظ ایسے ہیں جن میں نون ساکنة کے فوراً بعد اُسی لفظ میں آنے والا اگلا حرف 'يَنْمُو' میں سے ہے لیکن عام قاعدے کے خلاف یہاں غُنّہ نہیں کیا جاتا ہے ان چاروں الفاظ میں نونِ ساکنہ کے بعد یا تو حرف 'یاءْ' یا حرف 'واوْ' ہوتا ہے۔ یہ چار الفاظ حسب ذیل ہیں:

﴿ٱلدُّنْيَا﴾، ﴿صِنْوَان﴾، ﴿بُنْيَـٰن﴾، ﴿قِنْوَان﴾

اظہار مطلق کی چند مثالیں:

۱۔ ﴿أُوْلَـٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ ٱشْتَرَوُاْ ٱلْحَيَوٰةَ ٱلدُّنْيَا بِٱلْأَخِرَة﴾[۱]

۲۔ ﴿وَنَخِيلٌ صِنْوَانٌ وَغَيْرُ صِنْوَانٍ يُسْقَىٰ بِمَآءٍ وَٰحِدٍ﴾[۲]

۳۔ ﴿كَأَنَّهُم بُنْيَـٰنٌ مَّرْصُوصٌ﴾[۳]

۴۔ ﴿وَمِنَ ٱلنَّخْلِ مِن طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ﴾[۴]

ان چار مقامات پر اِظْهَار کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اگر ادغام کیا جائے تو لفظ کے اصل معنیٰ سمجھنے میں الجھاؤ یا ابہام پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔

جزرية میں اِدْغَام بِغُنَّة اور اس کی استثناءات کا بیان اس طرح کیا گیا ہے:

> وَأَدْغِمَنْ بِغُنَّةٍ فِي : يُومِنُ إِلَّا بِكِلْمَةٍ كَـ:دُنْيَا عَنْوَنُوا
>
> غُنّہ کے ساتھ ضرور ادغام کیجیے (اگر نون ساکنہ یا تنوین کے بعد حروف) یومن (میں سے کوئی حرف) آئے، مگر ایک کلمہ میں (یہ دونوں جمع ہو گئے تو پھر ادغام نہ ہوگا) جیسے 'دُنْيَا' اور 'عَنْوَنُوا'۔

---

[۱] سورة البقرة آية ۸٦، [۲] سورة الرعد آية ٤، [۳] سورة الصف آية ٤، [۴] سورة الانعام آية ۹۹

ادغام کی ایک اور استثناء:

قرآن میں دو مقامات پر جب نونِ ساکنہ کے بعد واؤ آتا ہے تو وہاں اِدغام کی بجائے اِظہار کیا جاتا ہے۔

﴿يسٓ ۝١ وَٱلْقُرْءَانِ ٱلْحَكِيمِ ۝٢﴾[1] ﴿نٓ ۚ وَٱلْقَلَمِ﴾[2]

جب قاری حرف 'نون' اور حرف 'سین' کو اگلے حرف سے ملا کر پڑھتا ہے، جو کہ 'واؤ' ہے تو اس صورت میں اِدغام نہیں ہوتا۔ ادھر یہ بات قابلِ غور ہے کہ حرف 'نون' اور حرف 'سین' کا خاتمہ نونِ ساکنہ پر ہو رہا ہے اور یہاں پر اسی کے حوالے سے بات ہو رہی ہے۔ امام حفصؒ جو کہ ایک عظیم قاری ہیں، جن سے ہم نے یہ مخصوص طریقۂ شاطبیہ لیا ہے، اس طریقے میں اوپر دی گئی دونوں مثالوں میں نون اور سین کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اظہار کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

اِن حروف (سین اور نون) کو پڑھنے کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ نونِ ساکنہ پر وقف کیا جائے اور پھر سانس لے کر 'واؤ' سے پڑھنا شروع کیا جائے۔

إدغام بِغَيرِ غُنَّة بغیر غنہ کے ساتھ ادغام

حروف 'یَرْمَلُون' (ی، ر، م، ل، و، ن) کے مجموعے میں سے، یَنْمُو (ی، ن، م، و) کے چار حروف نکالنے کے بعد صرف دو (۲) حروف بچتے ہیں، جو اس قاعدے میں شامل ہیں۔ یہ حروف 'لام' اور 'راء' ہیں۔ نونِ ساکنہ یا تنوین کے بعد، اگلے لفظ کا آغاز اگر ان دونوں حروف میں سے کسی ایک سے ہو رہا ہو (یعنی 'را' یا 'لام' سے) تو ہم نون کو بغیر غنہ کے مکمل طور پر اس حرف میں داخل کر دیں گے۔ اسی بنا پر اس کو إدْغَام كَامِل بِغَير غُنّة بھی کہا جاتا ہے۔

إدغام بِغَيرِ غُنَّة کی مثالیں:

۱۔ لام کے ساتھ ﴿وَلَـٰكِن لَّا يَشْعُرُونَ﴾[3]

﴿وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ۝١﴾[4]

۲۔ راء کے ساتھ ﴿كُلُوا۟ مِن رِّزْقِ رَبِّكُمْ﴾[5]

﴿إِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ﴾[6]

---

[1] سورۃ یس آیۃ ۱-۲، [2] سورۃ القلم آیۃ ۱، [3] سورۃ البقرۃ آیۃ ۱۲، [4] سورۃ الھمزۃ آیۃ ۱،

[5] سورۃ سبأ آیۃ ۱۵، [6] سورۃ النحل آیۃ ۷

اِستثناء: چند مستثنیٰ صورتیں جہاں ادغام نہیں کیا جاتا:

قراءَتِ امام حفصؒ عن عاصمؒ من طریق الشاطبیةؒ کے تحت، سورۃ القیامہ کی آیت نمبر ۲۷، ادغام بغیر غنہ کے حکم سے مستثنیٰ ہے، یعنی یہاں پر اِدغام کے بجائے، اِظہار کیا جاتا ہے۔ اس کی وجہ سکت ہے۔ قرآن میں اس کی مثال صرف ایک جگہ پر پائی جاتی ہے:

﴿وَقِيلَ مَنْۜ رَاقٍ ۝٢٧﴾[1]

یہاں ہم 'وَقِيلَ مَنْ' پڑھ کر، بغیر سانس لیے مختصر وقت کے لیے رک کر اگلا لفظ 'رَاقٍ' پڑھتے ہیں۔ سکت کی وجہ سے اِدغام نہیں ہوتا کیونکہ یہ 'نون' اور 'راء' کو آپس میں ملنے سے روک دیتا ہے۔

سکت کی تعریف: سانس توڑے بغیر مختصر وقف اختیار کرنے کا نام سکت ہے۔

جزرية میں اِدْغَام بِغُنَّه اوراس کی استثناءات کا بیان اس طرح کیا گیا ہے:

> ....وَادَّغِمِ فِي اللَّامِ وَالرَّا لَا بِغُنَّةٍ لَزِمْ
>
> 'لامْ' اور 'راءْ' کے معاملہ میں بغیر غنّہ کے اِدغام کیجیے (اگر نونِ ساکنہ یا تنوین کے بعد دوحروف لام یا راء آئیں)۔

ادغام حقیقی ادغام (یرملون)

ادغام کامل بغیر غنہ (ل ر) — ادغام بغنہ (ینمو)

ادغام کامل — ادغام ناقص (ی، و) — ادغام کامل (ن، م)

[1] سورۃ القیامۃ آیۃ ۲۷

اِدْغَام کَامِل وَاِدْغَام نَاقِص

ادْغَام کَامِل:

علمائے تجوید اس بات پر متفق ہیں کہ جب نونِ ساکنہ یا تنوین کا نون 'لام' یا 'راء' سے ملتا ہے تو پھر یہ مکمل ادغام ہوتا ہے۔ یعنی اداء کرتے وقت نونِ ساکنہ کا کوئی اثر باقی نہیں رہتا بلکہ یہ مکمل طور پر 'لام' یا 'راء' میں شامل ہو جاتا ہے۔ اکثر علماء اتفاق کرتے ہیں کہ جب نونِ ساکنہ یا تنوین، 'میم' یا 'نون' سے ملتے ہیں تو یہ بھی ادغام کامل ہی شمار ہوتا ہے۔ ادغام کامل پر تشدید کی علامت ہوتی ہے اور یہ حرف 'مُـدْغَـم فِيـهِ' (وہ حرف جس کے اندر نون ساکنہ یا تنوین کا ادغام ہوتا ہے) میں پائی جاتی ہے جو 'لام'، 'راء' 'میم'، یا 'نون' ہیں۔

ادْغَامِ کَامِل کی مثالیں:

١۔ نون کے ساتھ: ﴿لَّا تَجْزِى نَفْسٌ عَن نَّفْسٍ شَيْـًٔا ﴾١

٢۔ میم کے ساتھ: ﴿نَّبَذَهُۥ فَرِيقٌ مِّنْهُم﴾٢

٣۔ لام کے ساتھ: ﴿فَإِنَّ ٱللَّهَ عَدُوٌّ لِّلْكَـٰفِرِينَ﴾٣

٤۔ راء کے ساتھ: ﴿أُوْلَـٰٓئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ﴾٤

ادْغَام نَاقِص

علمائے تجوید کا اس بات پر بھی اتفاق رائے ہے کہ جب نونِ ساکنہ یا تنوین، 'واؤ' یا 'یاء' سے ملتے ہیں تو پھر یہ ادغام ناقص کہلاتا ہے (نامکمل اِدغام)۔ کیونکہ 'نون' کا غنہ باقی رہتا ہے جو کہ اس کی لازمی صفت ہے جبکہ 'واؤ' اور 'یاء' میں غنہ کی صفت نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن کے اکثر نسخوں میں اِن حروف پر تشدید کی علامت نظر نہیں آتی۔

ادْغَامِ نَاقِص کی مثالیں:

١۔ واو کے ساتھ: ﴿خُذُواْ مَآ ءَاتَيْنَـٰكُم بِقُوَّةٍ وَٱسْمَعُواْ﴾٥

٢۔ یاء کے ساتھ: ﴿وَمَن يَتَبَدَّلِ ٱلْكُفْرَ بِٱلْإِيمَـٰنِ﴾٦

---

١ سورة البقرة آية ٤٨، ٢ سورة البقرة آية ١، ٣ سورة سبأ آية ١٥، ٤ سورة النحل آية ٧

٥ سورة البقرة آية ٩٣، ٦ سورة البقرة آية ١٠٨

القَلْب (الإِقْلاب)

تَعْرِيفُهُ فِي اللُّغَة: التَّحْوِيل   لغت میں اقلاب کی تعریف: تبدیل کرنا یا بدل دینا ہے۔

تَعْرِيفُهُ فِي الاصْطِلَاح: قَلْبُ النُّونِ السَّاكِنَةِ أَوْ التَّنْوِينِ مِيمًا عِنْدَ البَاءِ مَعَ مُرَاعَاةِ الغُنَّةِ والإِخْفَاء.

علمِ تجوید کی اصطلاح میں اِقلاب کی تعریف: نونِ ساکنہ یا تنوین کے بعد حرف اگر حرف 'باء' آئے تو اس کو 'میم' میں تبدیل کرنا اور اس 'میم' کو غنہ کے ساتھ چھپانا اقلاب کہلاتا ہے۔

حُرُوفُه: لَهُ حَرْفٌ وَاحِدٌ هُوَ حَرْفُ البَاء

اقلاب کے حروف: اس کا صرف ایک ہی حرف ہے اور وہ حرف 'باءَ' ہے۔

اگر نونِ ساکنہ یا تنوین کے فوراً بعد حرف 'باء' آئے خواہ وہ ایک لفظ میں ہو یا دو لفظوں کے درمیان (یعنی ایک لفظ نونِ ساکنہ یا تنوین پر ختم ہو رہا ہو اور دوسرا لفظ 'باء' سے شروع ہو رہا ہو) تو پھر قاری کے لیے ضروری ہے کے وہ نونِ ساکنہ یا تنوین کو 'میم' میں بدل کر غُنَّہ کے ساتھ پڑھے۔ یہ تبدیلی لکھنے میں نہیں ہوتی صرف اداء کرنے میں ہوتی ہے۔

مثال: أَنْ کے بجائے أَمْ اور مِنْ کے بجائے مِمْ پڑھا جاتا ہے۔

آپ نے ملاحظہ کیا ہوگا کہ قرآن کے اکثر نسخوں میں اِقلاب کی صورت میں نونِ ساکنہ کے اوپر یا نیچے ایک چھوٹا سا 'میم' لکھا ہوتا ہے یا پھر تنوین کی دوسری حرکت کی جگہ ایک چھوٹا سا 'میم' لکھا جاتا ہے۔

اِقلاب کی مثالیں:

نون ساکِنہ کے بعد باء: ﴿فَقَالَ أَنۢبِـُٔونِى بِأَسْمَآءِ هَـٰٓؤُلَآءِ إِن كُنتُمْ صَـٰدِقِينَ ﴿٣١﴾﴾ ١

﴿لِلَّهِ ٱلْأَمْرُ مِن قَبْلُ وَمِنۢ بَعْدُ﴾ ٢

تنوین کے بعد باء: ﴿وَٱللَّهُ عَلِيمٌۢ بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ ﴿٤﴾﴾ ٣

﴿إِنَّ ٱللَّهَ خَبِيرٌۢ بِمَا تَعْمَلُونَ﴾ ٤

جزرية میں اقلاب کا بیان اس طرح کیا گیا ہے:

> وَالقَلْبُ عِنْدَ البَا بِغُنَّةٍ ....
>
> حرف باء کے پاس غنّہ کے ساتھ اِقلاب کیا جائے گا۔

---

١ سورة البقرة آية ٣١، ٢ سورة الروم آية ٤، ٣ سورة التغابن آية ٤، ٤ سورة الحشر آية ١٨

<u>اِقلاب کے حکم پر صحیح عمل کے لئے تین چیزیں ضروری ہیں:</u>

۱۔ قَلْبُ النُّونِ السَّاكِنَةِ أَوْ التَّنْوِينِ مِيمًا

نونِ ساکنہ یا تنوین کو 'میم' میں اس طرح <u>تبدیل کیا جائے</u> کہ اس میں نونِ ساکنہ یا تنوین کا کوئی اثر باقی نہ رہے۔

۲۔ إِخْفَاءُ هَذِهِ الْمِيمِ عِنْدَ الْبَاءِ

اس میم کو <u>چھپایا جائے</u>۔ یعنی میم کے لیے ہونٹوں کو بند کیا جائے اور پھر <u>باء کے لیے</u> ہونٹوں کو جدا کیا جائے۔

۳۔ إِظْهَارُ الْغُنَّةِ مَعَ الإِخْفَاءِ

میم کو اس طرح چھپایا جائے کہ ادا کرتے وقت <u>غنّہ ظاہر ہو</u>۔ غنّہ کو میم کے ساتھ ہی ادا کیا جاتا ہے۔ اس کا نونِ ساکنہ یا تنوین سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

۱۔ تنوین اور نون ساکنہ کو میم میں تبدیل کرنا
2۔ میم کو چھپاتے ہوئے ہونٹوں کو باء پر جدا کرنا
3 - میم کو چھپاتے ہوئے غنہ کرنا

مِنْ بَعْدِ

الإخْفَاء الْحَقِيقِي

تَعْرِيفُهُ فِي اللُّغَة: السَّتْر   لغت میں اِخفاء کی تعریف: چھپانا۔

تَعْرِيفُهُ فِي الاصْطِلاح: هُوَ النُّطْقُ بِحَرْفٍ سَاكِنٍ عَارٍ عَنِ التَّشْدِيد عَلَى صِفَةٍ بَينَ الإظْهَار والإدْغَامِ مَعَ بَقَاءِ الغُنَّةِ فِي الْحَرْفِ الأَولِ وَهُوَ هُنَا النُّونُ السَّاكِنَةِ وَالتَّنْوِين.

علم تجوید کی اصطلاح میں اِخفاء کی تعریف: حرفِ ساکن جو تشدید سے خالی ہو (یعنی بغیر تشدید) اس کو اظہار اور اِدغام کی درمیانی صفت سے ادا کرتے ہوئے پہلے حرف کو غنہ کے ساتھ پڑھنا اِخفا کہلاتا ہے اور یہاں پہلا حرف نون ساکنہ یا تنوین ہے۔

حُرُوفه: خمسة عشر حرفًا. وَقَد جُمِعَت هَذِهِ الحُرُوف فِي أَوَائِل كَلِمات هَذَا الْبيت

صِفْ ذَا ثَنَا كَمْ جَادَ شَخْصٍ قَدْ سَمَا   دُمْ طَيِّبًا زِدْ فِي تُقَى ضَعْ ظَالِمَا

اِخفاء کے حروف: اخفاء کے حروف تعداد میں پندرہ (۱۵) ہیں۔ یہ حروف اوپر دیئے ہوئے شعر میں ہر لفظ کے پہلے حرف میں پائے جاتے ہیں۔ اِظہار، اِدغام، واِقلاب کے حروف کے علاوہ باقی تمام حروف تہجی، اخفاء کے ہیں۔ یہ حروف درج ذیل ہیں:

التاء - الثاء - الجيم - الدال - الذال - الزاي - السين - الشين - الصاد - الضاد - الطاء- الظاء- الفاء- القاف - الكاف

اگران میں سے کوئی ایک حرف، نونِ ساکنہ کے بعد آئے خواہ یہ ایک ہی لفظ میں ہو یا دو لفظوں کے درمیان ہو یا پھر تنوین کے بعد اگلے لفظ کے شروع میں آئے تو ایسی صورت میں نون کی آواز کو چھپا کے پڑھا جاتا ہے۔ اس کو 'اِخفائے حقیقی' کہتے ہیں۔

اخفائے حقیقی کی مثالیں:

۱۔ نونِ ساکنہ کے بعد حرف صاد: ﴿وَلَيَنصُرَنَّ ٱللَّهُ مَن يَنصُرُهُۥٓ﴾[۱]

۲۔ نونِ ساکنہ کے بعد حرف ذال: ﴿فَوَيْلٌ لِّلْقَٰسِيَةِ قُلُوبُهُم مِّن ذِكْرِ ٱللَّهِ﴾[۲]

۳۔ نونِ ساکنہ کے بعد حرف ثاء: ﴿ٱللَّهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ أُنثَىٰ﴾[۳]

۴۔ نونِ ساکنہ کے بعد حرف کاف: ﴿وَإِن كُلٌّ لَّمَّا جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ﴾[۴]

۱ سورة الحج آية ۴۰، ۲ سورة الزمر آية۲۲، ۳ سورة الرعد آية۸، ۴ سورة يس آية۳۲

۵۔ نونِ ساکنہ کے بعد حرف جیم: ﴿كَذَٰلِكَ حَقًّا عَلَيْنَا نُنجِ ٱلْمُؤْمِنِينَ﴾[1]

۶۔ نونِ ساکنہ کے بعد حرف شین: ﴿وَإِن مِّن شَيْءٍ إِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهِ﴾[2]

۷۔ نونِ ساکنہ کے بعد حرف قاف: ﴿أَيَّ مُنقَلَبٍ يَنقَلِبُونَ﴾[3]

۸۔ نونِ ساکنہ کے بعد حرف سین: ﴿إِنَّ ٱلْإِنسَٰنَ لَفِى خُسْرٍ﴾[4]

۹۔ نونِ ساکنہ کے بعد حرف دال: ﴿لَيْسَ لَهَا مِن دُونِ ٱللَّهِ كَاشِفَةٌ﴾[5]

۱۰۔ نونِ ساکنہ کے بعد حرف طاء: ﴿هَٰذَا كِتَٰبُنَا يَنطِقُ عَلَيْكُم بِٱلْحَقِّ﴾[6]

۱۱۔ نونِ ساکنہ کے بعد حرف زای: ﴿قَدْ أَفْلَحَ مَن زَكَّىٰهَا﴾[7]

۱۲۔ نونِ ساکنہ کے بعد حرف فاء: ﴿يَوْمَ يُنفَخُ فِى ٱلصُّورِ فَتَأْتُونَ أَفْوَاجًا﴾[8]

۱۳۔ نونِ ساکنہ کے بعد حرف تاء: ﴿وَلَا تُؤْمِنُوٓا۟ إِلَّا لِمَن تَبِعَ دِينَكُمْ﴾[9]

۱۴۔ نونِ ساکنہ کے بعد حرف ضاد: ﴿حِجَارَةً مِّن سِجِّيلٍ مَّنضُودٍ﴾[10]

۱۵۔ نونِ ساکنہ کے بعد حرف ظاء: ﴿فَلْيَنظُرِ ٱلْإِنسَٰنُ إِلَىٰ طَعَامِهِۦٓ﴾[11]

تنوین کے ساتھ مثالیں:

۱۔ تنوین کے بعد حرف صاد: ﴿مِّنَ ٱلْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا۟ مَا عَٰهَدُوا۟ ٱللَّهَ عَلَيْهِ﴾[12]

۲۔ تنوین کے بعد حرف ذال: ﴿سَيَصْلَىٰ نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝﴾[13]

۳۔ تنوین کے بعد حرف ثاء: ﴿وَأَنزَلْنَا مِنَ ٱلْمُعْصِرَٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا﴾[14]

۴۔ تنوین کے بعد حرف کاف: ﴿يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱذْكُرُوا۟ ٱللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا﴾[15]

۵۔ تنوین کے بعد حرف جیم: ﴿وَكَانَ ٱلْإِنسَٰنُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا﴾[16]

۶۔ تنوین کے بعد حرف شین: ﴿لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ﴾[17]

۷۔ تنوین کے بعد حرف قاف: ﴿وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ قَلِيلًا مَّا تُؤْمِنُونَ﴾[18]

---

[1] سورة يونس آية۱۰۳، [2] سورة الإسراء آية٤٤، [3] سورة الشعراء آية۲۲۷، [4] سورة العصر آية۲، [5] سورة النجم آية٥٨، [6] سورة الجاثية آية۲۹، [7] سورة الشمس آية۹، [8] سورة النبأ آية۱۸، [9] سورة آل عمران آية۷۳، [10] سورة هود آية۸۳، [11] سورة عبس آية٢٤، [12] سورة الأحزاب آية۲۳، [13] سورة المسد آية۳، [14] سورة النبا آية١٤، [15] سورة الأحزاب آية٤١، [16] سورة الكهف آية٥٤، [17] سورة آل عمران آية٤، [18] سورة الحاقة آية١

۸۔ تنوین کے بعد حرف سین: ﴿ وَلْيَقُولُوا۟ قَوْلًا سَدِيدًا ﴾[۱]

۹۔ تنوین کے بعد حرف دال: ﴿ أَئِفْكًا ءَالِهَةً دُونَ ٱللَّهِ تُرِيدُونَ ﴾[۲]

۱۰۔ تنوین کے بعد حرف طاء: ﴿ وَمِنَ ٱلَّيْلِ فَٱسْجُدْ لَهُۥ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيلًا ﴾[۳]

۱۱۔ تنوین کے بعد حرف زای: ﴿ وَنَحْشُرُ ٱلْمُجْرِمِينَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ﴾[۴]

۱۲۔ تنوین کے بعد حرف فاء: ﴿ أَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَن تَسْتَطِيعَ ﴾[۵]

۱۳۔ تنوین کے بعد حرف تاء: ﴿ يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُونَ لَا تَخْفَىٰ مِنكُمْ خَافِيَةٌ ﴾[۶]

۱۴۔ تنوین کے بعد حرف ضاد: ﴿ فَإِنَّ لَهُۥ مَعِيشَةً ضَنكًا ﴾[۷]

۱۵۔ تنوین کے بعد حرف ظاء: ﴿ فَلَا تُمَارِ فِيهِمْ إِلَّا مِرَآءً ظَٰهِرًا ﴾[۸]

جزرية میں اِخفاء کا بیان اس طرح کیا گیا ہے:

.... كَذَا الِاخْفَا لَدَى بَاقِي الْحُرُوفِ أُخِذَا

اسی طرح اِخفائے حقیقی بقیہ (۱۵) حروف کے پاس غنّہ کے ساتھ ہوتا ہے (یعنی حروفِ اظہار و ادغام و اقلاب کے علاوہ باقی حروف میں)۔

اہم وضاحت:

نونِ ساکنہ جب اِخفاء کی حالت میں ہو اور اس سے پہلے والے حرف پر ضَمَّة ہو تو اسے مکمل طور پر ادا کرنا چاہیے لیکن وقت کو معمول سے زیادہ طول نہ دیا جائے۔ مراد یہ کہ ضَمَّة کا تناسب معیاری ہونا چاہیے، اتنا لمبا نہ ہو کہ 'واؤ' بن جائے۔ یہ غلطی بعض اوقات لفظ 'كُنتُم' میں غالب ہوتی ہے۔

ایسی ہی غلطی سے اُس وقت بھی اجتناب کرنا چاہیے جب مخفی نون سے پہلے والے حرف پر کسرة ہو۔ جیسے: لفظ 'مِنكُم'۔

اخفاء میں ایک اور غلطی عام ہے اور وہ یہ کہ اِخفاء کو ادا کرتے وقت زبان اوپر کے دو دانتوں سے چپکا دی جاتی ہے۔ ایسا کرنے سے سامع کو نون، غنہ کے ساتھ واضح طور پر سنائی دیتا ہے۔ یعنی نونِ مخفی کے بجائے نونِ مظہرہ سنائی دیتا ہے۔ اِخفاء کو درست ادا کرنے کے لیے زبان کو اس اخفاء کا باعث بننے والے حرف کے مخرج کو چھوئے بغیر اس کے قریب ہونا چاہیے۔

[۱] سورة النساء آية۹، [۲] سورة الصافات آية۸۶، [۳] سورة الإنسان آية۲۶، [۴] سورة طه آية۱۰۲،
[۵] سورة الكهف آية٤١، [۶] سورة الحاقة آية۱۸، [۷] سورة طه آية١٢٤، [۸] سورة الكهف آية۲۲

نونِ ساکنہ کے مختلف احکام کے مطابق، تنوین کی کتابت میں تبدیلیاں

آپ نے شاید غور کیا ہو کہ تنوین کتابت میں مختلف الفاظ میں تھوڑی بہت تبدیلی کے ساتھ نظر آتی ہے۔ تنوین کی شکل مختلف اَحکام کے ساتھ مختلف ہوتی ہے۔ جب تنوین کے فوراً بعد اگلے لفظ کے شروع میں اِظھــار کا کوئی ایک حرف آئے تو پھر تنوین کی دونوں حرکات ایک دوسرے کے اوپر برابر ہوتی ہیں چاہے یہ تنوین فَتْحَة یا كَسْرَة ہو اور یہ اسم کے آخری حرف کے بالکل اوپر یا نیچے ہوتی ہے۔ تنوین ضمة میں صرف ایک ضَمَّة لکھا ہوتا ہے اور اسی ضَمَّة کے اوپر ایک لکیر ہوتی ہے:

﴿كُفُوًا أَحَدٌ﴾ ١، ﴿شَيْءٍ عَلِيمٌ﴾ ٢، ﴿سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ﴾ ٣

اِظهار مع فتحة   اِظهار مع كسرة   اِظهار مع ضمة

البتہ اِدغام و اِخفاء کی حالت میں تنوین کی دو علامتیں آپس میں یکساں نہیں ہوتی۔ مندرجہ ذیل مثالوں پہ غور کیجیے:

﴿رِزْقًا لَّكُمْ﴾ ٤، ﴿رَيْبٍ مِّمَّا﴾ ٥، ﴿ظُلُمَٰتٌ وَرَعْدٌ﴾ ٦،

اِدغام مع فتحة   اِدغام مع كسرة   اِدغام مع ضمة

﴿نَارًا فَلَمَّآ﴾ ٧، ﴿شَيْءٍ قَدِيرٌ﴾ ٨، ﴿عُمْيٌ فَهُمْ﴾ ٩

اِخفاء مع فتحة   اِخفاء مع كسرة   اِخفاء مع ضمة

اِقلاب کی حالت میں، تنوین کا دوسرا فَتْحَة، یا كَسْرَة، یا ضَمَّة ایک چھوٹے سے میم کی صورت میں لکھا جاتا ہے۔
مندرجہ ذیل مثالوں پہ غور کیجیے:

﴿لَنَسْفَعًا بِٱلنَّاصِيَةِ﴾ ١٠، ﴿أَلِيمٌ بِمَا﴾ ١١، ﴿كَافِرٍ بِهِ﴾ ١٢

اِقلاب مع فتحة   اِقلاب مع ضمة   اِقلاب مع كسرة

کتابت میں ساری مختلف علامتیں اس لیے وضع کی گئی ہیں تا کہ ان علامتوں سے طالبِ علم مستفید ہو سکے اور تلاوت کے وقت اسے معلوم ہو سکے کہ کس جگہ پر کونسا حکم نافذ کرنا ہے۔ تنوین کا یہ فرق طالبِ علم کو پڑھتے وقت قاعدوں کی پہچان اور عمل میں مدد دیتا ہے۔

---

١ سورة الاخلاص آية ٤، ٢ سورة البقرة آية ٢٩، ٣ سورة البقرة آية ٦، ٤ سورة البقرة آية ٢٢، ٥ سورة البقرة آية ٢٣، ٦ سورة البقرة آية ١٩، ٧ سورة البقرة آية ١٧، ٨ سورة البقرة آية ٢٠، ٩ سورة البقرة آية ١٨، ١٠ سورة العلق آية ١٥، ١١ سورة البقرة آية ١٠، ١٢ سورة البقرة آية ٤١

چوتھا باب

أَحْكَامُ الْمِيمِ السَّاكِنَة

مِیمِ سَاکِنہ کے اَحکام

أَحْكَامُ الْمِيمِ السَّاكِنَة　میمِ ساکِنہ کے اَحکام

تَعْرِيفُ الْمِيمِ السَّاكِنَة: هِيَ الْمِيمُ الْخَالِيَةُ مِنَ الْحَرَكَةِ وَهِيَ الَّتِي سُكُونُهَا ثَابِتٌ فِي الْوَصْلِ وَالْوَقْفِ.

میم ساکنہ کی تعریف: میمِ ساکنہ وہ میم ہے جو حرکت سے خالی ہوتی ہے اور اس کا سکون وصلاً ووقفاً قائم رہتا ہے۔

وصلاً: ملانے کی صورت میں۔

وقفاً: رکنے کی صورت میں۔

وہ میم اس قاعدے سے خارج ہو جاتی ہے جو اصل میں ساکن تھی لیکن اگلے حرف پر سکون ہونے کے باعث اسے عارضی حرکت دے دی گئی۔

ایک اہم قاعدہ: عربی زبان میں دو ساکن حروف اکٹھے نہیں پڑھے جاتے۔ یعنی جب ایک ساکن حرف پہلے لفظ کے آخر میں ہو اور دوسرا اگلے لفظ کے شروع میں۔ اس مشکل کو حل کرنے کے لیے پہلے ساکن حرف کو (حرف مد کے علاوہ) حرکت دے دی جاتی ہے۔

جیسے: ﴿قُمِ ٱلَّيْلَ﴾[1]

اس مثال میں قُمْ کی میم ساکنہ کو کسرہ دیا گیا ہے۔

اگر پہلا ساکن حرفِ مدّ ہو تو اس حرف کو ختم کر کے اس سے پہلے والے حرف (جس پر حرکت پائی جاتی ہو) کو پڑھتے ہیں۔

جیسے: ﴿وَأَقِيمُواْ ٱلصَّلَوٰةَ﴾[2]

اس مثال میں وَأَقِيمُوا کو وَأَقِيمُ پڑھا جائے گا، کیونکہ اسے الصَّلوة سے ملانا ہے، جن کا پہلا حرف بھی ساکن ہے۔

وہ میم بھی اس قاعدے سے خارج ہے جو اصل میں متحرک ہے، لیکن وقف کی صورت میں اسے خود ساکن کیا جاتا ہے کیونکہ عربی قاعدے کے مطابق متحرک حرف کو وقف کی صورت میں عارضی طور پر ساکن کیا جاتا ہے۔ اسے حرکت کے ساتھ نہیں پڑھا جاتا۔

جیسے: ﴿ٱلسَّمِيعُ ٱلْعَلِيمُ﴾[3]

---

[1] سورة المزمل آية٢،　[2] سورة المزمل آية ٢٠،　[3] سورة البقرة آية١٢٧

میمِ ساکنہ،لفظ کے درمیان اور لفظ کے آخر میں بھی پائی جاتی ہے۔ یہ اسم، فعل اور حرف تینوں میں پائی جاتی ہے۔

میمِ ساکنہ کی مثالیں:

١۔ مثالِ اسم: (الْحَمْدُ) ﴿لَهُ ٱلْحَمْدُ فِى ٱلْأُولَىٰ وَٱلْآخِرَةِ﴾[1]

٢۔ مثالِ فعل: (قُمْتُمْ) ﴿إِذَا قُمْتُمْ﴾[2]

٣۔ مثالِ حرف: (أَمْ) ﴿أَمْ لَمْ يُنَبَّأْ﴾[3]

میمِ ساکنہ کے قواعد میں المیم الجمع بھی شامل ہے۔ ہمیشہ نہیں لیکن بعض اوقات جب میم ساکنہ لفظ کے آخر میں آئے تو وہ جمع کے صیغے میں آتی ہے۔ جیسے: ﴿وَلَكُم مَّا كَسَبْتُمْ﴾[4] 'وَلَكُمْ' کا مطلب ہے 'تم لوگوں کے لیے' یعنی تم جمع کے لیے اور ﴿وَلَهُمْ فِيهَآ أَزْوَاجٌ﴾[5] 'وَلَهُمْ' کا مطلب ہے 'اُن لوگوں کے لیے'۔

میمِ ساکنہ کے تین قاعدے ہیں:

١. الإخْفَاء الشَّفَوِي

٢. الإِدْغَام الصَّغِير

٣. الإِظْهَار الشَّفَوِي

---

[1] سورة القصص آية ٧٠، [2] سورة المائدة آية ٦، [3] سورة النجم آية ٣٦، [4] سورة البقرة آية ١٣٢، [5] سورة البقرة آية ٢٥

الإخْفَاء الشَّفَوِي

تَعْرِيفُهُ فِي اللُّغَة: السَّتر　　لغت میں اِخفاء کی تعریف: چھپانا۔

تَعْرِيفُهُ فِي الاصْطِلاحِ: هُوَ النُّطْقُ بِحَرْفٍ سَاكِنٍ عَارٍ عَنِ التَّشْدِيد عَلَى صِفَةٍ بَيْنَ الإظْهَار والإدْغَامِ مَعَ بَقَاءَ الغُنَّةِ فِي الْحَرْفِ الأَولِ وَهُوَ هُنَا المِيم السَّاكِنَة.

علم تجوید کی اصطلاح میں اخفاء شفوی کی تعریف: حرف ساکن جو تشدید سے خالی ہو (یعنی بغیر تشدید) اس کو اِظہار اور اِدغام کی درمیانی صفت سے ادا کرتے ہوئے پہلے حرف کو غُنّہ کے ساتھ پڑھنا اِخْفَاء شَفَوِي کہلاتا ہے۔ یہاں پہلا حرف میم ساکنہ ہے۔

حُرُوفُه: لَهُ حَرْفٌ وَاحِدٌ هُوَ حَرْفُ البَاء

اخفائے شفوی کے حروف: اس کا صرف ایک ہی حرف ہے اور وہ حرف باء (ب) ہے۔

اگر میم ساکنہ کے فوراً بعد حرف باء (ب) آئے (اور یہ ہمیشہ دو لفظوں کے درمیان پایا جاتا ہے) تو پھر میم کو غنہ کے ساتھ چھپایا جاتا ہے۔ اس کو 'إِخْفَاء شَفَوِيًّا' کہا جاتا ہے۔ اس کو 'إِخْفَاء' اس لیے کہتے ہیں کیونکہ اس میں میم کو چھپایا جاتا ہے۔ 'شَفَة' عربی زبان میں ایک ہونٹ کو کہتے ہیں اور حرف 'میم' چونکہ دونوں ہونٹوں کو بند کرنے سے ادا ہوتا ہے، اس لیے اسے 'شَفَوِي' کہا جاتا ہے۔

إِخْفَاء شَفَوِي کی مثالیں:

۱۔ میمِ ساکنہ کے بعد حرف باء:　﴿إِنَّ رَبَّهُم بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيرٌ ﴿١١﴾﴾[1]

۲۔ میمِ ساکنہ کے بعد حرف باء:　﴿تَرْمِيهِم بِحِجَارَةٍ مِّن سِجِّيلٍ ﴿٤﴾﴾[2]

جزرية میں إِخْفَاء شَفَوِي کا بیان اس طرح کیا گیا ہے:

..........................وَأَخْفِيَنْ

الْمِيمَ إِنْ تَسْكُنْ بِغُنَّةٍ لَدَى　　بَاءٍ عَلَى الْمُخْتَارِ مِنْ أَهْلِ الأَدَا

اگر میمِ ساکنہ کے بعد حرف باء (ب) آجائے تو لازمًا غنّہ کے ساتھ اخفاء کیجیے۔

یہ طرزِ عمل تجوید کے اہلِ فن نے اختیار کیا ہے۔

---

[1] سورة العاديات آية ١١، [2] سورة الفيل آية ٤،

(الإِدْغَام الصَّغِير　(الإِدْغَام الْمِثْلَين))

تَعْرِيفُه فِي اللُّغَة: الإِدْخَال　　لغت میں اِدغام کی تعریف: داخل کرنا، ملانا

تَعْرِيفُهُ فِي الاصطلاح: اِلْتِقَاءُ حَرْفٍ سَاكِنٍ بِحَرْفٍ مُتَحَرِّكٍ بِحَيْثُ يَصِيرُ الْحَرْفَانِ حَرْفاً وَاحِداً مُشَدَّداً مِنْ جِنْسِ الثَّانِي.

علم تجوید کی اصطلاح میں ادغام صغیر کی تعریف: حرفِ ساکن کا حرفِ متحرک سے ملنا ادغام ہے جس سے یہ دو حروف دوسری قسم سے ایک حرفِ مُشَدَّد بن جائیں (یعنی پہلا حرف، دوسرے حرف کی قسم میں تبدیل ہو جاتا ہے)۔

مثال: عليهِمْ مِن = عليهِ مِّن اس مثال میں پہلا میم دوسرے میم کے اندر مدغم ہو گیا ہے۔

حُرُوفُه: لَهُ حَرْفٌ وَاحِدٌ هُوَ حَرْفُ الْمِيم

اِدغامِ صغیر کے حروف: اس کا صرف ایک ہی حرف ہے اور وہ حرف (میم) ہے۔

اگر میمِ ساکنہ کے فوراً بعد متحرک میم آئے خواہ وہ اسی لفظ میں ہو یا دو لفظوں کے درمیان تو پھر ایسی صورت میں ضروری ہے کہ میم ساکنہ اور میم متحرکہ کو ملا دیں۔ دونوں کے ملنے کی وجہ سے ہی یہ حرفِ مُشَدَّد بنتا ہے۔ اسے 'إِدْغَام مِثْلَين صَغِيرًا مَعَ الْغُنَّة' کہا جاتا ہے۔ یہ 'إِدْغَام' اس لیے کہلاتا ہے کیونکہ میم ساکنہ کو میم متحرکہ میں داخل کر دیا جاتا ہے۔ 'مِثْلَين' سے مراد ہے دو ایک جیسے۔ یعنی یہاں مُدْغِم اور مُدْغَم فِيه (داخل ہونے والا اور جس میں داخل ہو رہا ہے) دونوں اپنے مخرج اور صفات میں یکساں ہیں۔ اِدغام کی صورت میں پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہوتا ہے اس لیے اسے 'صَغِير' کہا جاتا ہے۔ غُنَّہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ ادغام کو ادا کرتے وقت غنّہ کا خیال رکھا جائے۔

اِدْغَام مِثْلَين صَغِير کی مثالیں:

﴿الٓمٓصٓ ①﴾[1]　﴿الٓمٓ ①﴾[2]　﴿وَلَكُم مَّا كَسَبْتُم﴾[3]

﴿كَم مِّن فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً﴾[4]

جزرية میں اِدْغَام مِثْلَين صَغِير کا بیان اس طرح کیا گیا ہے:

> وَأَظْهِرِ الْغُنَّةَ مِنْ نُونٍ وَمِنْ　　مِيمٍ إِذَا مَا شُدِّدَا
>
> جب بھی نون اور میم مُشَدَّد آ جائیں تو آپ دونوں مقامات پر غُنَّہ کیجیے۔

---

[1] سورة الأعراف آية ١، [2] سورة البقرة آية ١، [3] سورة البقرة آية ١٤١، [4] سورة البقرة آية ٢٤٩

الإِظْهَار الشَّفَوِي

تَعرِيفُهُ فِي اللُّغَة: البَيَان　　**لغت میں اظہار کی تعریف:** کسی چیز کو ظاہر یا واضح کرنا اظہار ہے۔

تَعرِيفُهُ فِي الاِصْطِلاح: إِخْرَاجُ كُلِّ حَرْفٍ مِن مَخرَجِهِ مِنْ غَيرِ غُنَّةٍ زِيَادَة فِي الْحَرْفِ الْمُظْهَر.

علم تجوید کی اصطلاح میں اظہار شفوی کی تعریف: ہر حرف کو اس کے مخرج سے حرفُ المظهر پر زیادة غنہ کے بغیر ادا کرنا۔

حُرُوفُه: سِتة وَعِشْرُون حَرْفًا هِيَ الْبَاقِيَة مِنَ الْحُرُوف الْهِجَائِية

اس کے حروف: اِخفاء اور اِدغام کے حروف (یعنی باء اور میم) نکال کر عربی کے بقیہ چھبیس (۲۶) حروف تہجی اس میں شامل ہیں۔

ان چھبیس ۲۶ حروف میں سے اگر کوئی ایک حرف، میم ساکنہ کے بعد آئے تو میم کو بالکل واضح طور پر ادا کیا جاتا ہے۔

یہ قاعدہ ایک لفظ میں بھی ہو سکتا ہے اور دو لفظوں کے درمیان بھی۔

الإظهار الشّفوي کی مثالیں:

ایک لفظ میں: ﴿ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿٢﴾﴾ ۱

﴿وَكُلَّ إِنسَٰنٍ أَلْزَمْنَٰهُ طَٰٓئِرَهُۥ فِى عُنُقِهِۦ﴾ ۲

﴿وَتِلْكَ ٱلْأَمْثَٰلُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ﴾ ۳

﴿وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِم مَّطَرًا﴾ ۴

﴿وَقُل رَّبِّ ٱرْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِى صَغِيرًا﴾ ۵

دو لفظوں کے درمیان میں: ﴿وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ ﴿٣﴾﴾ ۶

﴿لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِىَ دِينِ ﴿٦﴾﴾ ۷

﴿إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ عِندَ رَبِّهِمْ جَنَّٰتِ ٱلنَّعِيمِ﴾ ۸

﴿وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا﴾ ۹

﴿لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ﴾ ۱۰

---

۱ سورة الفاتحة آية۲، ۲ سورة الإسراء آية ۱۳، ۳ سورة العنكبوت آية۴۳، ۴ سورة النمل آية ۵۸، ۵ سورة الإسراء آية ۲۴،
۶ سورة الفيل آية۳، ۷ سورة الكافرون آية۶، ۸ سورة القلم آية ۳۴، ۹ سورة النبأ آية۹، ۱۰ سورة الإخلاص آية ۳

وضاحت: إِظْهَار شَفَوِي کے قاعدے میں یہ بات خصوصی توجہ کی حامل ہے کہ جب میم ساکنہ کے بعد، حرف 'واؤ' یا حرف 'فاء' آئے تو 'میم' کو مکمل طور پر ظاہر ہونا چاہیے۔ چونکہ یہ تینوں حروف (میم، واو اور فاء) ہونٹوں سے ادا ہوتے ہیں، اس لیے اس میں اخفاء کا امکان ہوسکتا ہے۔ اس لیے اس میں قاری کو محتاط رہنا چاہیے اور اس سے بچنے کے لیے اسے چاہیے کہ وہ میم کو ادا کرنے کے لیے پہلے پورے ہونٹ بند کرے، اور پھر 'فاء' یا 'واؤ' کو ادا کرے۔

جیسے: ﴿خُذْ مِنْ أَمْوَٰلِهِمْ صَدَقَةً﴾[1]

﴿وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَٰنٌ مُّخَلَّدُونَ﴾[2]

﴿قُلْ هُوَ ٱلَّذِى ذَرَأَكُمْ فِى ٱلْأَرْضِ﴾[3]

جزرية میں إِظْهَار شَفَوِي کا بیان اس طرح کیا گیا ہے:

وَأَظْهِرَنْهَا عِنْدَ بَاقِي الأَحْرُفِ　　　وَاحْذَرْ لَدَى وَاوٍ وَفَا أَنْ تَخْتَفِي

اور باقی تمام حروف جو بچتے ہیں ان سے پہلے میم ساکنہ کو ظاہر کریں۔

البتہ 'واؤ' اور 'فاء' کے پاس احتیاط سے کام لیجیے۔ یہاں اِخفاء کا اندیشہ ہے۔

---

[1] سورة التوبة آية ١٠٣، [2] سورة الإنسان آية ١٩، [3] سورة الملك آية ٢٤

پانچواں باب

اَلْغُنَّة

غُنّہ

غنّہ

الْغُنَّة

<u>تَعْرِيفُ الغُنَّة فِي اللُّغَة</u>: هِيَ صَوتٌ يَخْرُجُ مِنَ الْخَيْشُومِ لا عَمَلَ لِلِّسَانِ فِيه.

<u>لغت میں غنّہ کی تعریف</u>: غنّہ وہ آواز ہے، جو ناک سے نکلتی ہے اور اس میں زبان کا کوئی عمل نہیں ہوتا۔

<u>تَعْرِيفُهُ فِي الاصْطِلَاح</u>: صَوتٌ أَغَنُّ مُرَكَّبٌ فِي جِسْمِ النُّونِ - وَلَوْ تَنْوِينًا - وَالْمِيمُ مُطْلَقًا.

<u>علم تجوید کی اصطلاح میں غنّہ کی تعریف</u>: یہ ایک غیر مشروط غنہ کی آواز ہے جو حرفِ نون کا لازمی حصہ ہے خواہ وہ نون تنوین ہی کا کیوں نہ ہو۔ اسی طرح یہ غیر مشروط غنہ کی آواز میم کا بھی لازمی حصہ ہے۔

مطلب یہ کہ غُنّہ دراصل نون اور میم میں پائی جانے والی قدرتی آواز کا نام ہے۔

<u>حُرُوفُ الْغُنَّة</u>: حَرْفَانِ هُمَا النُّونُ وَالْمِيم

<u>غنہ کے حروف</u>: اس کے دو (۲) حروف ہیں: نون اور میم۔ اس میں تنوین کا نون بھی شامل ہے۔

<u>مَخْرَجُ الْغُنَّة</u>: تَخْرُجُ مِنَ الْخَيْشُوم، وَهُوَ خَرْقُ الأَنْفُ الْمُنْجَذِبُ إِلَى دَاخِلِ الْفَمِ.

<u>غنہ کا مخرج</u>: غنّہ ناک کے سوراخ سے ادا ہوتا ہے جو منہ کے اندرونی حصّے سے جاملتا ہے۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ غنہ کو صرف ناک ہی سے ادا کیا جاتا ہے اور ہم دیکھ سکتے ہیں کہ اگر ناک کے دونوں سوراخوں کو بند کر کے غنہ کی آواز نکالنے کی کوشش کی جائے، تو ایسا ممکن نہیں ہوتا۔

إنَّ الَّذِين

(حال الوقف الوصل) غنه

هم يصلون

<u>مَرَاتِبُ الْغُنَّة غنہ کے مراتب</u>:

غنہ کے چار (۴) مراتب ہیں:

1- أَكْمَل غُنَّة

2- غُنَّة كَامِلَة

3- غُنَّة نَاقِصَة

4- أَنْقَصْ غُنَّة

1- أَكْمل غُنَّة (مکمل ترین غنہ):

اس غنہ کی مقدار سب سے طویل ہے۔ اس مرتبے میں درج ذیل چیزیں شامل ہیں:

۱) نون مُشَدَّ دہ اور میم مُشَدَّ دہ۔

۲) جب نون ساکنہ یا تنوین کے بعد حروف 'ینمو' آئیں (ادغام بِغنّة)۔ مثال: ﴿وَمَن يَعۡمَلۡ﴾[۱]

۳) جب میم ساکنہ کے بعد حرف میم آئے (ادغام مثلین)۔ مثال: ﴿وَرَآئِهِم مُّحِيطُۢ﴾[۲]

2- غُنَّة كَامِلة (مکمل غنہ):

یہ غنہ دوسرے مرتبے پر آتا ہے اور یہ بھی طویل ہوتا ہے، لیکن یہ مقدار میں اکمل غنة سے کم ہوتا ہے۔

مندرجہ ذیل چیزیں اس مرتبے میں شامل ہیں:

۱) النون المخفاه چھپا ہوا نون: یعنی جب نون ساکنہ یا تنوین کے بعد حروفِ اخفاء آئیں (اخفاء حقيقي)۔

مثال: ﴿شَيۡءٖ شَهِيدُۢ﴾[۳]

۲) الميم المخفاه چھپا ہوا میم: یعنی جب میم ساکنہ کے بعد حرف باء آئے (اخفاء شفوي)۔

مثال: ﴿لَّسۡتَ عَلَيۡهِم بِمُصَيۡطِرٍ﴾[۴]

۳) اِقلاب: یعنی جب نونِ ساکنہ یا تنوین کے بعد حرف 'باء' آئے (اقلاب)۔ مثال: ﴿مِنۢ بَيۡنِ﴾[۵]

3- غُنَّة نَاقِصَة (نامکمل غنہ):

اس میں غنہ کی مقدار غنہ کاملہ سے کم ہوتی ہے۔ اس مرتبے میں درج ذیل چیزیں شامل ہیں:

۱) النون المظهره ظاہر نون: یعنی وہ نون جو واضح پڑھا جائے اور یہ تب ہوتا ہے جب نون ساکنہ یا تنوین کے بعد حروفِ اظہار آئیں یا پھر ہم نون ساکنہ پر رک رہیں ہوں (اظهار حلقي)۔ مثال: ﴿فَلَا تَنۡهَرۡ﴾[۶]

۲) الميم المظهره ظاہر میم: یعنی وہ میم جو واضح پڑھا جائے اور یہ تب ہوتا ہے جب کے میم ساکنہ کے بعد حروف اظہار آئیں یا پھر ہم میم ساکنہ پر رک رہیں ہوں (اظهار شفوي)۔ مثال: ﴿هُمۡ أَصۡحَٰبُ﴾[۷]

---

۱ سورة الزلزلة آية ۸، ۲ سورة البروج آية ۲۰، ۳ سورة البروج آية ۸، ۴ سورة الغاشية آية ۲۲،

۵ سورة الطارق آية ۷، ۶ سورة الضحى آية ۱۰، ۷ سورة البلد آية ۱۹،

4- أَنْقَصْ غُنَّة (انتہائی نامکمل غنہ):

یہ غنہ کا سب سے آخری مرتبہ ہے اور اس کی مقدار بھی سب سے کم ہوتی ہے۔ اس مرتبے میں درج ذیل چیزیں شامل ہیں:

۱) النون المتحركة یعنی وہ نون جس پر حرکت ہو۔ مثال: ﴿وَرَفَعْنَا﴾[۱]

۲) الميم المتحركة یعنی وہ میم جس پر حرکت ہو۔ مثال: ﴿وَعَمِلُوا﴾[۲]

وضاحت: غنہ کے ان مختلف درجات میں مقدار کا فرق انتہائی معمولی ہے، جسے صرف ایک تجربہ کار قاری یا سامع بتا سکتا ہے۔

غُنّہ کو درست طور پر ادا کرنے کا طریقہ:

اس کے لیے ضروری ہے کہ غنہ کے دوران تَفخيم (موٹے) اور تَرقيق (باریک) کے حروف کو مدنظر رکھا جائے جب وہ نونِ ساکنہ کے بعد اخفاء کی صورت میں آتے ہیں۔ اگر نون ساکنہ یا تنوین کے بعد حروف (صاد۔ضاد۔طاء۔ظاء۔قاف) میں سے کوئی ایک حرف آئے تو غنہ موٹا یا بھاری ادا ہوتا ہے کیونکہ یہ تمام حروف تفخیم کے ہیں۔ دیگر تمام حروف اخفاء کے ساتھ غنہ باریک یا ہلکا ہوتا ہے کیونکہ بقیہ تمام حروف ترقیق کے ہیں۔

---

[۱] سورة الشرح آية ٤، [۲] سورة التين آية ٦

چھٹا باب

أَحْكَامُ اللَّامِ السَّاكِنَة

لامِ ساکنہ کے اَحکام

قرآنِ کریم میں اللَّامَاتُ السَّاكِنَة کی پانچ اقسام ہیں:

1- لَامُ التَّعْرِيف "لام ال"

2- لَامُ الأَمْر

3- لَامُ الْحَرْف

4- لَامُ الْفِعْل

5- لَامُ الِاسْم

ا۔ لَامُ التَّعْرِيف

تَعْرِيفُهَا: هِيَ لَامٌ سَاكِنَةٌ زَائِدَةٌ عَنْ بُنْيَةِ الْكَلِمَة مَسْبُوقَةٌ بِهَمْزَةِ وَصْلٍ مَفْتُوحَةً عِنْدَ الْبَدْءِ وَبَعْدَهَا اسْم.

لام التّعريف کی تعریف: یہ اصل کلمہ کے ساتھ ایک اضافی لام ساکنہ ہے۔اس سے پہلے هَمْزَةُ الْوَصْل ہوتا ہے۔ یہ لکھنے میں ہمیشہ موجود رہتا ہے لیکن پڑھتے وقت صرف ابتدائی صورت میں پڑھا جاتا ہے یعنی وہ لفظ اگر هَمْزَةُ الْوَصْل سے شروع کیا جائے تو وہ فتحہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔ لامُ التعريف کسی اسم کو خاص کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

(الكتاب، البيت، الليل)

لامُ التعريف کے بعد آنے والا اسم، حسبِ قاعدہ بھی ہوسکتا ہے یعنی جو لام التعريف کے بغیر بھی اپنا مقام رکھتا ہو (جیسے الشمس اور القمر) اور یہ خلاف قاعدہ بھی ہوسکتا ہے یعنی اسے لام التعريف سے الگ نہیں کیا جاسکتا (جیسے الّذي اور الّتي)۔ لام التعريف کے بعد آنے والا اسم عربی کے کسی بھی حرف تہجی سے شروع ہوسکتا ہے۔

لامُ التَّعْرِیف کی دوصورتیں ہیں:

1- الإظْهَار

اس صورت میں چودہ حروف شامل ہیں جنہیں درج ذیل جملہ میں جمع کر دیا گیا ہے۔اگر لام التعریف کے بعد آنے والا اسم ان چودہ حروف کے مجموعہ یعنی

'أَبْغِ حَجَّكَ وَخَفْ عَقِيمَهُ'

مخرج اللام کے بعد مندرجہ بالا حروف میں سے کوئی حرف آئے تو لام التعریف کو ظاہر کر کے پڑھا جاتا ہے۔اسے 'اظهار قمري' کہتے ہیں اور اس صورت میں لام التعریف کو 'لام قمرية' کہتے ہیں۔مندرجہ بالا (۱۴) چودہ حروف، حروفِ قمری کہلاتے ہیں۔

لام قمرية کی مثالیں:

﴿ٱلْحَقُّ﴾[١]، ﴿ٱلْأَرْضِ﴾[٢]، ﴿ٱلْكِتَـٰبَ﴾[٣]، ﴿ٱلْقِيَـٰمَةِ﴾[٤]

2- الإِدْغَام

اگر لام التعریف کے بعد، عربی کے حروف تہجی کے بقیہ چودہ (۱۴) حروف میں سے کوئی حرف آئے تو پھر لام التعریف اپنے سے اگلے حرف میں مل جاتا ہے۔جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ ادغام کی صورت میں دو حروف ایک دوسرے سے مل کر حرفِ مُشَدَّد بن جاتے ہیں۔اس لیے یہاں پر 'لام' کے بعد آنے والے حرف پر تشدید پائی جاتی ہے۔اسے 'إدغام شمسي' کہتے ہیں اور اس لام کو یہاں 'لام شمسية' کہتے ہیں۔ان بقیہ (۱۴) چودہ حروف کو حروفِ شمسی کہتے ہیں۔

لام شمسية کی مثالیں:

﴿ٱلصَّلَوٰةَ﴾[٥]، ﴿ٱلرَّسُولَ﴾[٦]، ﴿ٱللَّطِيفُ﴾[٧]، ﴿ٱلطَّيِّبِ﴾[٨]

لفظ الجلالہ 'الله' میں بھی لامُ التَّعریف پایا جاتا ہے۔اگر چہ اصل اسم لام التعریف کے بغیر 'إله' تھا، لیکن جب اس میں الف لام کا اضافہ کیا گیا تو ھمزۃ ختم ہو گیا اور لام التعریف کا لام اسم کے لام میں داخل ہو کر یہ مُعَزَّز لفظ 'اللہ' بنا۔اب اسے الگ نہیں کیا جا سکتا۔اس صورت میں یہ 'لام' لامِ شمسية ہے۔

---

[١] سورة البقرة آية ٢٦، [٢] سورة البقرة آية ١٢، [٣] سورة البقرة آية ٢، [٤] سورة البقرة آية ٨٥،

[٥] سورة البقرة آية ٣، [٦] سورة البقرة آية ٤٣، [٧] سورة الأنعام ١٠٣، [٨] سورة آل عمران آية ١٧٩

۲۔ لَامُ الْأَمْرِ

اسکی تعریف: یہ اصل کلمہ کے ساتھ ایک اضافی لام ساکنہ ہے۔ جو الفعل المضارع سے پہلے ہوتا ہے۔ اور اس سے پہلے فاء، واو یا ثُمّ آتا ہے۔ مثلاً

﴿فَلْيَسْتَجِيبُواْ لِى﴾۱، ﴿وَلْيُؤْمِنُواْ﴾۲، ﴿ثُمَّ لْيَقْضُواْ﴾۳

اسکا قاعدہ: لام الامر کا حکم اظہار ہے۔ یہ لام اگر چہ مکسور (کسرہ کے ساتھ) ہوتا ہے جیسے (لِيُنْفِقْ) لیکن اگر اس سے پہلے فاء، واو یا ثُمّ آجائے تو وہ ساکن ہو جاتا ہے اور اسکو ہمیشہ ظاہر کر کے پڑھا جاتا ہے۔

۳۔ لَامُ الْحَرْف (﴿هَلْ﴾ و ﴿بَلْ﴾)

یہ لام ساکنہ ﴿هَلْ﴾ و ﴿بَلْ﴾ میں پایا جاتا ہے۔

اسکا قاعدہ: اسکے لئے بھی اظہار کا قاعدہ ہی استعمال ہوتا ہے سوائے اسکے کہ جب اس کے بعد حرف راء یا لام پایا جائے۔ اس صورت میں پھر ادغام کیا جاتا ہے۔ مثلاً اگر ﴿هَلْ﴾ و ﴿بَلْ﴾ کے بعد حرف لام یا راء آئے جیسے:

﴿هَل لَّكُم﴾۴، ﴿بَل لَّا﴾۵، ﴿بَل رَّفَعَهُ ٱللَّهُ إِلَيْهِ﴾۶

اگر ﴿هَلْ﴾ و ﴿بَلْ﴾ کے بعد باقی حروف آئے جیسے:

﴿هَلْ تَعْلَمُ لَهُۥ سَمِيًّا﴾۷، ﴿بَلْ تَأْتِيهِم﴾۸

استثناء: سُورَةُ الْمُطَفِّفِين آية ۱۴ میں ادغام کے حکم کی ایک استثناء ہے:

﴿كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلَىٰ قُلُوبِهِم﴾۹

اس آیت میں 'بَلْ' کے بعد آنے والا لفظ 'رَان'، راء سے شروع ہو رہا ہے، یعنی لام الحرف کے بعد 'راء' آرہا ہے، لیکن یہاں ادغام نہیں کیا جاتا۔ یہ اس لیے کیونکہ 'حفص عن عاصم من طريق الشاطبية' کے تحت یہاں 'بل' اور 'ران' کے درمیان سکت کیا جاتا ہے جو ان دونوں لفظوں کو ملنے سے روک دیتا ہے۔ سکت سانس توڑے بغیر مختصر وقف کو کہتے ہیں اور اس کی مدت، عام وقف سے کم ہوتی ہے۔

نوٹ: قرآن مجید میں کوئی ایسی جگہ نہیں پائی جاتی جہاں کلمہ 'ھل' کے بعد حرف 'را' آئے۔

---

۱ سورة البقرة آية ۱۸۶، ۲ سورة البقرة آية ۱۸۶، ۳ سورة الحج آية ۲۹ ۴ سورة الروم آية ۲۸، ۵ سورة المؤمنون آية ۵۶،
۶ سورة النساء آية ۱۵۸ ۷ سورة مريم آية ۶۵، ۸ سورة الأنبياء آية ۴۰، ۹ سورة المطففين آية ۱۴

۴۔ لَامُ الْفِعْل

اسکی تعریف: یہ لام ساکنہ فعل میں پایا جاتا ہے۔ فعل خواہ ماضی یا مضارع یا امر ہو۔ مثلاً

﴿ وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى ٱللَّهِ فَهُوَ حَسْبُهُ ﴾۱، ﴿ يَلْتَقِطْهُ ﴾۲، ﴿ قُلْ هَلُمَّ ﴾۳

اسکا قاعدہ: اس لام کے لئے اظہار ضروری ہے سوائے اسکے کہ اگر اس کے بعد حرف لام یا راء آئے۔ ایسی صورت میں پھر ادغام کیا جاتا ہے۔ مثلاً

﴿ قُل رَّبِّي ﴾۴، ﴿ قَالَ أَلَمْ أَقُل لَّكُمْ ﴾۵

احتیاط: اگر لام ساکنہ کے بعد حرف نون آئے تو اس بات کا دھیان رکھیں کہ لام مکمل طور پر ظاہر ہو۔ کیونکہ لام اور نون کے مخرج بہت قریب ہیں اس لئے ادغام کا احتمال رہتا ہے۔

۵۔ لَامُ الِاسْم

اسکی تعریف: یہ لام ساکنہ اسم کا بنیادی حصہ ہوتا ہے۔ اور ہمیشہ لفظ کے درمیان پایا جاتا ہے۔

اسکا قاعدہ: اسکا حکم صرف اظہار ہی ہے۔ مثلاً

﴿ وَجَنَّٰتٍ أَلْفَافًا ﴾۶، ﴿ وَمِنْ خَلْفِهِمْ ﴾۷

---

۱ سورة الطلاق آية ۳، ۲ سورة يوسف آية ۱۰، ۳ سورة الأنعام آية ۱۵۰، ۴ سورة الكهف آية ۲۲،

۵ سورة البقرة آية ۳۳، ۶ سورة النبأ آية ۱۶، ۷ سورة الأعراف آية ۱۲

ساتواں باب

أَحْكَامُ الْحُدُود

حُدود کے اَحکام

اَلْمَدُّ

تَعْرِيفُهُ فِي اللُّغَة: الزِّيَادة **لغت میں مدّ کی تعریف:** زائد، بڑھا ہوا

تَعْرِيفُهُ فِي الاِصْطِلَاح: إِطَالَة الصَّوتِ بِحَرْفٍ مِنْ حُرُوفِ الْمَدّ

علم تجوید کی اصطلاح میں مدّ کی تعریف: حروف المد کی آواز کو لمبا کرنا مدّ کہلاتا ہے۔

حُرُوف الْمَدّ:

حروف المد: حروفِ مدّتین (۳) ہیں:

☆ الألِفُ السَّاكِنَةُ الْمَفْتُوحُ مَا قَبْلَهَا. ا۔ الف ساکنہ جس سے پہلے فَتْحَة ہو۔ زبر

☆ الْوَاوُ السَّاكِنَةُ الْمَضْمُومُ مَا قَبْلَهَا. ۲۔ واو ساکنہ جس سے پہلے ضَمَّة ہو۔ پیش

☆ الْيَاءُ السَّاكِنَةُ الْمَكْسُورُ مَا قَبْلَهَا. ۳۔ یاء ساکنہ جس سے پہلے کَسْرَة ہو۔ زیر

یہ تینوں حروفِ مدّ نیچے دی گئی مثالوں کے ہر لفظ میں موجود ہیں.

﴿أُوذِينَا﴾ [1] ﴿نُوحِيهَآ﴾ [2] ﴿وَأُوتِينَا﴾ [3]

حُرُوف اللِّين:

حروف اللّین: اس کے دو حروف ہیں:

☆ الْوَاوُ السَّاكِنَة الْمَفْتُوحُ مَا قَبْلَهَا. ا۔ واو ساکنہ جس سے پہلے فتحة ہو۔

☆ الْيَاءُ السَّاكِنَة الْمَفْتُوحُ مَا قَبْلَهَا. ۲۔ یاء ساکنہ جس سے پہلے فتحة ہو۔

حروف اللّین کی مثالیں: ﴿قُرَيْشٍ﴾ [4] ﴿خَوْفٍ﴾ [5]

مدّ کی دو اقسام ہیں:

1- الْمَدُّ الأَصْلِي

2- الْمَدُّ الْفَرْعِي

---

[1] سورة الأعراف آية ١٢٩، [2] سورة هود آية ٤٩، [3] سورة النمل آية ١٦، [4] سورة قريش آية ١، [5] سورة قريش آية ٤

اَلْمَدّ الأَصْلِي 'الطَّبِيعِي' بنیادی 'قدرتی مد'

تَعْرِيفُه: هُوَ الْمَدُّ الَّذِي لا تَقُوم ذَاتَ الْحَرْف إِلا بِهِ، وَلَا يَتَوَقَّفُ عَلَى سَبَبٍ مِنْ هَمْزٍ أَوْ سُكُون.

مد اصلی کی تعریف: یہ وہ مدّ ہے جس کے بغیر حرفِ مدّ قائم نہیں رہ سکتا (یعنی اس کی لمبائی یا مقدار کے بغیر حرفِ مد کا وجود نہیں) اور اس پر وقف، همزه یا سکون کی وجہ سے نہیں ہوتا۔

عَلَامَتُهُ: أَلَّا يَكُون قَبْلَهُ هَمْز وَلَا بَعْدَهُ هَمْزٌ أَوْ سُكُون.

مدّ اصلی کی علامت: حرفِ مد سے پہلے همزه نہ ہو اور اس کے بعد بھی همزه یا سکون نہ ہو۔ اس مد کو اصلي اسی لیے کہتے ہیں کیونکہ یہ مدّ تمام مدود کی بنیاد ہے۔ اس کو مدّ طبیعي اس لیے کہتے ہیں کیونکہ اس کی مقدار قدرتی ہے اور اسے کم یا زیادہ نہیں کیا جاسکتا۔

مِقْدَارُهُ: يُمد بِمِقْدَار حَرَكَتَين

مد اصلی کی مقدار: مد اصلی کی لمبائی کی مقدار دو (۲) حرکت کے برابر ہے۔ دو حرکت سے مراد وہ وقت ہے جو دو متحرک حروف کو ادا کرنے میں لگتا ہے۔

ہر حرکت کی مقدار کا انحصار پڑھنے والے کی رفتار پر ہوتا ہے اور ہر حرکت کی مقدار برابر ہونی چاہیے۔

مثلاً: ﴿وَبَنَيْنَا﴾[۱] اس مثال پر غور کیجیے اس لفظ میں دو نون ہیں۔ پہلے نون پر فَتْحَة ہے۔ اس کی مقدار ایک (۱) حرکت ہو گی۔ دوسرے نون پر بھی فتحة ہے مگر اس کے بعد الف مدّ یہ ہے۔ اس الف مد یہ کی مقدار دو (۲) نون کے مقدار کے برابر ہو گی یعنی دو (۲) حرکت (نَ+ا =نَا)۔

﴿أَتَعِدَانِنِي﴾[۲] اسی طرح اس مثال پر بھی غور کیجیے اس لفظ میں بھی دو نون ہیں۔ پہلے نون پر کسرہ ہے۔ اس کی مقدار ایک (۱) حرکت ہے۔ دوسرے نون پر بھی کسرة ہے مگر اس کے بعد یاء مدّ یہ ہے۔ اس یاء مد یہ کی مقدار دو (۲) نون کے مقدار کے برابر ہو گی یعنی دو (۲) حرکت (نِ+ی =نِي)۔

﴿وَدُّواْ لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُونَ﴾[۳] اس آیت میں بھی دو نون پائے جاتے ہیں۔ پہلے نون پر ضمة ہے۔ اس کی مقدار ایک (۱) حرکت ہے۔ دوسرے نون پر بھی ضمة ہے مگر اس کے بعد واو مد یہ ہے۔ اس واو مد یہ کی مقدار دو (۲) نون کے مقدار کے برابر ہو گی یعنی دو (۲) حرکت (نُ+و =نُو)۔

---

[۱] سورة النبأ آية ۱۲، [۲] سورة الأحقاف آية ۱۷، [۳] سورة القلم آية ۱۹،

مدود(مد کی جمع) کی مقدار دو، چار، پانچ یا چھ حرکات ہوسکتی ہے۔ ان حرکات کو مقدار کے مطابق یکساں ہونی چاہیے۔ ان کا ذکر آنے والے اسباق میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا جائے گا۔ ان شاء اللہ

حروف مُقَطَّعات میں مَدّ الطَّبِیعِی

مد طبیعي میں مجموعہ 'حروف 'حَـیٌّ طَھُـر' بھی شامل ہے۔ یہ ان چند حروف کا مجموعہ ہے جن سے قرآن کی بعض سورتوں کا آغاز ہوتا ہے۔ اگر کسی سورت کی ابتدا میں یہ حروف پائے جائیں تو اس حرف کو ہم مد طبیعي کے ساتھ پڑھتے ہیں، یعنی اسکی مقدار صرف دو حرکت ہوتی ہے۔

مثلاً: ۱۔﴿طٰهٰ ۝١﴾[۱]

۲۔سورۃ مریم کے آغاز میں آنے والے پانچ حروف مقطعات میں 'ھاء' و 'یاء' کی مقدار بھی دو(۲) حرکات پر مشتمل ہے: ﴿كٓهٰيٰعٓصٓ ۝١﴾[۲]

<u>مَا یلْحق بِالْمَدّ الطَّبِیعي</u> (وہ مدّ جو مدّ الطبیعي کی تابع ہے)

درج ذیل دو(۲) مدود مقدار کے لحاظ سے مدّ الطبیعي کے تابع ہیں:

1- مَدّ الصِّلَة الصُّغْرىٰ

2- مَدُّ الْعِوَض

---

[۱] سورة طه آية ١، [۲] سورة مريم آية ١،

مَدُّ الصِّلَةِ الصُّغْرىٰ

مدّ صلہ صغریٰ، ھائے ضمیر کی وجہ سے وجود میں آتی ہے:

__*تَعْرِيفُهُ:*__ *الْهَاءُ الزَّائِدَةُ عَنْ بُنْيَةِ الْكَلِمَةِ الدَّالَّةُ عَلَى الْمُفْرَدِ الْمُذَكَّرِ الغَائِب ، الْمُتَحَرِّكَةُ بِالضَّمِّ أَوْ بِالْكَسْرَةِ وَالْوَاقِعَة بَيْنَ مُتَحَرِّكَتين وَلَا يُوقَف عَلَيْهَا بِالسُّكُون.*

__ھائے ضمیر کی تعریف:__ یہ ایک ھاء ہے جو لفظ کا بنیادی حصہ نہیں ہوتی بلکہ زائد یا اضافی ہوتی ہے اور یہ مُفرَد (یعنی واحد) __مذکر غائب__ کو ظاہر کرتی ہے۔ اسکی حرکت ضَمَّة یا کَسْرَة ہوتی ہے۔

مدّ صلہ صغریٰ کی شرائط: ۱) یہ زائد ہوتی ہے اور مفرد مذکر غائب کو ظاہر کرتی ہے۔

۲) اسکی حرکت ضّمَّة یا کَسْرَة ہوتی ہے۔

۳) یہ دو (۲) متحرک حروف کے درمیان پائی جاتی ہے۔

۴) وقف کے وقت مدّ قائم نہیں رہتی۔

۵) اس کے بعد ھمزۃ نہیں آتا ہے۔

مندرجہ بالا تمام شرائط پوری ہونے پر اگر ھاء الضمیر پر ضمة ہو تو وہ واو مدّیہ بن جاتا ہے اور اگر کسرۃ ہو تو وہ یاء مدیہ بن جاتا ہے۔ وقف کی صورت میں ھـــاء کو ساکن کر دیا جاتا ہے اور مد صلہ ختم ہو جاتی ہے۔ اگر ھائے ضمیر پر اصلی سکون ہو تو پھر ہم ھائے ضمیر کو وصل و وقف دونوں حالتوں میں لمبا نہیں کرتے۔ اگر ھائے ضمیر سے پہلے یا بعد والا حرف ساکن ہو تو بھی ھائے ضمیر کو لمبا نہیں کیا جاتا۔

__*مِقْدَارُهُ:*__ *يُمد بِمِقْدَار حَرَكَتَين*

__مد صلہ صغریٰ کی مقدار:__ اس کی لمبائی کی مقدار بھی (مد اصلی کی طرح) صرف دو (۲) حرکات ہے۔

اس مدّ کو 'صِلة' اس لیے کہتے ہیں کیونکہ یہ صرف وصل کی صورت میں پائی جاتی ہے۔ اس کو 'صغریٰ' اس لیے کہتے ہیں کیونکہ اس کی مقدار صرف دو (۲) حرکات ہے۔

مَدّ الصِّلَة کی مثالیں:

﴿ إِنَّهُۥ كَانَ بِعِبَادِهِۦ خَبِيرًۢا بَصِيرًا ﴾[1]

۱۔ پہلی مثال: ﴿ إِنَّهُۥ كَانَ ﴾

۱) إِنَّه میں هاء زائد ہے، واحد مذکر غائب کو ظاہر کرتا ہے۔

۲) اس پر ضَمَّہ ہے۔

۳) یہ دو متحرک حروف نَ (نون مفتوح) اور کَ (کاف مفتوح) کے درمیان واقع ہے۔

۴) وقف کی صورت میں اسے لمبا نہیں کیا جاتا ہے۔

۵) اس کے بعد ھمزہ نہیں ہے۔

تمام شرائط پوری ہونے کی وجہ سے اس کو ایک (۱) حرکت کی بجائے دو (۲) حرکات سے پڑھا جاتا ہے۔

۲۔ دوسری مثال ﴿ بِعِبَادِهِۦ خَبِيرًۢا ﴾

۱) بِعِبَادِهِۦ میں هاء زائد ہے، جو واحد مذکر غائب کو ظاہر کرتا ہے۔

۲) اس پر کسرہ ہے۔

۳) یہ دو متحرک حروف دِ (دال مکسور) اور خَ (خاء مفتوح) کے درمیان واقع ہے۔

۴) وقف کی صورت میں اسے لمبا نہیں کیا جاتا۔

۵) اس کے بعد ھمزہ نہیں ہے۔

---

[1] سورة الاسراء آیة ۳۰

مَدّ الصِّلَة کی استثناءات:

مَدُّالصِّلَة کے قاعدے میں صرف دو (۲) استثناءات ہیں:

﴿وَإِن تَشْكُرُواْ يَرْضَهُ لَكُمْ﴾ ۱

مندرجہ بالا مثال (یَرْضَهُ) میں مَدُّ الصِّلَةِ الصُّغرٰی کی تمام شرائط پوری ہونے کے باوجود ھاء پر کوئی مدنہیں ہوتی۔

﴿وَيَخْلُدْ فِيهِۦ مُهَانًا ﴿٦٩﴾﴾ ۲

اس مثال (فِيهِۦ) میں اگر چہ تمام شرائط پوری نہیں ہورہی ہیں (ھائےضمیر سے پہلے حرف یاء پر سکون ہے) اس کے باوجود یہاں پر مدّ ہوتی ہے۔

ان استثناءات کی کوئی خاص وجہ نہیں۔ امام حفصؒ عن عاصمؒ نے ان آیات کو اسی طریقے سے روایت کیا ہے۔

یلحق بھاء الضمیر: اسمِ اشارہ مؤنث 'ھٰذِہٖ' بھی (جسکے معنی 'یہ' کے ہیں اور جو کسی مؤنث چیز کی طرف اشارہ کرتی ہے) اگر دو متحرک حروف کے درمیان پایا جائے تو پھر اسکی ھاء مَدُّالصِّلَة کے حکم کے تابع ہوتی ہے۔

مثال: ﴿إِنَّ هَٰذِهِۦ تَذْكِرَةٌ﴾ ۳

یہاں ھاء (ہ) کو دو (۲) حرکات کے ساتھ پڑھا جاتا ہے کیونکہ یہ دو متحرک حروف ذ (ذال مکسور) اور ت (ت مفتوح) کے درمیان واقع ہے۔

---

۱ سورة الزمر آية۷، ۲ سورة الفرقان آية ٦٩، ۳ المزمل آية۱۹

مَدُّ العِوَض

تَعْرِيفه: هُوَ التَّعْوِيض عَنِ التَّنْوِين الْمَنْصُوب حَالَ الْوَقْف عَلَيهِ بِأَلِف مَدِّيَّة

مدِّعوض کی تعریف: وقف کی صورت میں فتحة تنوین کو الفِ مدّیہ میں تبدیل کرنا۔

مِقْدَارُهُ: يُمد بِمِقْدَار حَرَكَتين

مدِّعوض کی مقدار: مدِّعوض کی لمبائی کی مقدار مَدُّ الطَّبِيعِي کی طرح دوحرکات ہے۔

فتحة تنوین والے حرف پروقف کی صورت میں مدّعوض وجود میں آتی ہےخواہ اس کے بعد الف موجود ہو یا نہ ہو(یعنی فتحة تنوین والے حرف کے بعد الف موجود ہو یا نہ ہو)۔

وصل یعنی اس کو اگلے لفظ سے ملاکر پڑھنے کی صورت میں یہ مدغائب ہو جاتی ہےاوراس تنوین پرنونِ ساکنہ کے حکم کا اطلاق ہوتا ہے۔

مَدّ العِوَض کی مثالیں:

﴿بِنَآءً﴾۱، ﴿مَآءً﴾۲، ﴿هُدًى﴾۳، ﴿مُّسَمًّى﴾۴، ﴿شَكُورًا﴾۵

بِنَآءً کو ا) وقف کی صورت میں 'بِنَاءَا' دو(۲)حرکات کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

ب) وصل کی صورت میں بِنَاءَ ن نونِ ساکنہ کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

باقی مثالوں کا حکم بھی اسی طرح ہے۔

۱&۲ سورة البقرة آية ۲۲، ۳ سورة البقرة آية ۲، ۴ سورة البقرة آية ۲۸۲، ۵ سورة الاسراء آية ۳،

ھائے تانیث میں وصل اور وقف کے احکام

استثناء : مدعوض میں ھاء التأنیث شامل نہیں۔ یہ حرف عربی میں: ۃ کی طرح یا اگر اس سے پہلے کوئی حرف ہو تو ـۃ کی طرح لکھا جاتا ہے۔ یہ حرف اسماء کے آخر میں پایا جاتا ہے اور یہ ایک مؤنث جنس کی طرف اشارۃ کرتا ہے۔ اس حرف پر وقف کی صورت میں ہم 'تاء' کو 'ھـاء' میں بدل دیتے ہیں اور وصل کی صورت میں ہمیشہ 'تاء' کے ساتھ پڑھا جاتا ہے اور اس پر جو بھی حرکت ہوتی ہے، اسے اگلے حرف سے ملا کر پڑھا جاتا ہے۔ اگر ھاءُ التأنیث پر فتحة تنوین ہو تو وقف کرتے وقت اسے الفِ مدیہ میں تبدیل نہیں کیا جاتا، بلکہ وہ 'تاء' ھاءُ السَّاکنة میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

مثالیں: ﴿نِّعۡمَةً﴾[6] ﴿رَحۡمَةً﴾[7]

نِّعۡمَةً ا) وقف کی صورت میں نِعۡمَهۡ ، (ھاء ساکن) پڑھتے ہیں۔

ب) وصل کی صورت میں نِعۡمَتَن (نون ساکنہ کے ساتھ) پڑھتے ہیں۔

باقی مثالوں کا حکم بھی اسی طرح ہے۔

تصادم تباعد اهتزاز
دو چیزوں کا ٹکرانا دو چیزوں الگ ہونا ہلنا
حرف مد
حرف ساکن متحرک حروف حرف لین
استثنائی حروف
حروف للیین حرف قلقلہ ساکن
حروف قلقلہ

[6] سورة الأنفال آية ٥٣، [7] سورة آل عمران آية ٨

اَلْمَدُّ الْفَرْعِي

تَعْرِيفه: هُوَ الْمَدُّ الزَّائِدُ عَلى مِقْدَار الْمَدّ الطَّبِيعِي لِسَبَبٍ مِنْ هَمْزٍ أَوْ سُكُون ، وَهُوَ الَّذِي تَقُوم ذَوَاتُ حُرُوفِ الْمَدّ بِدُونه.

مدفرعی کی تعریف: مدفرعی مقدار میں مدُّ الطَّبِيعي سے زیادہ ہوتا ہے۔ مقدار کا یہ اضافہ همزہ یا سکون کے باعث ہوتا ہے۔ حروفِ مدّ اس همزه یا سکون کے بغیر اپنی طبعی مقدار (دوحرکات) پر قائم رہتے ہیں۔

عَلامَتُهُ: أَن يَقَعَ قَبْلَ حَرْفِ الْمَدّ هَمْزٌ أَوْ بَعدَهُ هَمْزٌ أَوْ سُكُونٌ سَوَاءً كَانَ السُّكُونُ لَازِمًا أَوْ عَارِضًا.

مدّفرعی کی علامت: حرفِ مدّ سے پہلے یا بعد میں اگر همزہ پایا جائے یا حرف مد کے بعد سکون پایا جائے قطع نظر اس کے کہ یہ سکون لازمی (اصلی) ہے یا عارضی تو یہ مدّ فرعی گردانا جاتا ہے۔

اَلْمَدُّ الْفَرْعِي کی دو اقسام ہیں:

1- الْمَدُّ بِسَبَبِ الْهَمْز (همزة کی وجہ سے مد)
2- الْمَدُّ بِسَبَبِ السُّكُون (سکون کی وجہ سے مد)

الْمَدُّ بِسَبَب الْهَمْز کی مزید چار(۴) قسمیں ہیں:

1- مَدّ البَدَل
2- الْمَدُ الْوَاجِب الْمُتَّصِل
3- الْمَدُ الْجَائِز الْمُنْفَصِل
4- الْمَدُ الصِّلَة الْكُبْرَى

الْمَدّ بِسَبَب السُّكُون کی مزید تین(۳) اقسام ہیں:

1- الْمَدُ الْعَارِض لِلسُّكُون
2- مَدُ اللِّين
3- الْمَدُّ اللَّازِم

الْمَدّ بِسَبَب الْهَمْز - همزة کی وجہ سے مد

مَدُّ البَدَل

تَعْرِيفه: أَنْ يَتَقَدَّمَ الْهَمْزُ عَلَى حَرْفِ الْمَدّ.

مدّ بدل کی تعریف: جب حرفِ مدّ سے پہلے همزة آئے تو وہ مدّ بدل کہلاتا ہے۔

مَدَّ البَدَل کی مثالیں: مندرجہ ذیل مثالوں میں 'واؤ'، 'یاء' اور 'الف' سے پہلے همزہ پایا جاتا ہے۔

﴿وَأُوذُوا﴾[۱]، ﴿إِيمَٰنُكُمْ﴾[۲]، ﴿ءَادَمَ﴾[۳]

اس مد کو بدل اس لیے کہتے ہیں کیونکہ اس میں هَمْزَة کو حرف مد میں تبدیل کیا جاتا ہے۔اوپر دی گئی مثالیں اصل میں اس طرح تھیں:

أُؤْذُوا - إِءْمَان - أَأْدم.

جیسا کہ ان میں دیکھا جاسکتا ہے کہ اصل میں ان الفاظ میں دو(۲) همزہ تھے جن میں سے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن تھا۔دوسرا همزة پہلے همزة کی حرکت کے مطابق حرفِ مد میں تبدیل کر دیا گیا۔مثلاً اگر پہلے همزة کے نیچے کسرة ہے تو دوسرا همزة، یاءِ مد یہ میں تبدیل ہو جاتا ہے اور اگر پہلے همزة پر ضمة ہے تو دوسرا همزة واومد یہ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ضروری نہیں کہ همزة کے بعد آنے والا حرفِ مدّ ہمیشہ اسی بنیاد پر بنتا ہے(یعنی ساکن همزة کو متحرک همزة کی حرکت کے مطابق حرف مد میں تبدیل کیا جاتا ہے)لیکن اگر حرفِ مد سے پہلے همزة آئے تو اسے ہمیشہ مد بدل ہی کے زمرے میں شمار کیا جاتا ہے۔

مِقْدَارُهُ: يُمد بِمِقْدَار حَرَكَتين وَيَجُوز لِوَرْشٍ ۲ أو ۴ أو ۶ حركات.

مدّبدل کی مقدار: مد بدل کی لمبائی کی مقدار تمام قراء کے نزدیک دو(۲)حرکات ہے۔البتہ امام ورشؒ کے نزدیک اس مد کو ۲، ۴ یا ۶ حرکات دی جاسکتی ہیں۔لیکن جس طریقے کے اُصول اس کتاب میں درج ہیں(یعنی حفص عن عاصم من طريق الشاطبية) اس کے مطابق اس مد کی مقدار صرف دو(۲)حرکات ہے بشرطیکہ اسکے بعد همزہ نہ آیا ہو۔بصورت دیگر لمبائی کی مقدار اس مد کے مطابق ہوتی ہے،جسکی وضاحت بعد میں کی جائے گی اِن شاءاللہ۔

---

[۱] سورة آل عمران آية ۱۹۵، [۲] سورة البقرة آية ۹۳، [۳] سورة البقرة آية ۳۱

مَدُّ الْبَدَل کی چار حالتیں پائی جاتی ہیں:

1- مَا ثَبَتَ وَصْلًا وَوَقْفًا وہ مدّ بدل، جو وصل ووقف دونوں حالتوں میں پایا جاتا ہے۔

مثلا: ﴿ءَامَن﴾[1]، ﴿أَنبِئُونِی﴾[2]

2- مَا ثَبَتَ وَصْلًا لَا وَقْفًا إِلَّا فِي حَالَةِ الْقَصْر وہ مدّ بدل جو صرف وصل کی صورت میں پایا جاتا ہے وقف میں نہیں سوائے اسکے کہ جب ہم مدّ کو قصر (یعنی ۲ حرکات) کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

مثلا: ﴿وَلَهُ ٱلْجَوَارِ ٱلْمُنشَـَٔاتُ﴾[3]، ﴿وَإِنَّ لَهُۥ عِندَنَا لَزُلْفَىٰ وَحُسْنَ مَـَٔابٍ﴾[4]

اوپر دی گئی مثالوں میں وقف کی صورت میں ہم أَقْوَی السَّبَبَین کے حکم کے مطابق الْمَدُّ الْعَارِض للسُّكون (اس مد کی تفصیل بعد میں کی جائے گی) کے ساتھ رکھتے ہیں اور مَدُّ الْبدل ختم ہو جاتا ہے۔ یہ اس وقت ہوتا ہے جب ہم الْمَدُّ الْعَارِض پر ۴ یا ۶ حرکات کے ساتھ رکھتے ہیں۔ اگر ہم الْمَدُّ الْعَارِض پر ۲ حرکات کے ساتھ رکھتے ہیں تو اس میں مَدّ بسببین ہے اور اس میں المد العارض اور مد البدل دونوں شامل ہیں۔

3- مَا ثَبَتَ وَقْفًا وَلَا وَصْلًا مدّ بدل جو صرف وقف کی صورت میں پایا جاتا ہے اور وصل میں نہیں پایا جاتا۔

مثلاً: ﴿وَجَآءُوٓ أَبَاهُمْ﴾[5]

اس مثال میں دیے گئے پہلے لفظ میں حرفِ مدّ سے پہلے چونکہ همزة ہے اس لیے یہاں وقف، مدُّ البدل کے ساتھ ہی ہوتا ہے۔ جبکہ وصلاً یعنی لفظ پر وقف کیے بغیر اسے اگلے لفظ کے ساتھ ملا کر پڑھنے کی صورت میں أَقْوَی السَّبَبَین کے قاعدے کے مطابق الْمَدُّ الْجائِز الْمُنفَصِل کا حکم نافذ ہوتا ہے (جو کہ آگے بیان کیا جائے گا)۔

4- مَا ثَبَتَ حَالَ الِابْتِدَاء فَقَط وہ جو صرف ابتدا کی صورت میں پایا جاتا ہے۔

مثلا: ﴿ٱئْتُونِی﴾[6]، ﴿ٱؤْتُمِن﴾[7]، ﴿ٱئْذَن﴾[8]

---

1 سورة البقرة آية ١٣، 2 سورة البقرة آية ٣١، 3 سورة الرحمن آية ٢٤، 4 سورة ص آية ٤٠

5 سورة يوسف آية ١٦، 6 سورة يونس آية ٧٩، 7 سورة البقرة آية ٢٨٣، 8 سورة التوبة آية ٤٩

اَلْمَدُّ الْوَاجِب الْمُتَّصِل

تَعْرِيفه: هُو أَنْ يَأْتِي حَرْفُ الْمَدِّ وَبَعْدَه الْهَمْزُ فِي كَلِمَةٍ وَاحِدَة.

مدواجب متّصل کی تعریف: یہ اسوقت واقع ہوتا ہے جب حرفِ مدّ کے بعد ایک ہی لفظ کے اندر ھمزۃ آئے۔

اس کو 'واجب' یعنی ضروری اس لیے کہتے ہیں کیونکہ تمام قراء اسکی لمبائی کی مقدار کے ضروری ہونے پر متفق ہیں۔اس کو 'مُتصِل' یعنی جڑا ہوا اس لیے کہتے ہیں کیونکہ حرفِ مدّ اور ھمزۃ ایک ہی لفظ میں جڑے ہوے ساتھ ساتھ پائے جاتے ہیں۔

حُكْمُهُ: يُمَدُّ وُجُوبًا بِمِقْدَار أَرْبَع حَرَكَات أَو خَمْس حَرَكَات.

مدواجب متّصل کا حکم: اِس مدّ کی لمبائی کی مقدار چار (۴) یا پانچ (۵) حرکات ہے۔عربی میں چار حرکات کو 'تَوَسُّط' کہتے ہیں اور پانچ حرکات کو 'فُوَيق التَّوَسُّط' کہتے ہیں۔

جب ھمزۃ (جو کہ حرف مد کے بعد آتا ہے) لفظ کا آخری حرف ہو اور پڑھنے والا اس پر وقف کر رہا ہو (یعنی ھمزۃ پر عارضی سکون کے ساتھ رک رہا ہو) تو اس حالت میں اس مد کی لمبائی کی مقدار چار (۴) یا پانچ (۵) حرکات ہوتی ہے جیسا کہ بیان کیا گیا ہے۔اسکے ساتھ یہ مد چھ (٦) حرکات کا بھی ہوسکتا ہے اس کو عربی زبان میں 'الاشباع' کہا جاتا ہے۔پڑھنے والا جب ھمزۃ پر وقف کرتے ہوئے اس مد کو چھ حرکات دیتا ہے تو پھر اس حالت میں اس کو 'الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّكُون' تصور کیا جاتا ہے۔

الْمَدُّ الْعَارِض اور 'أَقْوَى السَّبَبَين' کا بیان آگے بیان کیا جائے گا۔ان شاءاللہ

الْمَدُّ الْوَاجِب الْمُتَّصِل کی مثالیں: مندرجہ ذیل مثالوں میں مد اور ھمزہ ایک ہی لفظ میں واقع ہوئے ہیں۔

﴿فَكُلُوهُ هَنِيٓـًٔا مَّرِيٓـًٔا ﴿٤﴾﴾[1]   ﴿وَلَقَدْ جَآءَكُم مُّوسَىٰ﴾[2]

وہ مثالیں، جہاں پر حرفِ مد کے بعد ھمزۃ، لفظ کا آخری حرف ہو:

﴿يَهْدِى ٱللَّهُ لِنُورِهِۦ مَن يَشَآءُ﴾[3]   ﴿يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِىٓءُ﴾[4]

---

[1] سورۃ النساء آیۃ ٤، [2] سورۃ البقرۃ آیۃ ٩٢، [3] سورۃ النور آیۃ ٣٥، [4] سورۃ الور آیۃ ٣٥۔

جزریہ میں اس کا بیان اس طرح کیا گیا ہے:

وَالْمَدُّ : لَازِمٌ ، وَوَاجِبٌ أَتَى   وَجَائِزٌ ، وَهْوَ وَقَصْرٌ ثَبَتَا

وَوَاجِبٌ : إِنْ جَاءَ قَبْلَ هَمْزَةِ   مُتَّصِلاً إِنْ جُمِعَا بِكِلْمَةِ

اورمدّ (فرعي) کی تین قسمیں ہیں ۱) لازم، ۲) واجب اور ۳) جائز، اور مد (الطبيعي) کو قصر بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔ اور مدّ واجب ہے، جب وہ (حرفِ مدّ) ھمزہ سے پہلے ایک ہی لفظ میں اکٹھا جڑا ہوا آئے۔

الْمَدُّ الْجَائِز الْمُنفَصِل

تَعْرِيفُهُ : هُوَ أَنْ يَقَعَ حَرْفُ الْمَدِّ فِي آخِرِ الْكَلِمَةِ وَالْهَمْزُ فِي أَوَّلِ الْكَلِمَةِ الثَّانِية.

مدّ جائز منفصل کی تعریف: مدّ جائز اسوقت واقع ہوتا ہے جب ایک لفظ کے آخر میں حرفِ مد ہو اور دوسرے لفظ کا پہلا حرف همزة ہو۔

اسے 'جائز' اس لیے کہتے ہیں کیونکہ اس میں کم مقدار یعنی دو (۲) حرکات کی بھی گنجائش ہے اور بعض قُرّاء اس کو اسی مقدار میں پڑھتے ہیں۔ اس کو 'مُنْفَصِل' یعنی الگ یا جدا اس بنا پر کہا جاتا ہے کیونکہ حرفِ مد اور همزة دو الگ لفظوں میں پائے جاتے ہیں۔

حُكْمُهُ: جواز قصره 'حركتين' ومده بمقدار أربع حركات (التَّوسُّط) أوْ خمس حركات (فُويق التَّوسُّط).

مدّ جائز کا حکم: مد جائز کو قصر (یعنی دو (۲) حرکات) کے ساتھ بھی پڑھا جاسکتا ہے اور امام حفص عن عاصم من طريق الشاطبية) کے مطابق اس کو چار (۴) یا پانچ (۵) حرکات کی مقدار تک لمبا کیا جاسکتا ہے۔ اس طریقہ میں دو (۲) حرکات کے ساتھ پڑھنا جائز نہیں۔

الْمَدَّ الْجَائِز الْمُنفَصِل کی مثالیں:

﴿فَرَدُّوٓا۟ أَيْدِيَهُمْ فِىٓ أَفْوَٰهِهِمْ﴾١ ﴿تَبَّتْ يَدَآ أَبِى لَهَبٍ وَتَبَّ﴾٢

ان مثالوں میں اگر قاری پہلے لفظ پر وقف کرے جس کے آخر میں حرفِ مد پایا جاتا ہے تو وہ مَدُّ الطَّبِيعِي کے ساتھ وقف کرتا ہے کیونکہ همزة جو کہ الْمَدُّ الْجَائِز الْمُنفَصِل کا باعث بن رہا ہو وہ اگلے لفظ میں ہے اور وہ صرف وصل کی صورت میں استعمال ہوتا ہے (وقف کی صورت میں همزة نہیں پڑھا جاتا)۔

وضاحت: بعض الفاظ جیسے 'یا' جو کسی کو بلانے کے لیے یا 'ها' جو کسی کی توجہ مبذول کرانے کے لیے استعمال ہوئے ہیں۔ یہ حرف مد پر ختم ہوتے ہیں۔ اگر ایسے حرفِ مد اور همزة ایک ہی لفظ میں آرہے ہوں تو ممکن ہے کہ مدّ واجب اور مد جائز کو پہچاننے میں تھوڑی سی الجھن پیدا ہو جائے۔ ایسی صورت میں پڑھنے والے کو یہ علم ہونا چاہیے کہ 'یا' اور 'ها' الگ الگ لفظ ہیں اور اسکے بعد همزة سے شروع ہونے والا لفظ، دوسرا الگ لفظ ہے، یعنی اصل میں یہ دو لفظوں کا مجموعہ ہے۔ اس لیے اس کو مَدُّ الْجَائِز الْمُنفَصِل کے زمرے میں شامل کیا جاتا ہے۔ مثالیں: ﴿هَٰٓؤُلَآءِ﴾٣ ، ﴿يَٰٓإِبْرَٰهِيمُ﴾٤

١ سورة إبراهيم آية ٩، ٢ سورة المسد آية ١، ٣ سورة البقرة آية ٣١، ٤ سورة هود آية ٧٦

اہم توجہ: اَلْمَدُّ الْوَاجِبُ الْمُتَّصِل اور اَلْمَدُّ الْجَائِز الْمُنْفَصِل دونوں مدود کی لمبائی یا تو چار (۴) حرکات ہونی چاہیے یا پانچ (۵) حرکات۔ انکو خلط ملط کرنا جائز نہیں۔ یعنی اگر اَلْمَدُّ الْوَاجِبُ الْمُتَّصِل کو چار (۴) حرکات دیں تو اَلْمَدُّ الْجَائِز الْمُنْفَصِل کو بھی چار حرکات دینی چاہیئں۔ اس طرح اگر ہم المد الواجب المتصل کو پانچ (۵) حرکات دی جائیں تو اَلْمَدُّ الْوَاجِبُ الْمُتَّصِل کو بھی پانچ حرکات ہی دینی چاہیئں۔

جزریہ میں المد الجائز المنفصل کا بیان اس طرح کیا گیا ہے:

وَجَائِزٌ : إِذَا أَتَى مُنْفَصِلا..................

اور مدّ جائز ہے، جب حرف مد کے بعد اگلے لفظ میں همزہ آئے

مَدُّ الصِّلَةِ الْكُبْرَى

تَعْرِيفُهُ: إِذَا جَاءَت هَاءُ الضَّمِيرِ الْمُتَحَرِّكَةِ بِالضَّمَّةِ أَوْ بِالْكَسْرَةِ وَالْوَاقِعَة بين مُتَحَرِّكَين فِي كَلِمَةٍ وَجَاءَ بَعْدَهَا هَمْزٌ فِي أَوَّلِ الْكَلِمَةِ الثَّانِيَة يَجُوزُ مَدُّهَا حَرَكَتَين أَوْ أَرْبَع أَوْ خَمْس حَرَكَات وَتُلْحَق بِالْمَدِّ الْجَائِزِ الْمُنْفَصِل.

مدّ صلۂ کبریٰ کی تعریف: اگر هَاءُ الضَّمِير لفظ کے آخر میں آئے اور اس پر ضمّة یا كسرة ہو اور یہ دو متحرک حروف کے درمیان ہو اور اس کے بعد آنے والا اگلا لفظ کا پہلا حرف، هـمـزة ہو تو ایسی صورت میں اس مدّ کو دو (۲) (روایت حفص من طریق الشاطبية کے مطابق یہ جائز نہیں) چار (۴) یا پانچ (۵) حرکات کی مقدار پر لمبا کیا جا سکتا ہے۔ لمبائی کی مقدار کے لحاظ سے یہ اَلْمَدُّ الْجَائِز الْمُنْفَصِل کی تابع ہے۔ لفظ 'هٰذِهٖ' کی دوسری هاء (جو آخر میں آ رہی ہے) پر بھی هَاءُ الضَّمِير والا حکم ہی نافذ ہوتا ہے۔ مَدُّ الصِّلَةِ الْكُبْرَى اور مَدُّ الصِّلَة الصُّغْرَى میں فرق صرف یہی ہے کہ مَدُّ الصِّلَةِ الْكُبْرَى میں حرف مد کے بعد همزة پایا جاتا ہے اور مَـدُّ الصِّـلَةِ الصُّغْرَى میں نہیں۔ مَـدُّ الصِّـلَةِ الصُّغْرَى تب ہوتا ہے، جب حرفِ مدّ کے بعد همزة کے علاوہ کوئی بھی حرف آئے۔

مَدُّ الصِّلَةِ الْكُبْرَى کی مثالیں:

﴿أَيَحْسَبُ أَن لَّمْ يَرَهُۥٓ أَحَدٌ ﴿٧﴾﴾ ۱ ﴿وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِۦٓ أَحَدًۢا ﴿١١٠﴾﴾ ۲

﴿وَإِنَّ هَٰذِهِۦٓ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَٰحِدَةً﴾ ۳

۱ سورة البلد آية ۷، ۲ سورة الكهف آية ۱۱۰، ۳ سورة المؤمنون آية ۵۲

اَلْمَدّ بِسَبَب السُّكُون ۔ سکون کی وجہ سے مد

اَلْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّكُون

__تَعْرِيفُهُ:__ *هُوَ أَنْ يَأْتِي بَعْدَ حَرْفِ الْمَدِّ حَرْفٌ مُتَحَرِّكٌ بِأَيَّةِ حَرَكَةٍ كَانَتْ حَالَ الْوَصْلِ ثُمَّ نَقِف عَلَى هٰذا الْحرفِ بِالسُّكُون الْعارِض.*

__مدّ عارض للسکون کی تعریف:__ مدّ عارض للسکون اسوقت ہوتا ہے جب ایک لفظ میں حرفِ مدّ آ رہا ہو اور اس کے بعد صرف ایک متحرک حرف بچتا ہو (یعنی وہ اس لفظ کا آخری حرف ہو) اس حرف پر وصل کی صورت میں کوئی بھی حرکت پائی جاتی ہو اور پھر اس آخری حرف پر عارضی سکون کے ساتھ وقف کیا جائے۔ اس کو 'سکون عارض' اس لیے کہتے ہیں کیونکہ آخری حرف کو وقف کی صورت میں وقتی طور پر ساکن کیا جاتا ہے اور وصل کی صورت میں اس حرف پر پائی جانے والی حرکت برقرار رہتی ہے یعنی وہ حرف اپنی حرکت کے مطابق پڑھا جاتا ہے۔

وضاحت: اگر لفظ کا آخری حرف همزة ہو تو پھر اس حالت میں ایک ہی حرف مد میں دو وجوہات پائی جاتی ہیں۔ المد الواجب المتصل اور المدالعارض للسکون (اس کی تفصیل أَقْوَى السَّبَبَين میں بیان کی جائے گی)۔

__حُكْمُهُ:__ *جَوَازُ الْقَصْر وَالتَّوَسّط وَالإِشْبَاع حَالَ الْوَقْف (حركتين أو أربع أو ست حركات)*

__مدعارض للسکون کا حکم:__ وقف کی صورت میں اس مد کو دو (۲)، چار (۴) یا چھ (۶) حرکات کی مقدار تک لمبا کرنے کی اجازت ہے۔ اگر ہم اس لفظ پر وقف نہیں کرتے تو یہ آخری حرف اپنی اصلی حرکت کے مطابق پڑھا جاتا ہے اور اس حرف سے پہلے آنے والے حرف مد کو صرف دو (۲) حرکات کی مقدار پر لمبا کیا جاتا ہے جو کہ مدُّ الطَّبِيعِي کی قدرتی مقدار ہے۔

__اَلْمَدَّ الْعَارِض لِلسُّكُون کی مثالیں:__

﴿قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ ٱلنَّاسِ ۝١﴾[1]، ﴿ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ۝٢﴾[2]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر آیت پر رکتے تھے اور آخری لفظ کے حرفِ مدّ کو کھینچ کر پڑھتے تھے۔ اس لیئے سنّت کا اتباع ضروری ہے۔ البتہ قواعدِ عربی کے لحاظ سے دو یا تین آیتوں کو ملا کر پڑھنے کی اجازت ہے۔

---

[1] سورة الناس آية ١، [2] سورة الفاتحة آية ١

مَدَّ اللِّين

تَعْرِيفُهُ: هُوَ أَنْ تَأْتِي الوَاو أَوِ الْيَاءُ اللِّينِيَّتَان (أَي السَّاكِنَتَان الْمَفْتُوح مَا قَبْلَهُمَا) قَبْلَ الْحَرْفِ الأَخِير فِي الْكَلِمَة ثُمَّ نَقِفُ عَلَى الْحَرْفِ الأَخِير بِالسُّكُونِ الْعَارِض.

مدّ لین کی تعریف: مدّ لین اسوقت واقع ہوتا ہے، جب ایک لفظ میں حرفِ لین ہو اور اس کے بعد اس لفظ کا صرف ایک ہی حرف بچتا ہو اور اس لفظ پر ہم سکون کے ساتھ وقف کیا جائے۔

حُكْمُهُ: جَوَاز الْمَد بِمِقْدَار حَرَكَتَين أَوْ أَرْبَع أَوْ سِت حَرَكَات حَالَ الْوَقف

مدلین کا حکم: لفظ پر وقف کے وقت دو (۲)، چار (۴) یا چھ (۶) حرکات کی لمبائی تک کی اجازت ہے۔ اگر ہم اس لفظ کو جاری رکھیں یعنی وقف نہ کریں تو حرفِ لین کو تھوڑا سا لمبا کیا جاتا ہے۔ یہ لمبائی عام حرکت کی لمبائی سے تھوڑی زیادہ لیکن مَدُّ الطَّبِيعِي کی لمبائی سے کم ہوتی ہے۔ علمائے تجوید اس لمبائی کو 'مدًا ما' کہتے ہیں۔

مَدَّ اللِّين کی مثالیں: ﴿لِإِيلَٰفِ قُرَيْشٍ ۝١﴾[1]　　﴿كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ ٱلْمَوْتِ﴾[2]

جزریہ میں المد العارض للسكون اور مد اللين کا بیان اس طرح کیا گیا ہے:

أَوْ عَرَضَ السُّكُونُ وَقْفًا مُسْجَلا..........................

(مد العارض للسكون یا مد اللين پر وقف کی صورت میں ہمیشہ عارضی سکون کے ساتھ رکھیے۔)

المد العارض للسكون اور مد اللين کے درمیان فرق

	مدُّ اللِّين	المَدُّ الْعَارِض لِلسُّكُون
اس کے حروف حروف کی اقسام	صرف دو حروف: 'واوْ' اور 'ياءْ' حروف اللين: 'واو وياء ساكنة مفتوح ما قبلها' واو کے ساتھ (الْمَوْت) یاء کے ساتھ (قُرَيْش)	تین حروف مد: 'الف'، 'واوْ'، 'ياءْ' حروف مد: الف ساكنة مفتوح ما قبلها (النَّاس) واو ساكنة مضموم ما قبلها (يَعْلَمُون) ياء ساكنة مضموم ما قبلها (العَالَمِين)
حالت وصل میں اس کی صورت	يمد مدًا ما، اسے مد الطبيعي کی مقدار سے کم طول دیا جاتا ہے۔	حروف مد یہ کی طبیعی مقدار یعنی دو (۲) حرکات

وقف کی صورت میں مَدُّ الْعَارِض لِلسُّكُون اور مَدُّ اللِّين دونوں کی مقدار، دو (۲) یا چار (۴) یا چھ (۶) حرکات ہو سکتی ہے۔

[1] سورة قريش آية ١، [2] سورة آل عمران آية ١٨٥

اگرایک آیت میں دومختلف مدودہوں جنکی لمبائی کی مقدار ایک جیسی ہوتو ان میں سے ایک مد دوسری سے قوی ہوتی ہے۔ الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون مَدّ اللِّین کی نسبت زیادہ قوی ہے۔اگران دونوں میں سے کمزور مد (مَدُّ اللِّین) قوی مد (الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون) سے پہلے ایک ہی آیت میں آرہی ہوتو پھر قوی مد کی مقدار کمزور مد کی مقدار کے برابر یا اس سے زیادہ ہونی چاہیے۔اور جب قوی مد (الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون) کمزور مد (مَدُّ اللِّین) سے پہلے آئے تو پھر کمزور مد کی مقدار قوی مد کی مقدار کے برابر یا اس سے کم ہونی چاہیے۔یعنی یہ مدود ایک دوسرے کے برابر تو ہوسکتی ہیں لیکن مَدُّ اللِّین کمزور ہونے کے باعث، مَدُّ الْعَارِض سے مقدار میں لمبی نہیں ہوسکتی۔اور نہ ہی مَدُّ الْعَارِض کو مَدُّ اللِّین سے کم کیا جاسکتا ہے کیونکہ المد العارض اقوی ہے۔

شیخ محمد نصر نے اپنی کتاب 'نِهَايَةُ الْقَولِ الْمُفِيد' میں ان مدّود کی تفصیل میں ایک نظم کا حوالہ دیا ہے جس میں الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون کا مَدُّ اللِّین سے پہلے آنے کا حکم کا بیان کیا ہے۔

وَكُلُّ مَنْ أَشْبَعَ نَحْوَ الدِّيْنِ	ثَلاثَةً تَجْرِي بِوَقْفِ اللِّينِ
وَمَن يَرَى قَصْرًا فَبِالْقَصْرِ اقْتَصَرْ	وَمَنْ يُوسِطْهُ يُوسِطْ أَوْ قَصَرْ
اور جو بھی چھ حرکات کی مقدار پر الدِّيْنِ جیسے الفاظ کو لمبا کرے۔	تو پھر لین پر وقف کرتے ہوئے تین صورتیں ہیں۔
اور جو بھی قصر کرے (العارض) تو اس (اللین) کو بھی قصر کرے۔	اور جو بھی توسُّط (چار حرکات) کرے تو پھر اس (مد اللین) کو توسُّط یا قصر کرے۔

درج ذیل آیت کی مدد سے ہم اسے مزید سمجھ سکتے ہیں:

﴿يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ حَرِّضِ ٱلْمُؤْمِنِينَ عَلَى ٱلْقِتَالِۚ إِن يَكُن مِّنكُمْ عِشْرُونَ صَٰبِرُونَ يَغْلِبُوا۟ مِا۟ئَتَيْنِۚ﴾[1]

اس ایک آیت میں دو جملے پائے جاتے ہیں جن کے آخر میں (ج) لکھا ہوا ہے جو 'وقفِ جائز' کی نشاندہی کرتا ہے۔ پہلا جزو کلام لفظ ٱلْقِتَالِۚ پر ختم ہوتا ہے جس پر الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔دوسرا جزء کلام لفظ مِا۟ئَتَيْنِ پر ختم ہوتا ہے جس پر مَدُّ اللِّین کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

اوپر دیے گئے اشعار میں یہ بات بیان کی گئی ہے کہ اگر الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون پر چھ (۶) حرکات کے ساتھ وقف کرتے ہیں تو مَدُّ اللِّین پر دو (۲)، چار (۴) یا چھ (۶) حرکات کے ساتھ وقف کیا جاسکتا ہے۔اور یہ الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون کے قوی ہونے کی وجہ سے ہے۔ اگر ہم الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون پر چار حرکت کے ساتھ وقف کرتے ہیں تو مَدُّ اللِّین پر دو یا چار

[1] سورة الأنفال آية ٦٥،

حرکات کے ساتھ وقف کر سکتے ہیں۔اوراگر الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون پر دو حرکات کے ساتھ وقف کرتے ہیں تو پھر مَدُّ اللِّین پرصرف دو(۲) حرکات کے ساتھ ہی وقف کر سکتے ہیں۔

اہم قاعدہ: کمزور مدّ (اللِّین) قوی مدّ (عَارِض لِلسُّکُون) سے مقدار میں کبھی زیادہ نہیں ہوسکتا۔ البتہ اس کے برابر، یا اس سے کم ضرور ہوسکتا ہے۔

اگرایک ہی آیت میں مَدُّ اللِّین ،الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون سے پہلے آئے تو الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون کی مقدار کا تعین مَدُّ اللِّین کی مقدار کے مطابق ہوگا۔الشیخ محمد النصر باقی نظم میں اس حکم کے بارے میں فرماتے ہیں:

وَكُلُّ مَنْ قَصَّرَ حَرْفَ اللِّينِ ثَلاثَةً تَجْرِي بِنَحْوِ الدِّينِ

وَإِنْ تَوَسَّطْهُ فَوَسِطْ أَشْبِعًا وَإِنْ تَمَدَّهُ فَمُدَّ مُشْبِعًا

اور جو کوئی بھی حرفِ لین کو (مد کی حالت میں) قصر کرے۔ تو پھر الدِّینِ جیسی مثال میں (وقف کی حالت میں) تین صورتیں ہیں۔

اوراگراس (مَدُّ اللِّین) کو توسُّط (چار حرکت) کرے تو پھر (الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون) کو توسط (۴) یا لمبا (۶) کرے۔ اوراگراس (مدُّ اللِّین) کو لمبا (چھ حرکت) کرے تو پھراس (الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون) کو بھی اسی طرح لمبا کرے۔

مَدُّ اللِّین کا الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون سے پہلے آنے کی مثال ہم سورۃ البقرۃ کی درج ذیل آیت میں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

﴿ذَٰلِكَ ٱلْكِتَٰبُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ ۝٢﴾ [البقرة: ٢]

اس آیت میں اگر لفظ رَیْب پر وقف کرتے ہیں تو یہ مَدُّ اللِّین ہے. اس آیت کا آخری لفظ لِّلْمُتَّقِین ہے اور جب اس لفظ پر رکتے ہیں تو الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون کے ساتھ رکتے ہیں۔اس آیت میں اوپر دیے گئے اشعار کے مطابق الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون کو مَدُّ اللِّین کے برابر یا اس سے زیادہ لمبا کرتے ہیں۔

حاصل کلام: الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون لازمی طور پر مَدُّ اللِّین کے برابر ہونا چاہیے یا اس سے زیادہ۔اس کے برعکس مَدُّ اللِّین، الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون کے برابر یا اس سے کم ہونا چاہیے۔الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون کسی صورت میں مَدُّ اللِّین سے کم نہیں ہوسکتی اور مَدُّ اللِّین، کسی صورت میں الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون سے زیادہ نہیں ہوسکتی۔ہاں دونوں کی مقدار برابر ضرور ہوسکتی ہے۔

---

[۱] سورة البقرة آية ٢،

اَلْمَدُّ اللَّازِم لازمی مد

<u>تَعْرِيفُهُ:</u> أَنْ يَقَعَ سُكُونٌ أَصْلِي بَعْدَ حَرْفِ الْمَدِّ فِي كَلِمَةٍ أَوْ فِي حَرْف .

<u>مدّ لازم کی تعریف:</u> جب حرف مد کے بعد، سکون اصلی واقع ہو خواہ یہ ایک لفظ میں ہو یا ایک حرف میں۔

اس سکون کو'اصلی' اس لیے کہا جاتا ہے، کیونکہ یہ سکون لفظ کا اصلی یعنی اس کا بنیادی حصہ ہے اور یہ وصل اور وقف دونوں حالتوں میں برقرار رہتی ہے۔

مدلازم کی اقسام: المدالازم کو دو مجموعوں میں بانٹا گیا ہے:

1- الْمَدُّ اللَّازِمْ الْكَلِمِي

2- الْمَدُّ اللَّازِمْ الْحَرْفِي

ان دونوں مجموعوں میں دو دو قسمیں شامل ہیں، اس طرح مدُّ اللازم کی کل چار (۴) اقسام ہیں۔

1- الْمَدُّ اللَّازِمْ الْكَلِمِي الْمُثقَّل

2- الْمَدُّ اللَّازِمْ الْكَلِمِي الْمُخَفَّف

3- الْمَدُّ اللَّازِمْ الْحَرْفِي الْمُثقَّل

4- الْمَدُّ اللَّازِمْ الْحَرْفِي الْمُخَفَّف

جزریہ میں المد اللازم کا بیان اس طرح کیا گیا ہے:

فَلَازِمٌ : إِنْ جَاءَ بَعْدَ حَرْفِ مَدّ　　سَاكِنُ حَالَيْنِ ، وَبِالطُّولِ يُمَدّ

مدّ لازم کو اختیار کرنا وصل اور وقف، دونوں حالتوں میں لازمی ہے۔ اس کو طول یعنی چھ (٦) حرکات کے ساتھ کھینچا جاتا ہے۔

الْمَدَّ اللَّازِمْ الْكَلِمِي الْمُثَقَّل

تَعْرِيفُهُ: هُوَ أَنْ يَأْتِي بَعْدَ حَرْفِ الْمَدِّ سُكُونٌ أَصْلِي مُدْغَم – أَيْ مُشَدَّد – فِي كَلِمَة.

مدلازم کلمی مثقل کی تعریف: جب حرفِ مدّ کے بعد سکون اصلی مُدْغَم (یعنی مُشَدَّد) ایک ہی کلمہ میں آئے۔

'مُثَقَّل' کا مطلب ثقیل ہے اور اس سے مراد وہ حرف ہے جس پر تشدید ہو۔ تشدید دو (۲) ایک جیسے حروف کی نشاندہی کرتا ہے۔ جس میں پہلا ساکن اور دوسرا متحرک۔ یہ دونوں حروف مل کر ایک حرفِ مشدّد بن جاتے ہیں۔ اس کو 'لازم' اس لیے کہتے ہیں کیونکہ حرفِ مدّ کے بعد سکون اصلی پایا جاتا ہے اور تمام قُرّاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اس مد کی لمبائی کی مقدار لازمًا چھ (۶) حرکات ہونی چاہیے۔ حرفِ مد ایک ہی لفظ (یا ایک کلمہ) میں ہونے کے باعث یہ مد 'کلمي' کہلاتا ہے۔

الْمَدُّ اللَّازِمْ الْكَلِمِي الْمُثَقَّل کی مثالیں :

﴿ءَآلذَّكَرَيْنِ﴾[۱]، ﴿ٱلْحَآقَّةُ﴾[۲]، ﴿دَآبَّةٍ﴾[۳]، ﴿ٱلضَّآلِّينَ﴾[۴]

الْمَدُّ اللَّازِمْ الْكَلِمِي الْمُخَفَّف

تَعْرِيفُهُ: هُوَ أَنْ يَقَعَ بَعْدَ حَرْفِ الْمَدِّ سُكُونٌ أَصْلِيٌّ غَيرُ مُدْغَمٍ – أَيْ مُخَفَّف – فِي كَلِمَة.

مدلازم کلمی مخفف کی تعریف: حرفِ مدّ کے بعد سکون اصلی غیر مُدْغَم (یعنی غیر مُشَدَّد) کا ایک ہی لفظ میں پایا جانا مدلازم کلمی مُخَفَّف کہلاتا ہے۔

'مُخَفَّف' کا مطلب خفیف ہے اور اس سے مراد وہ ساکن حرف ہے جو غیر مُدْغَم ہو (یعنی جو کسی دوسرے حرف میں ملا ہوا نہ ہو)۔

مِقْدَارُهُ: يُمَدُّ بِمِقْدَار ست حَرَكَات

اس کی مقدار: چھ (۶) حرکات۔

پورے قرآن میں الْمَدُّ اللَّازِمْ الْكَلِمِي الْمُخَفَّف کی صرف دو (۲) مثالیں ہیں جو ایک ہی سورۃ میں پائی جاتی ہیں:

﴿ءَآلْـَٰٔنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ﴾[۵]

﴿ءَآلْـَٰٔنَ وَقَدْ كُنتُم بِهِۦ تَسْتَعْجِلُونَ ﴿٥١﴾﴾[۶]

---

۱ سورة الأنعام آية ۱٤۳، ۲ سورة الحاقة آية ۱، ۳ سورة البقرة آية ۱٦٤، ٤ سورة الفاتحة آية ۷

۵ سورة يونس آية ۹۱ ۶ سورة يونس آية ۵۱

اَلْمَدَّ اللَّازِمْ الْحَرْفِي

تمہید: قرآن میں بعض سورتیں ایسی ہیں جن کی ابتدا حروفِ مقطعات سے ہوتی ہے۔ یہ حروف تعداد میں چودہ (۱۴) ہیں اور انہیں: 'نَصٌّ حَكِيمٌ قَاطِعٌ لَهُ سِر' میں جمع کردیا گیا ہے۔

ان حروف کو چار (۴) حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے:

1- وہ حرف جو قطعاً کوئی مد نہ رکھتا ہو: یہ حوالہ 'اَلِف' کے لیے ہے جس میں کوئی حرفِ مد موجود نہیں۔

2- وہ حروف مقطعات جن کی لمبائی کی مقدار دو (۲) حرکات ہے: لفظ 'حَيٌّ طُهِر' میں یہ تمام حروف پائے جاتے ہیں۔ ان حروف (یعنی حا. یا. طا. ھا. را) میں سے کوئی بھی حرف کسی سورت کے ابتداء میں آئے تو اسے دو حرکات کے برابر لمبا کیا جاتا ہے کیونکہ لکھنے میں یہ دو حروف پر مشتمل ہوتے ہیں اور یہ 'مد الطبيعي الحرفي' بھی کہلاتے ہیں۔

3- وہ حروف مقطعات جن کی لمبائی کی مقدار چھ (٦) حرکات ہے: ان میں سات (۷) حروف شامل ہیں جنکا مجموعہ 'سنقص لكم' ہے۔ ان تمام حروف کی لمبائی کی مقدار چھ (٦) حرکات ہے۔ مجموعہ 'سنقص لكم' میں شامل حروف کو دو قسموں میں بانٹا گیا ہے:

ا) اَلْمَدُّ اللَّازِمْ الْحَرْفِي الْمُثَقَّل

ب) اَلْمَدُّ اللَّازِمْ الْحَرْفِي الْمُخَفَّف

حروف کا ان اقسام میں شامل ہونے کا انحصار اس بات پر ہے کہ آیا وہ اپنے سے بعد میں آنے والے حرف میں داخل ہوتے ہیں یا نہیں۔

چھ (٦) حرکات والے سات حروف — سَنَقُصُّ لَكُم

مدّ لَازِم حَرْفِي مُخَفَّف	مَدّ لَازِم حَرْفِي مُثَقَّل
یہ حرف جب لکھا جاتا ہے تو تین حروف پر مشتمل ہوتا ہے۔ ان حروف کا درمیانی حرف، حرف مدّ یہ ہوتا ہے۔ حرفِ مدّ کے بعد حرف غیر مدغم پایا جاتا ہے یعنی تیسرے حرف کا اپنے سے بعد میں آنے والے حرف کے ساتھ ادغام نہیں ہوتا ہے۔	یہ حرف جب لکھا جاتا ہے تو تین حروف پر مشتمل ہوتا ہے۔ ان حروف کا درمیانی حرف مدّیۃ ہوتا ہے۔ حرف مد کے بعد حرف مدغم پایا جاتا ہے یعنی تیسرا حرف اپنے سے بعد میں آنے والے حرف میں داخل ہوجاتا ہے۔

4- 'عَین': حرف 'عَین' کوامام حفص عن عاصم من طریق الشاطبیة کے مطابق چار (۴) یا چھ (۶) حرکات کی مقدار پر لمبا کیا جاسکتا ہے۔ چونکہ 'عَین' کا درمیانی حرف، حرفِ مد نہیں بلکہ حرفِ لین ہے، اس لیے یہ مَدُّ الّازِم میں شمار نہیں ہوتا بلکہ یہ مدُّ اللِّین سے ملحق ہوتا ہے۔

اَلْمَدُّ اللَّازِمْ الْحَرْفِي الْمُخَفَّف

تَعْرِيفُهُ: هُوَ أَنْ يَأْتِي حَرْفُ مِنَ الْحُرُوف الَّتِي افْتُتِحت بِهَا السُّور، هِجَاؤُهُ مِنْ ثَلَاثَةِ أَحْرُف أَوْسَطُهَا حَرْف مَدوبَعْدَهُ سُكُونٌ أَصْلِي مُخَفَّف - أَيْ غَير مُدْغَم فِيمَا بَعْدَه.

مدلازم حرفی مخفف کی تعریف: سورت کی ابتدا میں اگر کوئی حرف مجموعہ حروف 'سنقص لکم' میں سے ہوتو وہ تین حرفی لفظ کی طرح پڑھا جاتا ہے، جسکا درمیانی حرف مدیہ اور تیسرا حرف ساکن ہوتا ہے، اور اسکا سکون اصلی ہوتا ہے۔ حرف کے مُخَفَّف یا مُثقَّل ہونے کا دارومدار آخری حرف پر ہوتا ہے کہ آیا وہ اپنے سے بعد میں آنے والے حرف میں داخل ہوتا ہے یا نہیں۔ حرف مخفَّف کی صورت میں یہ اپنے سے بعد میں آنے والے حرف میں داخل نہیں ہوتا اس لیے اسے مخفَّف کہا جاتا ہے۔ اس مدّ کی لمبائی کی مقدار چھ (۶) حرکات ہے۔ چونکہ یہاں حروف کو انفرادی طور پر دیکھا جارہا ہے اس لیے یہ مد 'حرفی' کہلاتی ہے۔

المدُّ اللَّازِم الْحَرْفِي الْمُخَفَّف کی مثالیں:

﴿الٓر﴾[1]

حروف مقطعات لکھنے میں ملا کر لکھے جاتے ہیں جبکہ پڑھنے میں الگ الگ پڑھے جاتے ہیں۔

الٓر: الِفْ + لَامْ + رَا

اوپر دی گئی مثال میں ہم دیکھ سکتے ہیں کہ 'لام' کو جب لکھا جاتا ہے تو یہ تین حروف (ل+ا+م) پر مشتمل ہوتا ہے۔ اسکا درمیانی حرف الف مدّیہ اور آخری حرف 'میم' ساکنہ ہے اور اس کے بعد 'را' آرہا ہے۔ میم ساکنہ کے بعد حرف 'را' آنے کی صورت میں اِدغام نہیں ہوتا، اس لیے یہ مدّ لازم مُخَفَّف کہلاتا ہے۔

[1] سورة يونس آية ١

الْمَدُّ اللَّازِمُ الْحَرْفِي الْمُثَقَّل

تَعْرِيفُهُ: هُوَ أَنْ يَأْتِي حَرْفٌ مِنَ الْحُرُوفِ الَّتِي افْتُتِحَت بِهَا السُّوَر، هِجَاؤُهُ مِنْ ثَلَاثَةِ أَحْرُف أَوْسَطُهَا حَرْف مَدّ وَبَعْدَهُ سُكُونٌ أَصْلِي مُدْغَم فِيمَا بَعْدَه.

مدّلازم حرفی مُثقّل کی تعریف: مدّلازم حرفی مُثقّل اسوقت وجود میں آتا ہے جب سورت کی ابتدا مجموعہ حروف 'سنقص لکم' میں سے کسی حرف کے ساتھ ہو رہی ہو اور اس تین حرفی لفظ کا آخری حرف اپنے سے بعد آنے والے حرف میں داخل ہو رہا ہو۔ اسی لیے اسے 'مُثقّل' کہا جاتا ہے۔ اس کی واجب مقدار چھ (٦) حرکات ہے۔

الْمَدُّ اللَّازِمُ الْحَرْفِي الْمُثَقَّل کی مثالیں: ﴿الٓمٓ ۝١﴾[1]

الٓمٓ: الِفْ+لَامْ+مِیم

اس مثال میں ہم تین حروف تہجی پر مشتمل دو حروف 'لام' اور 'میم' پاتے ہیں۔ حرفِ لام (ل+ا+م) میں درمیان والا حرف الف مدّ یہ ہے اور اس کے بعد میم ساکنہ آ رہا ہے لیکن اس میم ساکنہ کے بعد آنے والا اگلا حرف بھی 'میم' ہی ہے اور میم ساکنہ کے بعد اگر 'میم' آ رہا ہو تو دونوں کا ادغام واجب ہو جاتا ہے، لہذا یہ 'لام' مدّ حرفی مُثقّل میں شمار ہوگا۔ اس کے برعکس تین حرفی لفظ 'میم' کا آخری حرف، چونکہ اپنے سے بعد میں آنے والے حرف میں مدغم نہیں ہو رہا، اس لیے یہ مدّ حرفی مُخفّف ہو گی (میم کے بعد کوئی اور حرف نہیں ہے)۔

مدلازم حرفی کی مزید مثالیں: ﴿الٓمٓصٓ ۝١﴾[2] ﴿حٰمٓ ۝١ عٓسٓقٓ ۝٢﴾[3]

---

[1] سورة البقرة آية ١، [2] سورة الأعراف آية ١ [3] سورة الشورى آية ١

﴿الٓمٓ ﴿١﴾ اللَّهُ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ ﴿٢﴾﴾[1]

نوٹ: یہ سورۃ آل عمران کی پہلی دو آیتیں ہیں۔ اگر ان آیات کو ملا کر پڑھتے ہیں تو پہلی آیت کے آخری حرف پر ایک عارضی فتحة لگا کر پڑھتے ہیں کیونکہ عربی زبان میں دو ساکن (اِلْتِقَاءُ سَاكِنَين یعنی میم ساکنہ اور لام ساکنہ) حروف کو ملا کر نہیں پڑھا جاتا۔ اس مشکل کو حل کرنے کے لیے پہلے ساکن کو وصل کی صورت میں ایک عارضی حرکت دے دی جاتی ہے۔ ان دو آیات کو ملانے کی صورت میں حرف 'میم' کو پڑھنے کے دو طریقہ ہیں:

1- عَدَمُ الاِعْتِدَادِ بِالْعَارِض: - حرف 'میم' کو وقف کی طرح چھ (٦) حرکات کی مقدار پر ہی لمبا کرنا کیونکہ 'میم' کی اصل حالت ساکن ہی ہے۔ اس پر حرکت صرف اسے اگلے لفظ سے ملانے کے لیئے لگائی گئی ہے۔ اس سورت میں میم کی عارضی حرکت کی بجائے اس کی اصل حالت کو دیکھا جاتا ہے۔

2- الاِعْتِدَادُ بِالْعَارِض: - حرف 'میم' کو دو حرکت کی مقدار پر لمبا کرنا اس صورت میں میم کی عارضی حرکت کو دیکھا جاتا ہے، جو فتحة ہے۔ میم کو وقف کی حالت میں صرف چھ (٦) حرکات کی مقدار پر لمبا کرنے کی وجہ سکون لازم ہے لیکن اس سکون کو جب عارضی حرکت دی جاتی ہے تو اس مد کا وجود ختم ہو جاتا ہے لہذا اسے مد الطبیعی کی طرح دو (٢) حرکات دی جاتی ہیں۔

سورتوں کی ابتدا میں آنے والے حروف مقطعات میں مختلف مدود کا خلاصہ			
ألف	حَيٌّ طُهر	سَنَقُصُّ لَكُم	عَين
لَا مَدَّ فِيهَا	مَدُّ الطَّبِيعِي	مَدُّ اللَّازِم حَرْفِي مُدْغَم (مُثَقَّل)　　غير مُدْغَم (مُخَفَّف)	يَلْحَق بِمَدِّ اللِّين مدّ اللين کی تابع
اس میں کوئی مد نہیں	دو (٢) حرکات	مقدار: چھ (٦) حرکات فقط	مقدار: چار (٤) یا چھ (٦) حرکات

[1] سورة آل عمران آية ١، ٢

أَقْوَى السَّبَبَين

الْمَدُّ الْفَرْعِي کے بارے میں، ہم پہلے پڑھ چکے ہیں کہ یہ دو وجوہات کی بنا پر ہوتی ہے: ۱)الھمز ۲)والسکون۔

۱۔ همزة کی وجہ سے جو مدود ہوتی ہیں ان کی تین (۳) اقسام ہیں: الْمَدُّ الْمُتَّصِل وَالْمُنْفَصِل وَالْبَدَل۔

مَدِّ الصِّلَة الْكُبْرَى کا شمار مَدُّ الْمُنْفَصِل کے تحت ہی ہوتا ہے۔

۲۔سکون کے باعث وجود میں آنے والی مدود کی دو (۲) اقسام ہیں: الْمَدُّ اللَّازِم وَالْعَارِض لِلسُّكُون۔ مَدُّ اللِّين، مَدُّ الْعَارِض لِلسُّكُون ہی کی شاخ شمار کی جاتی ہے۔قوت اور کمزوری کے لحاظ سے ان مدود کے مختلف درجات ہیں۔قوت کے لحاظ سے ان مدود میں قوی ترین مدّ، الْمَدُّ اللَّازِم ہے۔اس کے بعد الْمَدُّ الْوَاجِب الْمُتَّصِل ہے۔تیسری نمبر پر الْمَدُّ الْعَارِض لِلسُّكُون پھر الْمَدُّ الْجَائِزُ الْمُنْفَصِل اور آخر میں سب سے کمزور الْمَدُّ الْبَدَل ہے۔

الشیخ ابراهیم علی شحاته کے لکھے ہوئے درج ذیل اشعار مدود کی درجہ بندی میں مدد کرتے ہیں۔

أَقْوَى الْمُدُودِ لَازِمٌ فَمَا اتَّصَلْ فَعَارِضٌ فَذُو انفِصَالٍ فَبَدَلْ

مدود میں قوی ترین مدّ مدّ لَازِم ہے، پھر الْمَدُّ الْوَاجِب الْمُتَّصِل پھر الْمَد الْعَارِض پھر الْمَدُّ الْجَائِز الْمُنْفَصِل اور سب سے آخر میں الْمَدُّ الْبَدَل ہے۔

قَاعِدَة أَقْوَى السَّبَبَينِ فِي الْمُدُود
أقوی السببین کا قاعدہ

اگر ایک حرفِ مدّ کو، لمبا کرنے کے لیے دو (۲) وجوہات موجود ہوں تو ان میں لازماً ایک مدّ دوسری کی نسبت قوی ہو گی۔ اس صورت میں ہم کمزور مد کو چھوڑ کر، قوی مدّ کو اپناتے ہیں۔ درج ذیل اشعار بھی الشیخ ابراهیم علی شحاته ہی کے ہیں۔

وَسَبَبَا مَدٍّ إِذَا مَا وُجِدَا فَإِنَّ أَقْوَى السَّبَبَينِ انْفَرَدَا

اگر تم ایک مد کے دو اسباب پاؤ تو ان دو اسباب میں سے زیادہ قوی سبب کو اپنا لو۔

أَقْوَى السَّبَبَین کی مثالیں:

پہلی مثال: ﴿ ءَآمِّينَ ﴾[1]

اس مثال میں ہم دیکھتے ہیں کہ حرفِ مدّ سے پہلے همزة پایا جاتا ہے(ءَا)اس لیے یہ مَدُّ الْبَدَل ہے۔اسی حرفِ مدّ کے بعد حرف مشدد بھی پایا جاتا ہے(آمِّ) یعنی سکون اَصلی۔اس لیئے یہ مدّ لازِم بھی ہے۔پہلے دی گئی معلومات کے مطابق ان دونوں مدود میں قوی مد، الْـمَدُّ اللَّازِم ہے اس لیے ہم اس کو اپناتے ہوئے مَـدُّ الْبَدَل کو چھوڑ دیتے ہیں۔اس مد کی مقدار چھ(٦) حرکات ہوتی ہے۔

دوسری مثال: ﴿ إِنَّـا بُرَءَٰٓؤُاْ مِنكُمْ ﴾[2]

اس مثال میں چونکہ حرفِ مد سے پہلے همزة پایا جاتا ہے(ءَٰ)اس لیے یہ مَدُّ الْبَدَل ہے۔اس حرفِ مد کے فوراً بعد اسی لفظ میں ایک اور همزة بھی موجود ہے(ٓؤُ)اس لیے یہ مـدّ وَاجِب مُتَّصِل بھی ہے۔یہ دونوں مدود، ایک ہی حرفِ مدّ میں حصہ دار ہیں یعنی دونوں مدود کا حرفِ مدّ مشترک ہے۔اس صورت میں مَدُّ الْبَدَل کو چھوڑ کر الْـمَدُّ الْوَاجِب الْمُتَّصِل کو اپناتے ہیں اور اس کی مقدار چار(٤) یا پانچ(٥) حرکات ہوتی ہے۔

جب اس لفظ (بُرَءَٰٓؤُاْ) یا کسی بھی دوسرے ایسے لفظ پر وقف کیا جائے جس کے آخر میں حرفِ مدّ کے بعد همزة پایا جاتا ہو، تو ایسی حالت میں اس ایک حرفِ مدّ پر وقف کی تین مختلف ممکنہ صورتیں ہوتی ہیں:

١) اگر پڑھنے والا مـدّ وَاجِب مُتَّصِل اور مَـدُّ الْعَارِض لِلسُّكُون دونوں کو چار(٤) حرکات کے ساتھ پڑھتا ہے تو وقف کی صورت میں بھی چار(٤) حرکات کے ساتھ ہی وقف کر سکتا ہے۔اس صورت میں اس کو 'مَـدّ بِسَبَبَیـن' کہتے ہیں یعنی دو وجوہات کے ساتھ مد(ایک مدّ وَاجِب مُتَّصِل اور دوسری مَدُّ الْعَارِض لِلسُّكُون)۔

٢) اگر پڑھنے والا مدّ وَاجِب مُتَّصِل کو پانچ(٥) حرکات اور مَـدُّ الْعَارِضِ لِلسُّكُون کو دو(٢) یا چار(٤) حرکات کے ساتھ پڑھتا ہو تو اس صورت میں وہ اس لفظ پر صرف پانچ(٥) حرکات یعنی مدّ وَاجِب مُتَّصِل کے ساتھ ہی رک سکتا ہے۔

٣) اگر پڑھنے والا مَـدُّ الْعَارِض لِلسُّكُون کو چھ(٦) حرکات اور مـدّ وَاجِب مُتَّصِل کو چار(٤) یا پانچ(٥) حرکات کے ساتھ پڑھتا ہو تو اس صورت میں وہ اس مد پر صرف مَدُّ الْعَارِض لِلسُّكُون یعنی چھ(٦) حرکات کے ساتھ ہی رک سکتا ہے۔اس

---

[1] سورة المائدة آية ٢، [2] سورة االممتحنة آية ٤

لفظ پر چھ(٦) حرکات صرف اسوقت ممکن ہیں جب پڑھنے والا مَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون کو شروع سے ہی چھ حرکات دیتا ہو۔ اس طرح یہ مدّ لَازِم سے مشابہہ ہو جاتی ہے اور مدّ لَازِم کی لمبائی کی مقدار بھی چھ(٦) حرکات ہے۔ اس میں دو حرکات کے ساتھ وقف کرنا ممنوع ہے کیونکہ مدّ وَاجِب مُتَّصِل میں دو حرکات نہیں ہوتیں اور یہ مَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون سے قوی ہے۔

تیسری مثال: ﴿رَءَآ أَيْدِيَهُمْ﴾[١]


اوپر دی گئی مثال میں حرفِ مدّ سے پہلے ھمزہ پایا جاتا ہے اس لیے یہ مَدُّ الْبَدَل ہے اور چونکہ یہ حرفِ مد لفظ کے آخر میں پایا جاتا ہے اور اگلے لفظ کا پہلا حرف ھمزۃ ہے اس لیے یہ مَدُّ الْجَائِزُ الْمُنْفَصِل بھی ہے۔ حالت وصل کی صورت میں ہم مد البدل کو چھوڑ کر مَدُّ الْجَائِزُ الْمُنْفَصِل کو اپناتے ہیں اور اس کی لمبائی کی مقدار دو(٢)، چار(٤) یا پانچ(٥) حرکات ہے (روایت حفص من طریق الشاطبیة میں صرف چار(٤) یا پانچ(٥) حرکات کرنا جائز ہے). اگر مدّ جَائِز مُنْفَصِل کو دو حرکت کے ساتھ پڑھیں تو یہ 'مَدّ بِسَبَبَین' کہلاتی ہے اور اس میں مَدُّ الْبَدَل اور مَدُّ الْجَائِزُ الْمُنْفَصِل دونوں شامل ہیں۔ پہلے لفظ 'راء' پر وقف کرنے کی صورت میں ہم صرف مَدُّ الْبَدَل یعنی دو(٢) حرکات کے ساتھ رکھتے ہیں۔

چوتھی مثال: ﴿مَـَٔابِ﴾[٢]

اس مثال میں چونکہ ھمزۃ ہے اس لیے یہ مَدُّ الْبَدَل ہے۔ جب اس حرف پر وقف کیا جاتا ہے تو حرف مد کے بعد آخری حرف متحرک کو عارضی طور پر ساکن کیا جاتا ہے۔ اس طرح یہ مَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون بھی ہے۔ گویا اس ایک حرف مد میں دو مدود بدل وعارض کا اشتراک ہے۔ اب اگر اس لفظ پر دو حرکات کے ساتھ وقف کرتے ہیں تو یہ مَدّ بِسَبَبَین '(یعنی مَدُّ الْبَدَل اور مَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون) ہے۔ اگر اس لفظ پر(٤) یا پانچ(٦) حرکات کے ساتھ وقف کیا جائے تو پھر یہ صرف مَدُّ الْعَارِض لِلسُّکُون ہے۔ وصل کی صورت میں صرف مَدُّ الْبَدَل استعمال ہوتی ہے۔

---

١ سورة هود آية ٧٠، ٢ سورة الرعد آية ٢٩



المد الطبيعي
المد الفرعي
المد الطبيعي
الألف والياء
والواو المدية
اس میں مد الطبيعي الحرفي
(یعنی حروف حي طهر جو بعض سورتوں
کے شروع میں پائے جاتے ہیں)
بھی شامل ہے.
بسبب همزة
بسبب سكون
حرف مد اور همزہ کا دو الگ
لفظوں میں پایا جانا
ایک ہی حرف میں حرف
مد اور همزہ کا پایا جانا
السكون الأصلي
السكون العارض
المد الازم
حرفي
كلمي
مخفف
مثقل
مخفف
مثقل
المد العارض للسكون
ومد اللين
ان مدودکو دو، چار یا چھ
حرکات کی مقدار پر لمبا
کر سکتے ہیں.
حرف مد کا همزہ کے
بعد پایا جانا
حرف مد کا همزہ
سے پہلے پایا جانا
يلحق بالمد الطبيعي
١. مد الصلة الصغرى
٢. مد العوض
المد الجائز المنفصل
ومد الصلة الكبرى
ان مدودکو چار یا پانچ حرکت
کی مقدار پر لمبا کر سکتے ہیں.
(طریق طيبة النشر میں
ہم اس کو دو حرکت لمبا بھی
کر سکتے ہیں).
المد الواجب المتصل
اس کو چار یا پانچ حرکت کی
مقدار پر لمبا کر سکتے ہیں.
مد البدل
اس کو دو حرکت کی
مقدار پر لمبا کر سکتے
ہیں.
ان مدودکو دو حرکت کی مقدار
پر لمبا کر سکتے ہیں.

آٹھواں باب

كَيْفِيَّةُ حُدُوثِ الْحُرُوف

حروف کیسے ادا ہوتے ہیں؟

قرآن کریم ۱۱۴سورتوں پر مشتمل ہے۔ ہر سورت میں کئی آیات ہوتی ہیں اور ہر آیت میں کئی الفاظ ہوتے ہیں۔ ہر لفظ مختلف حروف پر مبنی ہوتا ہے۔اس لیے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ قرآن کی وضع میں سب سے چھوٹی اکائی (unit) حرف ہے۔علمائے کرام نے حروف کوادا کرنے کا مطالعہ ان کے مخارج اوران کی صفات کے حوالہ سے کیا۔ جب قرآن پڑھنے والا ہر حرف کواس کے حقیقی مخرج سے اس کی تمام تر صفات کے ساتھ ادا کرتا ہے تو پھر وہ قرآن پڑھنے میں اعلیٰ درجے کی مہارت حاصل کر لیتا ہے۔

<u>تَعْرِيفُ الْحَرْف:</u> هُوَ صَوْتٌ يَعْتَمِدُ عَلَى مَقْطَعٍ مُحَقَّقٍ أَوْ مُقَدَّر.

<u>حرف کی تعریف:</u> حرف ایک آواز ہے، جوایک معین یا غیر معین مخرج پر انحصار کرتی ہے۔

حرف کی تعریف سمجھنے کے لیے، ہمیں آواز کے متعلق جاننے کی ضرورت ہے کہ آواز کیا ہے؟:

<u>تَعْرِيفُ الصَّوت:</u> هُوَ تَخَلْخُلٌ وَتَمَوُّجٌ فِي طَبَقَاتِ الْهَوَاءِ تُدْرِكُهُ الْأُذُنُ الْبَشَرِيَّة.

<u>آواز کی تعریف:</u> یہ ہوا میں موجود لہروں کی تیز حرکت ہے، جوانسانی کانوں تک پہنچتی ہے۔

ہوا کی تیز حرکت، جب انسانی پردۂ سماعت سے ٹکراتی ہے تو اس ارتعاش (vibration) یا تیز حرکت کو آواز کہتے ہیں۔

انسانی قوتِ سماعت کا درجہ، ۲۰ سے ۲۰،۰۰۰ (hertz) ہرٹز تک ہے۔ سائنسی اعتبار سے انسانی قوتِ سماعت ۲۰ سے ۲۰،۰۰۰ (hertz) ہرٹز تک کا احاطہ کر سکتی ہے۔ ایک سیکنڈ میں پیدا ہونے والی تیز حرکت (ارتعاش) کو (hertz) کہتے ہیں۔ اگر آواز کی رفتار اس سے کم یا زیادہ ہو تو ہم اسے نہیں سن سکتے۔ اسے ہم الٹراساؤنڈ (ultra-sound) کی مثال سے سمجھ سکتے ہیں۔ عموماً ہوا میں ارتعاش، کئی طریقوں سے پیدا ہوتا ہے، لیکن چار طریقے ایسے ہیں، جن کے ذریعہ آواز انسانی کانوں تک پہنچتی ہے:

1- تَصَادُمُ جِسْمَين: دوجسموں کا ٹکراؤ۔ مثال کے طور پر دونوں ہاتھوں کے آپس میں ٹکرانے سے آواز پیدا ہوتی ہے۔

2- تَبَاعُدُ جِسْمَينِ عَنْ بَعْضِهِمَا وَبَيْنَهُمَا قُوَّةُ تَرَابُط: دوجسموں کا ایک دوسرے سے الگ ہونا، جبکہ ان میں ایک مضبوط بندھن یا تعلق ہو۔ جیسے: سربمہر بوتل کا ڈھکن کھولنا۔

3- اهْتِزَازُ جِسْمٍ مِنَ الْأَجْسَام: اجسام میں سے کسی جسم کا مرتعش ہونا، یا چیزوں میں سے کسی چیز کا ہلنا۔

جیسے: (tuning fork) یا پیانو وغیرہ۔

4- احْتِكَاكُ شَيْءٍ بِشَيْءٍ بِقُوَّة: کسی چیز کو دوسری چیز کے ساتھ زور سے رگڑنا۔

جیسے: صندوق کے سڑک پر گھسیٹے سے آواز پیدا ہوتی ہے۔

تلفظ کا طریق کار جو اللہ تعالیٰ نے انسان کو دیا:

انسان اپنے احساسات کو الفاظ کے ذریعہ بیان کرتا ہے اور یہ الفاظ اصل میں حروف ہی کا مجموعہ ہوتے ہیں۔ جو کبھی ساکن ہوتے ہیں اور کبھی متحرک۔ اور انسانی گفتگو میں حروف کی آواز انہیں چند طریقوں سے بنتی ہے جن کا ذکر پیچھے کیا گیا ہے۔ اس چیز کو نیچے تفصیل سے مزید واضح کیا گیا ہے۔

۱۔ الْحُرُوفُ السَّاكِنة　ساکن حروف

ا) تَحْدُث بِالتَّصَادُمِ بَيْنَ طَرَفَيْ عُضْوِ النُّطْق.

حروف الساکنہ مخارج کے دو اجزاء کے تصادم یا ٹکراؤ سے واقع ہوتے ہیں۔ ان کو ادا کرنے کے لیے منہ یا جبڑے کی کوئی حرکت شامل نہیں ہوتی۔ یہ اُصول تمام ساکن حروف کے لیے ہیں۔ سوائے حُرُوفُ الْمَدِّ وَ حُرُوفُ اللِّين اور حروف الْقَلْقَلَة کے (جن کا ذکر آگے آرہا ہے)۔ اس کی مثال ہمیں لفظ (أَمْ)[1] سے مل سکتی ہے۔ اس لفظ میں حرف 'میم' دونوں ہونٹوں کے تصادم سے ادا ہوتا ہے۔

ب) تَخْرُجُ بِاهْتِزَازِ الْحِبَالِ الصَّوتِيَّةِ فِي الْحَنْجَرَةِ وَلَا تَخْرُجُ بِالتَّصَادُمِ بَيْنَ طَرَفَيْ عُضْوِ النُّطْق.

حروف المدّ اور حروف اللّین حلق میں موجود آواز کی رگوں کی تیز حرکت یا ارتعاش (vibration) کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ مخرج کے دو اجزاء کے تصادم سے نہیں۔ اس میں صرف حُرُوفُ الْمَدِّ وَ حُرُوفُ اللِّين آتے ہیں۔ حروف المد وحروف اللین کے لیے منہ اور جبڑے کی حرکت بھی شامل ہوتی ہے۔ الِف مَدِّيَّة کے لیے منہ کو اوپر کی طرف کھولا جاتا ہے، جبکہ واو مَدِّيَّة کے ساتھ دونوں ہونٹوں کی گولائی شامل ہوتی ہے۔ یعنی دونوں ہونٹوں کو ایسے گول کیا جائے کہ ان کے درمیان ایک چھوٹا سا گول دائرہ بن جائے۔ یاء مَدِّيَّة کے لیے جبڑے کو نیچے کی طرف حرکت دی جاتی ہے۔ مزید سمجھنے کے لیے ہم درج ذیل الفاظ کی مثالیں دیکھ سکتے ہیں:

(هَٰٓؤُلَآءِ)[2]،　(ٱلسُّوٓءِ)[3]،　(قُرَيْشٍ)[4]

خلاصہ یہ کہ حُرُوفُ الْمَدِّ وَ حُرُوفُ اللِّين کی آواز، حلق میں موجود آواز کی رگوں کے ارتعاش سے پیدا ہوتی ہے اور اس میں منہ اور جبڑے کی حرکت بھی شامل ہوتی ہے۔

---

[1] سورة البقرة آية ٦　[2] سورة البقرة آية ٣١　[3] سورة النساء آية ١٧　[4] سورة قريش آية ١

۲۔ الْحُرُوف الْمُتَحَرِّكَة متحرک حروف

تَخْرُجُ بِاتَّبَاعُدِ بَيْنَ طَرَفِيْ عُضْوِ النُّطْق.

متحرک حروف مخرج کے دو اجزاء کے جدا ہونے سے وجود میں آتے ہیں۔ تمام متحرک حروف کی آواز اسی طرح پیدا ہوتی ہے۔ متحرک حروف کی آواز میں جب مخرج کے دو حصے ایک دوسرے سے الگ ہوتے ہیں تو اس کے ساتھ منہ اور جبڑے کی حرکت بھی شامل ہوتی ہے۔

متحرکات تین ہیں: فَتْحَة (زبر)، ضَمَّة (پیش)، كَسْرَة (زیر)

۱) فَتْحَة انْفِتَاح لِلْفَم منہ کو اوپر کی طرف کھولنا

۲) ضَمَّة انْضِمَام لِلشَّفَتَين ہونٹوں کا دائرہ بنانا

۳) كَسْرَة انْخِفَاض لِلْفَك جبڑے کو نیچے کی طرف لیجانا

اس کی مثال ہمیں بَ ، بِ، بُ کی آواز سے مل سکتی ہے۔ بَ دونوں ہونٹوں اور منہ کو کھولنے سے واقع ہوتا ہے۔ بُ دونوں ہونٹوں کے جدا کرنے اور ان کو گول کرنے سے واقع ہوتا ہے۔ بِ دونوں ہونٹوں کو جدا کرنے اور نچلے جبڑے کو نیچے کی طرف کرنے سے واقع ہوتا ہے۔

دراصل تمام حرکات کی آواز، اس کی اصل کا مختصر ہوتی ہے۔ ألف کی اصل فتحة، واو مدّية کی اصل ضمة اور یاء مدّية کی اصل كسرة ہے۔ قاری کو ان حرکات کو غلط ادا کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے۔ جیسے کسرة کو فتحة اور کسرة کے درمیان ادا کرنا۔ فتحة کے لیے منہ اوپر کی طرف کھولا جاتا ہے، جبکہ بعض قاری فتحة کو ادا کرنے کے لیے ہونٹ اطراف کی طرف پھیلا دیتے ہیں، جسکے نتیجہ میں اِمالة ہوجاتا ہے جو کہ غلط ہے۔ امالة سے مراد ٹیڑھا یا ترچھا کرنا ہے اس میں 'آ' کے بجائے آواز 'اے' کی پیدا ہوتی ہے۔ اس طرح کئی پڑھنے والے ضمة کو ادا کرنے کے لیے اپنے ہونٹوں کو پوری طرح گول نہیں کرتے، جسکے نتیجے میں نکلنے والی آواز انگریزی کے حرف (o) کی طرح سنائی دیتی ہے۔ ایک اور غلطی جو پڑھنے والوں میں پائی جاتی ہے کہ وہ کسرہ کو مکمل کرنے کے لیے اپنے نچلے جبڑے کو نیچے کی طرف حرکت نہیں دیتے، جسکے نتیجہ میں غلط آواز نکلتی ہے۔ ان تمام غلطیوں سے بچنا بہت ضروری ہے اور اس کے لیے ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے منہ کو سست ہونے سے بچائیں اور حروف کو درست ادا کرنے کے لیے ان کی حرکات کو درست طور پر ادا کریں۔

حرکات اور حروف کی ادائیگی کی تحقیق، علم تجوید میں بڑی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ اس کا تعلق تمام عربی حروف تہجی (جو ۲۹ ہیں) سے ہے۔ حرکات کی آواز کو درست ادا کرنے کے لیے ہمیں انتہائی محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ اس کے ساتھ ہی حرفِ ساکن کو متحرک بنانے سے بھی محتاط رہنا چاہیے۔

مثال کے طور پر لفظ (تُبْتُمْ) [1]۔ اس میں حرف 'تاء' پر ضمة ہے اس کے بعد 'باء' پر سکون اور پھر اگلی 'تاء' پر بھی ضمة ہے۔ ہمیں پہلی 'تاء' کا ضمة یقینی طور پر مکمل کرنے کے بعد 'باء' ساکنہ کے لیے منہ کو واپس اپنی اصلی حالت پر لانا پڑے گا کیونکہ حرف ساکن کے لیے منہ کی حرکت نہیں ہوتی۔ اس کے بعد اگلی 'تاء' کے لیے دوبارہ ہونٹوں کو گول کیا جائے گا کیونکہ اس پر ضمة ہے اور اس کے بعد چونکہ میم ساکنہ ہے اس لیے منہ کو دوبارہ اپنی اصلی حالت میں واپس لایا جائے گا۔

علامہ قاری شهاب الدين الطيبي إِتْمَامُ الْحَرَكَاتِ کے بارے میں لکھتے ہیں:

وَكُلُّ مَضْمُومٍ فَلَنْ يَتِمَّا إِلَّا بِضَمِّ الشَّفَتَيْن ضَمَّا

کوئی ضمة مکمل نہیں ہوتا جب تک کہ دونوں ہونٹوں کو مکمل طور سے مضموم (یعنی گول) نہ کیا جائے۔

وَذُو انْخِفَاضٍ بِانْخِفَاضٍ لِلْفَمِ يَتِمُّ ، وَالْمَفْتُوحُ بِالْفَتْحِ افْهَمِ

اور اسی طرح ہر انخفاض (یعنی وہ حرف جس پر کسرہ ہو) پر جبڑے کو مکمل طور سے انخفاض (یعنی نیچے) کیا جائے، اور فتحة پر منہ کو کھولا جائے۔ (ان باتوں کو تم) سمجھ لو۔

إِذِ الْحُرُوفُ إِنْ تَكُنْ مُحَرَّكَهْ يَشْرَكُهَا مَخْرَجُ أَصْلِ الْحَرَكَهْ

اگر حروف متحرک ہوں تو ان کے ساتھ اس حرکت کا اصل مخرج شامل ہوتا ہے۔

أَيْ مَخْرَجُ الْوَاوِ وَمَخْرَجُ الْأَلِفْ وَالْيَاءُ فِي مَخْرَجِهَا الَّذِي عُرِفْ

خواہ حرف واؤ کا مخرج ہو یا الف اور یاء کا جن سے آپ واقف ہیں۔

فَإِنْ تَرَ الْقَارِئَ لَنْ تَنْطَبِقَا شِفَاهُهُ بِالضَّمِّ كُنْ مُحَقِّقَا

اگر آپ کوئی قاری دیکھیں جو ان کو پورا نہ کرتا ہو تو اسے چاہیے کہ دونوں ہونٹوں کو مکمل طور پر گول کرے۔

---

[1] سورة البقرة آية ۲۷۹

بِأَنَّهُ مُنْتَقِصٌ مَا ضَمًّا وَالْوَاجِبُ النُّطْقُ بِهِ مُتَمَّا

کیونکہ اگر ضمہ ناقص ہے تو اسے مکمل کرنا واجب ہے۔

كَذَاكَ ذُو فَتْحٍ وَذُو كَسْرٍ يَجِبْ إِتْمَامُ كُلٍّ مِنْهُمَا افْهَمْهُ تُصِبْ

اسی طرح فتحۃ اور کسرہ کو مکمل کرنا بھی واجب ہے۔

تمام حرکات کو اچھی طرح سمجھ لو تا کہ صحیح طریقہ کار اختیار کر سکو۔

نواں باب

آلِيَةُ الْقَلْقَلَة

قلقلہ کی ساخت

آلِيَةُ الْقَلْقَلَة قلقلہ کی ساخت

وہ حروف جو بغیر کسی حرکت کے ہوں (یعنی حروفِ ساکنة) ان کی آواز دو اجزاء کے تصادم سے واقع ہوتی ہے (بِالتَّصَادُمِ بَيْنَ طَرَفَي عُضْوِ النُّطْق) جبکہ متحرک حروف دو اجزاء کے جدا ہونے سے واقع ہوتے ہیں (بِالتَّبَاعُدِ بَيْنَ طَرَفَي عُضْو النُّطْقِ) ۔ حُرُوفُ الْمَدِّ وَحُرُوفُ اللِّين گلے میں موجود آواز کی رگوں کے ارتعاش سے پیدا ہوتے ہیں (بِإهْتِزَازِ الْحِبَال الصَّوتِيَّةِ فِي الْحَنْجَرَةِ) ۔حروف کی آواز کو جاری رکھنے کی مقدار کے لحاظ سے ان کو تین (۳) مجموعوں میں تقسیم کیا گیا ہے:

حُرُوف الشِّدَّة: قوی حروف

جب یہ حروف ساکن ہوتے ہیں تو ان کو ادا کرتے وقت آواز بالکل بھی جاری نہیں رہتی۔ بلکہ ادا کرتے وقت ان کا مخرج مکمل طور سے بند ہوجاتا ہے جیسے: أبْ یا یَأْتُونَ ۔یہ کل آٹھ (۸) حروف ہیں جن کا مجموعہ: أَجِدْ قَطٍ بَكَتْ ہے۔جیسا کہ جزرية میں اس کا بیان اس طرح کیا گیا ہے شَدِيدُهَا لَفْظُ أَجِدْ قَطٍ بَكَتْ۔

حُرُوف التَّوَسُّط: درمیانی حروف

ان حروف میں شدت اور رخاوت (نرمی) کی درمیانی صفت پائی جاتی ہے،یعنی آواز نہ تو مکمل طور پر بند ہوتی ہے نہ ہی دیر تک جاری رہتی ہے۔ یہ کل پانچ (۵) حروف ہیں جنکا مجموعہ: لِنْ عُمَر ہے۔جیسا کہ جزرية میں اس کا بیان اس طرح کیا گیا ہے وَبَين رِخوِ والشَّدِيدِ لِن عُمَر۔

حُرُوف الرِّخْوَة : نرم حروف

یہ حروف جب ساکن ہوتے ہیں تو ان کو ادا کرتے وقت آواز واضح طور پر جاری رہتی ہے۔

جیسے: أَخْ ، أَفْ، أَسْ۔شدة اور توسط کے حروف نکال کر بقیہ تمام حروف رخوة کے ہیں۔

اَلْقَلْقَلَة

لفظ قُطْبُ جَدٍ قلقلہ کے پانچ (۵) حروف کا مجموعہ ہے اور یہ تمام حروف شدۃ کے مجموعی حروف یعنی أَجِدْ قَطٍ بَكَتْ میں پائے جاتے ہیں۔ اگر ہم قلقلہ کے ان پانچ حروف میں سے کسی ایک حرف کو بھی ساکن حالت میں ادا کرنے کی کوشش کریں تو ہم مخرج کو مکمل طور پر بند پاتے ہیں، جس سے حرف کو ادا کرنے میں دقت محسوس ہوتی ہے، کیونکہ آواز مخرج کے پیچھے قید ہو جاتی ہے۔ دوسری طرف یہی حروف جب متحرک ہوتے ہیں تو ان کو ادا کرنے میں کوئی دقّت یا رکاوٹ محسوس نہیں ہوتی کیونکہ متحرک حروف مخرج کے دو اجزاء کے الگ ہونے سے ادا ہوتے ہیں۔

حروفِ قلقلہ کو ادا کرنے میں دقّت اور مشکل کی وجہ سے عربوں نے حروفِ ساکنہ کا اصول توڑ دیا جو بِالتَّصَادُمِ بَيْنَ طَرَفَيْ عُضْوِ النُّطْقِ ہے۔ اب یہ پانچ حروف قلقلہ تَصَادُمِ کی بجائے تَبَاعُدِ سے ادا کیے جاتے ہے، بالکل حروف متحرک کی طرح، لیکن ان کے ساتھ منہ یا جبڑے کی کوئی حرکت شامل نہیں ہوتی جو کہ حروف متحرک کے ساتھ شامل ہوتی ہے۔

نیچے دیے گئے چارٹ میں اَلْحُرُوفُ الْقَلْقَلَة کا اَلْحُرُوفُ الْمُتَحَرِّكَة اور اَلْحُرُوفُ السَّاكِنَة سے موازنہ کیا گیا ہے۔

اَلْحُرُوف السَّاكِنَة	اَلْحُرُوف الْقَلْقَلَة	اَلْحُرُوف الْمُتَحَرِّكَة
تَخْرُج بِالتَّصَادُمِ بَيْنَ طَرَفَيْ عُضْوِ النُّطْق حروف ساکنہ مخارج کے دو اجزاء کے تصادم یا ٹکراؤ سے واقع ہوتے ہیں۔	تَخْرُج بِاتَّبَاعُدِ بَيْنَ طَرَفَيْ عُضْوِ النُّطْق حروف قلقلہ مخرج کے دو اجزاء کے جدا ہونے سے واقع ہوتے ہیں۔	تَخْرُج بِاتَّبَاعُدِ بَيْنَ طَرَفَيْ عُضْوِ النُّطْق حروف متحرکہ مخرج کے دو اجزاء کے جدا ہونے سے واقع ہوتے ہیں۔
لَا يُصَاحِبُه شَيْء منہ یا جبڑے کی کوئی حرکت شامل نہیں ہوتی۔	لَا يُصَاحِبُه شَيْء منہ یا جبڑے کی کوئی حرکت شامل نہیں ہوتی۔	يُصَاحِبُه شَيْء منہ کو اوپر کی طرف کھولنے سے ادا ہوتے ہیں۔ اِنْفِتَاح لِلْفَم منہ کے کھلنے سے ادا ہوتے ہیں اِنْضِمَام لِلشَّفَتَين دونوں ہونٹوں کو گول کر کے ادا کیے جاتے ہیں۔ اِنْخِفَاض لِلْفَك السُّفْلَى جبڑے کو نیچے کی طرف کر کے ادا کیے جاتے ہیں۔

چارٹ کی مدد سے ہم دیکھ سکتے ہیں کہ حروفِ قلقلہ اور حروفِ ساکنہ میں یہ بات مماثلت رکھتی ہے کہ دونوں کو ادا کرتے وقت منہ اور جبڑے کی کوئی حرکت شامل نہیں ہوتی۔ دوسری طرف یہ ایک دوسرے سے مختلف اس لحاظ سے ہیں کہ حروف قلقلہ تباعد (جدائی) سے ادا ہوتے ہیں، جبکہ حروف ساکن تصادم (ٹکراؤ) سے ادا ہوتے ہیں۔ حروفِ قلقلہ اور حروفِ متحرک میں مماثلت یہ ہے کہ دونوں تباعد (جدائی) سے ادا ہوتے ہیں اور مختلف اس لیے ہیں کہ حروف قلقلہ میں منہ اور جبڑے کی کوئی حرکت شامل نہیں ہوتی، جبکہ متحرک حروف میں ہوتی ہے۔

قلقلہ کی تعریف:

تَعرِيفُهُ فِي اللُّغَة: الاضطِرَاب لغت میں اس کی تعریف: خلل پیدا کرنا

تَعْرِيفُهُ فِي الاصْطِلَاحِ: اضْطِرَابُ الْحَرْفِ حَالَ سُكُونِهِ حَتَّى تُسْمَعَ لَهُ نَبْرَةٌ قَوِيَّةٌ حَيْثُ يَخْرُجُ بِالتَّبَاعُدِ بَيْنَ طَرَفَي عُضْوِ النُّطْقِ لَا بِالتَّصَادُمِ دُونَ أَنْ يُصَاحِبَ ذَلِكَ انْفِتَاحٌ لِلْفَمِ أَوْ انْضِمَامٌ لِلشَّفَتَيْنِ أَوْ انْخِفَاضٌ لِلْفَكِّ السُّفْلَى.

اصطلاح میں قلقلہ کی تعریف: سکون کی حالت میں حرف کا خلل پیدا کرنا، یہاں تک کہ اس پر ایک زوردار آواز سنائی دے۔ قلقلہ دو اجزاء کے جدا ہونے سے ادا ہوتا ہے، نہ کہ دو اجزاء کے ٹکراؤ سے اور اس میں منہ کا کھلنا یا ہونٹوں کا گول کرنا یا جبڑے کو نیچے کی طرف حرکت دینا شامل نہیں ہے۔

حروف قلقلہ، فتحة، ضمة یا کسرة سے مشابہت نہیں رکھتے اور نہ ہی یہ اپنے سے پہلے یا بعد میں آنے والے حرف کی حرکت کے تابع ہوتے ہیں۔ اگر قلقلہ کے کسی حرف پر تشدید ہو تو اس حالت میں تشدید کا پہلا حرف، جو کہ ساکن ہے وہ تصادم (ٹکراؤ) سے ادا ہوتا ہے۔

مثال: ﴿ٱلْحَقَّ﴾[1]، ﴿ٱلْحَجُّ﴾[2].

اگر ہم ان دی گئی مثالوں پر وقف کریں تو اس صورت میں لفظ الحقّ میں پہلا قاف تصادم (قلقلہ کے بغیر) اور دوسرا تباعد سے (قلقلہ کے ساتھ) ادا ہوتا ہے۔ اور اس کے ساتھ منہ یا جبڑے کی حرکت ساتھ شامل نہیں ہوتی۔ لفظ الحجّ میں جیم کی مثال بھی قاف کی طرح ہوگی جو کہ لفظ الحقّ میں ہے۔

---

[1] سورة البقرة آية ٤٢، [2] سورة البقرة آية ١٩٧

نیچے دیے گئے چارٹ میں حروف قلقلہ کو ادا کرنے کی مختلف کیفیات بیان کی گئی ہیں۔

حُرُوف اَلْقَلْقَلَة

سَاكِنَة مُدْغِمَة
حرف ساکن مشدد

بِالتَّصَادم: عَلَى الْقَاعِدَة الأَصْلِيَّة فِي إِخْرَاج الْحُرُوف السَّاكِنَة، وَدُون قَلْقَلَة

تصادم کے ساتھ: قاعدہ کے مطابق ساکن حرف کو قلقلے کے بغیر ادا کرنا۔

مثال: ﴿وَتَبَّ﴾[1]

سَاكِنَة غَير مُدْغِمة
حرف ساکن غیر مشدد

بِالتَّبَاعُد: مُخَالِفَة لِلْقَاعِدَة، دُونَ أَن يُصَاحِبُ ذَلِكَ فَتح أَوْ ضَمّ أَوْ خَفض، مَعَ الْقَلْقَلة

تباعد کے ساتھ: قاعدہ کے خلاف منہ کو کھولے بغیر یا دونوں ہونٹوں کو گول کیے بغیر یا جبڑے کو نیچے کیے بغیر قلقلہ کے ساتھ ادا ہوتا ہے۔

مثال: ﴿كَسَبَ﴾[2]

مُتَحَرِّكَة
متحرک حروف

بِالتَّبَاعُد: مَعَ مُصَاحِبة الْحَرَكَة: فَتح أَوْ ضَمّ أَو خَفْض

تباعد کے ساتھ: منہ یا جبڑے کی حرکت کے ساتھ: فتحة یا ضمة یا کسرة۔

مثال: ﴿أَبِى﴾[3]

---

[1] سورة المسد آية ١، [2] سورة المسد آية ٢، [3] سورة المسد آية ١

قلقلہ کی دو اقسام ہیں: اَلْقَلْقَلَةُ الصُّغْرىٰ واَلْقَلْقَلَةُ الْكُبْرىٰ

اَلْقَلْقَلَةُ الصُّغْرىٰ: جب حرفِ قلقلہ لفظ کے درمیان یا لفظ کے آخر میں ہو اور اس لفظ پر وقف کرنے کی بجائے اسے اگلے حرف یا لفظ سے ملا کر پڑھا جائے۔

اَلْقَلْقَلَةُ الصُّغْرىٰ کی مثالیں: ﴿قَدْ أَفْلَحَ﴾[۱]، ﴿يُطْعِمُونِ﴾[۲]

اَلْقَلْقَلَةُ الْكُبْرىٰ: جب حرفِ قلقلہ لفظ کے آخر میں آئے اور اس لفظ پر وقف بھی کیا جائے۔

اَلْقَلْقَلَةُ الْكُبْرىٰ کی مثالیں: ﴿وَالطَّارِقِ﴾[۳]، ﴿اللَّهُ الصَّمَدُ ﴿٢﴾﴾[۴]

ابن الجزري نے حروف قلقلہ کے بارے میں فرماتے ہیں:

وَبَيِّنَنْ مُقَلْقَلاً إِنْ سَكَنَا وَإِنْ يَكُنْ فِي الْوَقْفِ كَانَ أَبْيَنَا

حرف قلقلہ کو ظاہر کر کے پڑھو اگر وہ ساکن ہوں اور وقف میں یہ اور زیادہ واضح ہو جاتے ہیں۔

---

۱ سورة المؤمنون آية ١، ۲ سورة الذاريات آية ٥٧، ۳ سورة الطارق آية ١، ۴ سورة الإخلاص آية ٢

حوالے

1- القرآن الكريم

2- هداية القاري الى تجويد كلام الباري
للشيخ عبد الفتاح السيد أعجمي المرصفي

3- أشرطة تجويد للشيخ د. أيمن رشدى سويد

4- نهاية القول المفيد في علم التجويد
للشيخ محمد مكي نصر رحمه الله تعالى.

5- منظومة: المقدمة فيما يجب على قارئ القرآن أن يعلمه
امام الحفاظ وحجة القراء: محمد ابن محمدابن محمد
ابن علي ابن يوسف ابن الجزري

6- شرح المقدم متن الجزرية في علم التجويد
شيخ الاسلام زكريا الأنصاري المتوفى ٩٢٦ الهجرة.

7- محترمہ شیخہ ریحاب شققی کے ساتھ صلاح مشورے۔

8- صريح النص في الكلمات المخصوصة فيها عن حفص
للشيخ محمد علي الضباع رحمه الله تعالى

9- منظومة تلخيص صريح النص في الكلمات المخصوصة فيها عن حفص
للشيخ عبد العزيز عيون السود رحمه الله تعالى.

10- شرح منظومة تلخيص صريح النص في الكلمات المخصوصة فيها عن حفص
للشيخ د. أيمن رشدى سويد

11- أحكام قراءة القرآن الكريم
للشيخ محمود خليل الحصرى رحمه الله تعالى

حاشیه